تمت

ماشاء الله لا قوة الا بالله
الحمد للعزیز العلام کہ رسالہ قامع شرک و بدعت ہادی المضلین المسمے بہ
منجی المؤمنین
۱۳۰۹
باہتمام شیخ محی الدین تاجر کتب و مہتمم مطبع صدیقی لاہور
در مطبع صدیقی واقع لاہور مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہزار ہا شکر اُس خداوند واحد کا جس نے محمد رسول اللہ کے وسیلے سے ہمکو لا الہ الا اللہ کے معنون سے آگاہ کر کے کفر و شرک کے ظلمات سے بچایا اور توحید کی سیدھی راہ پر چلایا اور درود و سلام اُس کے رسولون کے سردار پر جس نے محمد رسول اللہ کا مضمون ہمین تعلیم فرما کر بدعتی بناوٹی آبائی بد رسمون سے نکالکر پاک سُنّی بنایا۔ اور اُنکی آل و اصحابؓ پر اور جمیع احباب پر جن کی کوشش سے سنت و ہدایت کی بنا مضبوط ہوئی اور بدعت و ضلالت کی بیخ و بنیاد کُھد گئی **اما بعد** خدمت مین اہل انصاف و یقین و تحقیق کرنے والے مسائل دین کے بندہ گنہگار خاکسار نعلین تابعان رسول الثقلین **قاضی محمد حسین ساکن اچرا ضلع مالوان** عفی اللہ عنہ کی التماس یہہ ہے کہ اس سال مین جو ۱۲۸۱ھ ہجری ہے احمد نگر مین وعظ کا بڑا چرچا ہوا اکثر لوگ راہ رست کی طرف رجوع ہونے لگے تھے سو بعضے حق پوش گندم نما جو فروش نے مانع الخیر بنکر وعظ موقوف کرنے کے لیے بڑا زور و شور مچایا وہان کی خبرین مختلف سننے مین آئی تھین مگر جب خود حضرت پیر و مرشد راہبر و راہ نما **مولوی نور الہدے صاحب** کی تحریر سے تحقیق ہوا تو معلوم ہوا کہ مخالفون نے ایک سچ مین دس جھوٹ ملا کر مسلمانون کے دلون کو وحشت زدہ و پریشان کر رکھا تھا اور اس اثنا مین فتح کے نقارچیون سے کئی سوال و جواب تحریر و تقریر سے ہوئے چاہا کہ ان سب کو قلمبند کر رکھے تا کہ مسلمانون کا رفع ہوا اور تہمت و افترا جھوٹون کا دفع ہو جب اصل اس فساد کا بیجا دیکھا تو مسئلہ مَا اُہِلَّ

لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ ونذر لِغَیْرِ اللّٰہِ وزیارت قبور وغیرہ کا اس عاصی نے حضرت ممدوح سے اُن مسائل کو لیکر اسمین شامل کیا اور اسکا نام **منجی المؤمنین من کید الحاسدین** اور جواب وسوال کا رسالہ جدا اُسکا نام **دفع البہتان فی رد وسواس الشیطان** رکھا الحق یہ دونون نسخے عجیب نافع ونشک وبہتان کے دافع ہین اہل توحید وسنت کے لیے مشارق الانوار وبدعتیون کے حق مین حارق الاشرار ہین اس طوفان بے تمیزی مین اسکا مطالعہ وسیلہ نجات اور ایسے وقت پُر آفت مین اُسکا پاس رکھنا تعویذ دفع اتہامات ہے جو مسلمان اوسکو نظر تحقیق سے دیکھیگا اُسکا شک وشبہ بالکل دفع ہوگا اور مکاردن کا مکر اور حاسدون کا حسد اور حق پوشون کی جعلسازی وفتنہ انگیزی وشرر ریزی سے بخوبی واقف ہوکر مسلمانون کی بدگمانی سے بچے گا اور اپنا ایمان فریبیون کے ہاتھہ سے بچائیگا اسواسطے کہ آخری زمانہ ہے اسلام اور اہل اسلام ضعیف ہین بدعتیون کی دہوم ہے سنیون پر تہمتون کا ہجوم ہے وَاللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ بات یہ ہے کہ ان دنون مین چند نفسانی لوگون نے حقانیون پر کئی تہمتین باندہکر رہزن طریق ہدایت وپیشوائی راہ ضلالت کے ہوئے اور بعضی کور باطنون نے واسطے فریب دہی عوام کے اور تفرقہ ڈالنے درمیان دین اسلام کے رسالہ نویسی شروع کی اسکا نام ردوہابی رکھا اسلیے کہ جعلساز خفاش منشون کو نور ہدایت سے تکلیف ہوتی ہے اور فسق وفجور کی ظلمت کو رواج پانے سے سرور اسواسطے نہایت پیچ وتاب کھاکے نور ہدایت کو بجہانے کے درپے ہوتے ہین اور اس ابلہ فریبی کو قابلیت سمجہکر نافہمون کی راہ مارتے ہین شاہراہ سنت کی چھوڑکر بدعتیون کی تنگ گلیون مین پہنساتے ہین بعضے ملحد صوفیون کی لباس مین چلہ پرستی کے جواز کا رسالہ لکھتے ہین کتنے جاہل عالم نما ناواقفون کو شبہہ مین ڈالتے ہین اور شب وروز ملت بیضا کی انوار کو بجہانے مین مصروف رہتے ہین اگر کوئی سُنی سنتون کے رواج دینے اور بدعتون کے مٹانے پر مستعد ہووے تو دے دین کے دشمن شک ووہم کے کانٹے راہ مین بچہاتے ہین پچ مچ جغدانہ و ماؤ ماؤ عزبانہ ناحق مچاتے ہین جیسا بوم کو آبادی نہین بہاتی ایسے ان الوؤن کو دین کی آبادی خوش نہین آتی **نظم**

دیکھکر نائبان ہمدسے کو	جل گئے وارثان سفیانی	حقین آل نبی کے منبر پر
بیٹھے جھک مارتی ہین مروانی	دین کے دشمنون کا خانہ خراب	جس نے اسلام کی ہے ویرانی

ابیات

[illegible]

برجگر گوشۂ رسول یہ آب
ہند کی رسم یہ ہے قربانی
انکی شادی سے شرک و بدعت مین
دل مین سب کفر و شرک پنہانی
حق کی طاعت کو جاننا دشوار
آپ کہلا ۓ حاتم ثانی
شاہ جیلان کے امر سے بیزار
ہنین بہاتی ہے وضع ایمانی
خارجی کا سا سیدون سے بغض
رکہنا عشق کلام ربانے
ذکر اور فکر اس قدر کرنا
بے محابا نہ رہنا نورانے
سب کو مصحف سنانا اور حدیث
گبر سے لیکر تا بہ نصرانی
اور اُمرا جو دشمن اسلام
پائے جنگی بہادری خانے
کر رہی ہے جہال ملا ۓ
ظالمون کی ہے تیز دندانی
جمع ہو یہ فریق تفرقہ کیش
پھر انہین کیا ہے غم مسلمانی
نام عبد النبی غلام علی
غیر کو پوجنا یا سانے
دین مین کوڑی خرچ ہووے تو
نام کیا ہے غلام جیلانی
انکا سب قول فعل اور تقریر
رافضی کیسی تہمتین لانی
ذکر اللہ پاک کا ہر دم
کہ ہو تحصیل حب ایمانی
شرک و بدعت کو توڑ کر ہر دم
خواہ ایرانی ہو کہ تورانی
بچنا پیر و فقیر و ملا سے
دین کے گہر کی اون سے ویرانی
اون پہ مرتے ہین شیخ اور ملا
نیست ملا تو اور ملا نے
یہہ جگر خوار سید الشہداء
کی عجب دین کی پریشانی
جیسے سے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
کام دیکہو تو سارے شیطانی
مال کر صرف شرک بدعت مین
کہنا اُنسیہ فواہی خوانی
ہے انہین سنت رسول سے ضد
ہے سراپا فریب شیطانی
ہے طریق اتباع مصطفوی
نقش دل کرنا وعظ قرآنی
پہاڑ کر ہر حجاب ظلمت کو
کرنی ترویج دین حقانی
دین پہ کرنا خلق کے دعوت
کہ یہ تینون ہین آفت جانی
انکی دولت مین ہر مخالف دین
کیا کہون اُن کی مرثیہ خوانی
جو علمار کہ ان بدعت پسندون

کے مجتہد اور طرفدار ہین اور جو مشائخ و فقرا کہ ان کے پیر و ولی ہین ان کا حال اُنپر کہل گیا ہے کہ کیسی کیسی جعلسازیان کرتے ہین اور اپنے مطلب کے وقت بلی کا پاؤن کتے پر اور نیم کی چہال گولر پر چڑہاتے ہین کسینے نواب کو منطق کے زور سے انگوری شراب کے سوا سب شرابین حلال کر دین ایک نے حکم دیا کہ تم سے روزہ رکہا نہین جاتا تو روز دس روپیہ کفارہ دیا کرو اور روزہ مت رکہو ایک نے کہا حج کے سفر مین بڑی زحمت ہے دو ہزار روپیہ کسیکو دیکر نیابۃً حج کروا لو ایک نے ایک جسیم امیر کو بسبب مٹاپے کے روزہ نماز ادا نہ ہونے کے سبب آٹھ دن کی نماز ایک دم پڑہنے کی اجازت دیا ایک

دیا ایک نے سر دربار پنا کلمہ لا الٰہ الا اللہ عظیم جاہ ظل اللہ پڑہا اور معاذ اللہ رسول اللہ کے معنے قلمبان
بتایا اور ایک نے شطر المسجد الحرام کے معنے شطرنج فقط مسجد مین حرام ہے کہا ایک صدر کوتے خیالی
نے دل بہلانے کے لیے ورق الخیال کا شربت امیر امرا کے لیے مباح کہا ایک شتر مرغ
کی خاصیت والے نے اس ملک کو دار الحرب ٹھیرا کر بیاج کہانے کا فتوے دیا ایک
آدہے تیتر آدہے بیٹر نے حاکمان زمان کی خوشامد سے مسٹر لیبٹ کے روبرو حضرت
بی بی مریم کو لاکہہ درجہ حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا سے افضل کہا اور پہر اوس نے غلام
علی رافضی کی خوشامد سے کہا کہ عیسے علیہ السلام اگر حسین علیہ السلام کے زمانے مین ہوتے
تو حسینؑ کی جوتیان بغل مین داب کر رکاب مین دوڑتے کسی قاضی عقل کے دشمن نے امیر
کی خوشامد سے جو اُس نے ایک عورت کماشنی کو بلا نکاح اپنے گہر مین رکہا تہا کہا کہ کافرہ سے زنا
ثابت نہین ہوتا اور ایک مجتہد نے آدمی کے ہاتہہ پاؤن کٹے ہوئے پر نماز جنازہ فرض کہا
کسی حاضر الوقت نے پوچہا کیا حضرت عثمانؓ کے چمڑے پر بہی کہا ہان جی ہان اور پہر جو چقندر
کی شراب ہوتی ہے اوسکو اَلْبِیْرُ کَمَاءِ الْبِیْنِ کہا اور ستہ شوال کے روزون کو حرام
کہا ایک نے بے شہود نکاح کو درست بتایا ایک نے کہا ملا علی قاری نے [illegible]
کے معتقد کو کافر کہا ایک خارجی نے کہا کہ حسین اپنی سرکشی سے آپ مارے گئے اور قیامت
تک کا فساد چہوڑ گئے ایک نے شاہ عبد العزیز کو جن کو عرب کے علماء شمس الہند لکہتے ہین
اون کی تفسیر مین وَمَا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ کی تفسیر سے خفا ہو کر واہی کہہ بیٹہا ایک بڑے حضرت
کے گہر چڑہتے ہوئے سو کسی نے پوچہا یا حضرت کیا یہ رسم درست ہے جواب دیا درست تو نہین مگر
جو عورتون کو منع کرون تو کلمہ کفر بکتی ہین ایک سلطان الواعظین نے میسور کے راجا کی بابت
سورۂ بقرہ مین سے گائے کی فضیلت بیان کر کے دو ہزار روپیہ لیا ایک نے کسی امیر کی بہن کی
بینیون کو جو کسی پیر کی نیاز کی بنا کر بانٹتے تہے اوسکو حضرت کے نعلین کے تپہر سے نسبت
دیکر جواز فرمایا اور راجا کے دربار مین کہا کہ گلال اڑانا وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ سے ثابت کر
دیتا ہون ایک حقہ پینے والے مولوی نے حقے کے پانی سے وضو درست کر دیا ایک ناس لینے
والے ستیا ناس نے قل اعوذ برب الناس سے ناس لینا ثابت کر دیا ایک نے لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ

کی آیت سے نماز پڑھنی منع فرمایا ایک امام نے تین نمبرداروں کی خوشامد سے صحف ابراہیم و سلیمان و موسیٰ پڑھا ایک
قادریہ طریق والے پیر پرست نے حضرت پیران پیر کی تعریف میں بے اصل نقلیں و روایتیں تراش کر کتاب لکھی ہے
کہ حضرت پیر کی گیارہویں کھانیکی ہڈی کو کوے نے ایک گنہگار کی قبر پر ڈالا تو عذاب موقوف ہوا اور حضرت
پیر نے عزرائیل کو طمانچہ مار کر روحوں کی زنبیل چھین لی سو لاکھوں مردے جی گئے عزرائیل نے خدا سے فریاد کی
تو جواب ملا تو نے اسے کیوں ضد کی وہ چاہے تو سب مردوں کو جلادے میں اسکے مقدمہ میں کچھ کہہ نہیں سکتا اور
حضرت پیر نے ایک بانجھ کے حق میں اولاد کی دعا کی جواب پایا کہ اسکے نصیب میں بچہ نہیں یہ سنتے ہی جذبہ میں
آکر فرمانے لگے کہ تو نہیں دیتا تو میں نے اسے سات بیٹے دیے تو بھی قادر میں بھی قادر تو نے نہ دیا میں نے دیا اور حضرت
پیر کے ایک مرید پر عذاب قبر ہو رہا تھا حضرت نے منکر نکیر کو لاٹھی سے ہانک دیا انہوں نے اللہ تعالیٰ سے فریاد
کی تو حکم ہوا کہ دوزخ کے شعلوں سے ڈرا دو جب شعلے آئے حضرت نے غصے کی نظر کی تو فرشتوں کے پر
جل گئے ایک رافضی فقیر نے کیف کا پیالہ الم ترکیف سے نکالا ایک مشائخ موے سہاگ کے فقیر نے آسمان
کی طرف جوتا پھینک کر پانی برسانے کی روایت معتبر بتائی۔ ایک مشائخ سگ پرست کتے کے بچے
کو سامنے رکھکر نماز پڑھتا اور لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِحُضُوْرِ الْکَلْبِ دلیل اسکی بتاتا ایک زانیوں کے پیر
نے خرچی اور ناچ کی مزدوری کو پاک و حلال کہا کہ بادا یہ مائیاں اپنی آبرو بیچکر پیسہ لیتی ہیں اور ناچ
تو محنت ہے اور شرع والے زنا زنا بولتے ہیں سو حرام و زنا اور چیز ہے کسبی امنی خرچی دینے والا راضی یہ
ایجاب و قبول ہے خرچی گویا مہر ہے اوسکے گھر والے شاہد ہوئے تو عنداللہ نکاح ہے حرام نہیں نعوذ
باللہ من شرار العلماء والاحبار والرہبان یہ علماء و فقراء حیلہ پرستوں بدعت پسندوں
کے مجتہد و پیر ہیں یہ حضرات بدعت پسندی کے سبب اور صلح کل کے مذہب کے باعث سنت جماعت
ہی رہے بلکہ انکے جمہور اجماع سے کوئی انکو شریعت کا منکر یا نبوت کا دعوی کرنیوالا یا پیغمبروں کے اہانت
کرنیوالا یا مسئلہ بدلنیوالا یا حلال کو حرام اور حرام کو حلال کہنے کے سبب کافر یا رافضی یا خارجی یا بدعتی
یا منکر ائمہ یا نیا مذہب بنانیوالا نہیں کہتا اور نہ کہیگا بلکہ یہ لوگ ہزاروں نادانوں سے اپنے [illegible]
ہی دیوینگے اور توحید و سنت پر چلنے یا چلانیوالوں کو غریب بے وسیلہ جانکر وہابی کہینگے آفریں دین
بریں تعصب حق ناشناسی ذرا تو ڈریں خدا سے شرماویں رسول سے دیندار بے وسیلہ نہیں انکے ولی حکم
الحاکمین اور سید المرسلین ہیں اسکے انتقام سے خوف کریں اور حضرت کی روح مبارک سے شرماویں

یہ لوگ فقط جاہلون کے عالم بننے کو مرتے ہین اور پہاڑ کھود کر چوہا نکالتے ہین رد وہابی کی کتاب
بنا کر جاہلون کے سامنے پڑھتے ہین یَا اَیُّهَا التَّفْرِقَةُ واحد بدنہ بحرکةٍ فِی مَکَانٍ
دهرکة عین وال زیر غد محمد حسین ؎ چہ خوش گفت ست سعدی در زلیخا ٭ الا یا ایہا الساقی
ادر کاسا و ناولہا ٭ جاہل بیچارے کیا جانین بس عربی عبارت اور بڑے مہر و نیر غش ہین اُن کی
اس قابلیت اور لسانی پر اون کو قاضی رطل یوق جانتے ہین یہ حق گوئی مین بڑے تاثیر ہے
بحول اللہ و قوتہ ان کے گھسر پھیر سے حق کا باطل اور باطل کا حق نہ ہوگا دیندار تو لوگون کو خدا اور رسول
کیطرف بلاتے ہین دنیادار انکو حاکمون کے پاس لیجاتے ہین ذرا تو اُس شاہنشاہ عالی جاہ بے پروا
کے سامنے جانے کے دن کو یاد کرین یہ تو جاہلانہ سنت ہے کہ اپنی بات پر دلیل نہین بتا سکتے تو کھسیانے
ہو کر حاکمون سے ذلیل کر دیتے ہین دیندار تو اس ذلت کو عین عزت و وسیلہ نجات جانتے ہین
خدا سے عزت چاہتے ہین اور دنیادار بندون سے دیندار خدا کو رازق جانتے ہین دنیادار امیرون
کو یہ خدا اور رسول و صحابہ و مجتہدون کو بڑا جانتے ہین اور وہی باپ دادون کو یہ دنیا کی ذلت کو عزت
جانتے ہین اور وے دنیا ہی کی عزت کو غنیمت سمجھتے ہین یہ خدا کی راہ مین جان و مال کو حسن جانتے
ہین وے جان و مال کو ایمان سے عزیز تر سمجھتے ہین یہ جان دینے پر مستعد وے جان چراتے ہیں
ہین یہ جام شہادت کو طالب وے عیش دنیا کی طرف راغب انکا توکل خدا پر اون کا گھمنڈ زر پر یہ
اجماع امت کو جماعت جانتے ہین وے بدعتیون کو اجماع سمجھتے ہین یہ تو احکم الحاکمین تک رسائی رکھتے
ہین وے فقط حاکمون تک پہنچا جانتے ہین ان مظلومون کی آہ عرش کے پار اُن ظالمون کی دوڑ مجسٹریٹ
کا دربار یہ رسول اللہ کے طریق پر چلتے مرتے ہین وے طریقہ محمدیہ کے نام سے کٹتے ہین یہ آخرت کی رسوائی
سے کانپتے ہین وے دنیا کی بعزتی سے بھاگتے ہین یہ عاشقان بدنامی کے شائق وے بوالہوسان نیکنامی کے
عاشق یہ سنی رسول و اصحاب و تابعین کے تابعدار وے بدعتی بڑے لوگون کے خوشامدی و طرفدار انکا دین
انکا فرمانا خدا ہے من گفت انکا بکنا بابائے من گفت یہ کہتے ہین خدا کا حکم رسول کی معرفت آیا وے
بولتے ہین سچ تو ہے مگر مہری خط گھر سے آیا انکا قول سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا انکا بکنا سَمِعْنَا وَعَصَیْنَا ان کا
عمل وَمَا اٰتٰىکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىکُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا یہ ان کا عمل مَا وَجَدْنَا
عَلَیْهِ اٰبَاءَنَا یہ انکا کلمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ انکا کلمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ باپ دادا رسول اللہ

یہ کام کے سچے مسلمان وہی جھوٹے نام کے مسلمان انکا دستور العمل حدیث و قرآن انکا مطلب قلبیہ دنیاوی عبید العقبا
وہی عبید الدنیا انکی سند فقہ و حدیث و آیات قرآن انکی دلیل رد وہابیہ در رسالہ مولوی خلیل الرحمان انکی
شریعت رسول اللہ کا قول و فعل انکی شرع بزرگون کے رسومات سند و عمل یہ محمدی طریقہ پر مرتے ہین وہ محمدی کے
نام سے چڑتے ہین اس سبب سے یہ انکو پاس وہابی ٹھیرے وہ انکے نزدیک ہوائی ہرجائی ہوکر قبر ونکو پوجنے والی اور
سجدہ کرنیوالی مریدون سے سجدہ لینیوالی حلیہ پوجنے والے کافرون کی مشابہت کی کام کرنیوالی ہاتھ پر کنگن مونہہ پر
سہرا الٹا رسوائی شہرہ ہونیوالے نہ ملحد نیچر نہ منکر رسول نہ بدعتی ملکہ وہی آپ اپنے کو بڑے مسلمان رسول اللہ کے
بڑے معتقد اہلی حنفی و سنی جانتے ہین اور شرک و بدعت کی رسمون کو عین دینداری جانکر لا الہ الا اللہ محمد رسول
اللہ کی کشتی ہے جہاز بغیر اجنت تمام بزرگون کا کلمہ کو باطل کرنیوالے کر کے اپنے مونہہ سے میان مٹھو مسلمان
بنتے ہیں انکا حال ان نمازیون کا سا ہے **نقل** ہے کہ چار نمازیون نے کسی سے سنا کہ نماز مین بات کرنیسے نماز
باطل ہوتی ہے یہ سنکر کسی مسجد مین گئے ایک امام بنا تین مقتدی تکبیر تحریمہ کے بعد ایک مقتدی نے کہا اپنے
پاس والے سے کہ نماز مین بات کرنے سے نماز فاسد ہوتی ہے دوسرے نے کہا ہان تیسرے نے کہا چپ ہو امام صاحب
فرمانے لگے مینے ابتک بات نہین کی اور جاؤن ابھی لپنے کو نماز مین جانتے ہو **نقل** ایک سپاہی آٹا گوندھکر
رکھکر نماز پڑھنے لگا اتنے مین کتا آکر آٹا کہانے لگا سپاہی حیران رہا کہ نماز توڑتا ہون تو مشکل آٹا کہانے
دون تو مشکل سورہ انا اعطینا پڑہ رہا تھا و انحر کے لفظ کو زور سے وانحر پڑہا ہر کا آواز سنتے ہی کتا
بہاگ گیا سپاہی خوش ہوا کہ آٹا اور نماز دونو بچے

مثنوی رنگین

نوکر اک گھوڑے پہ اک سائیس تھا
یہ کیا تھا اپنے آقا سے قرار
اتفاقاً اُسکا آقا ایک بار
اوسکو اور جاکے بیٹھا وہ جوان
اُسکو منیران خبر دین تو لکر
چھوٹ کر گھوڑا ابھی آیا یہان
آپ پہلی خوب ہی سنس سمجھیے
دیکھہ تو اس حال مین بست بیٹھیں کھیر

روز اول ہی ولیکن اوس نے یار
فرد اضافی کی اُسیدن لاؤنگا
تھی سر راہ اک جگہہ اُسکی دکان
سر کے نیچے ہاتھہ دہر کر سو گیا
جاکی کوٹھے پر کہا کیون جی میان
بس کہا سائیس نے یہہ ہاتھہ جوڑ
حمق اچھی چیز اسے رنگین نہین

احمقی مین وہ سبھون سے بیس تھا
یعنے جسدن آپکو خوش پاؤنگا
گھر گیا ایک آشنا کی ہو سوار
نیند مین سائیس بیخود ہو گیا
لے گیا گھوڑے کو کوئی کہول کر
تب میان ہنسنے لگا دم توڑ توڑ
دستخط پھر کیجیے اضافہ کیجیے

جیسا اونہون نے نماز مین بات کرکے اور اُس نے وانحر کہکر اپنی نماز کو درست سمجھا اور اُس احمق نے گھوڑا

تھوڑے سے تنخواہ کی پروا نہ چاہنا ایسے ہی یہ لوگ بھی بیدینی کے کام کرکے لیتے تو خاصے دیندار سُنی سمجھکر خدا کی مغفرت
اور رسول کی شفاعت کی امیدوار ہین سبحان اللہ مسلمان ہون تو ایسے ہی ہون ورنہ اگر بیان مین جہانگیں لعد
شہید بیان کرین سو صاحبو محمد رسول اللہ کا امتی طریقہ محمدی کا مخالف ہرگز نہوگا کیونکہ مسلمان کو کتاب
اور سنت کی پیروی ضرور ہے اور ظاہر ہے کہ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین اور کل اولیاء اللہ کا یہی طریقہ
اور عقیدہ تھا اور اب بھی اکثر علماء عرب و ہند و سندہ و بخارا و کابل و قندھار وغیرہ کا اجماع اسی بات پر ہے
پر عجب ہے کہ بعضے لوگون کو آیات و احادیث کی سند بتاؤ تو کہتے ہین کہ فقہ کی سند بتاؤ ہم کو قرآن و حدیث
کی سمجھ نہین ہے حسب فقہ کی سند بتاؤ تو دلائل عقلی اور تاویلات رکیکہ سے اُس کو باطل کیا چاہتے ہین
اب کوئی دوسری دلیل کہان سے لاوے کہ اُن کو بتاوے اونہون نے علم منطق ہی واسطے ازبر کیا ہے
کہ منطقی تقریرون سے حق کو باطل اور باطل کو حق کرین غرض نفسانیت و حسد و بغض کے غلبے سے
ہر صحیح بات کو باطل کرنا واجب جانتے ہین غرض اُنکی یہ ہے کہ اپنی بات نہ جاوے اور حقانی لوگون کی بات
کوئی سچ مانے لیکن یونہی نہ مانے تو مضائقہ نہین پر وہابی ٹھیرا کر نہ ماننا اس نقل کے مطابق ہے **نقل**
ایک بکری کا بچہ پیاسا ہوکر ندی پر گیا وہان دیکھا کہ بھیڑیا پانی پی رہا ہے یہ غریب دور جاکر نیچے کیطرف
پانی پینے لگا بھیڑیے بدذات نے دیکھا سو اُسے کھا جانیکا ارادہ کیا سو گھرک کر بولا کیون بے پانی
گندہ ملا کر ڈالا اوس نے عاجزی سے کہا کہ آپ کو دیکھکر مینے اسلیے نیچے کیطرف آکر پانی پیا تا آپ کا دل
اور پانی میلا نہو بھلا نیچے کیطرف سے اوپر کیطرف میلا پانی کسطرح جاوے گا بولا چپ بے ادب سو زور
کرتا ہے تو نے مجھے گالیان بھی دین ہین اُس مسکین نے پوچھا کب بولا چھ مہینے ہوئے اُس نے کہا
خود عمر میری چار مہینے کی ہے پھر بولا اب یہ شوخی کرتا ہے لیے تو نہین تیرے باپ نے دی ہونگی اوس نے
کہا حضر کہا جانا ہو تو یونہی کہا جائیے الزام رکھکر کہانا کیا ضرور ہے **نقل** ایک بقال کی بکری کا
بچہ کُتا لیگیا بنیے نے ڈہنڈیان اسکے پاس کھڑے ہوکر پوچھا کہ تیرا میرا کچھ دین لین نہین تو نے کس حساب سے میرا مال
لیا کُتے نے کہا ہٹو بنیا بولا ہٹو سے لاچار ہون پر کھاتے بھی مین تیرا نام نہین سو ان گرگان معنوی کے
ناحق بدنام کرنے سے اور سگان دنیوی کے ہٹو ہٹو سے لاچاری ہے نہین تو انکو پاس وہابی کہنے کی کوئی دلیل
نہین ہے طرفہ تر یہ ہے کہ جاہل گور پرستون اور فریبون کے لڑ مرتے ہوئے ہین عجب مسند مچی ہے کہ
لنگڑے چوپچے گنگے بولے نہ ترمذ چلیکو نہ مسلہ پوچھنے کی گت نہ تحریر کی قدرت نہ تقریر کی طاقت نہ سننے سمجھنے

کی قوت نہ ان کی قابلیت نہ علما کی مجلس کی لیاقت سو وے بہی دینی مقتدا ہوں مین بے اختیار رہا تہہ یا ڈن جہانے لگے کان کان غو غو سے ناحق سخن تراشی کرتے ہین جو منہ مین آتا ہے سو بکتے ہین کوئی کہتا ہے کہ حضرت پر جان تشدید کوئی کہتا ہے کہ شیخ شدد کی نیاج وہو گئے گہر کے ہو تو بہی ہم چٹ کرین گے کوئی بولتا ہے یا رو وہابیون نے تو بالکل بخیر نیاج بند کر دی تہی پر ہمارے ہجرت سے رواج کہہ کہہ کر سب کہولدیا کوئی کہتا ہے وہابی ہیکہ پر نہین چلتے کوئی بہونکتا ہے کہ سفارت کو منکر ہین کوئی کہتا ہے کہ شاہ شرف کا بکرا اگر کوئی کہتا ہے مفتی صاحب کا جی کو وہابی بناڈالا غرض خلل اندازون نے دین مین عجب طرح کا رخنہ ڈالکر شور مچا رکہا ہے

کیا غضب ہے کہ پوجتے ہین قبور
کوئی سنی عاقبت محمود و
مالدارون کو قبلہ جانتے ہین

راستی کو حق پرست واعظ پر
عبادت کرتے وہان رکوع وسجود
نام اسکا وہابی رکہتے ہین
دیندارون کو بد کہین مردود

یون چلین جو خلیل پر نمرود
جو ان افعال بد کا مانع ہو
جہوٹے گذرانین لاکر شہود

تمامی کتب اسلامیہ مین لکہا ہے کہ وہمی گمانی قرینون سے کسی مومن کے حق مین بدگمانی نہ کیا چاہیے اور جب تک کسی کی کلام مین احتمال خیر کا ممکن ہو شر پر احتمال کرنا روا نہین **سوال** ایک ظاہر فاسق رسمی مسلمان علانیہ فسق و فجور کرنیوالا باپ دادون کی رسمون پر چلنیوالا کسی مسلمان ظاہر العدالت پرہیزگار پر کلمہ کفر و احتمال بدی کی تہمت بے بینہ شرعیہ کرے باوجودیکہ وہ مسلمان کفر و بدکاری سے انکار کرتا ہو تو وہ تہمت لائق قبول کے ہے یا نہین **جواب** ایسا فاسق مشغل مسلمان ظاہر العدالت پر بے گواہ شرعی تہمت کرے تو مسلمانو انکو باور نہ کرنا چاہیے تنویر الابصار مین ہے کہ اگر گواہی دیوے کوئی کسی مسلمان پر مرتدی کی حالانکہ وہ منکر ہے تو اس مسلمان کا مزاحم نہ ہوا چاہیے کیونکہ اسکا انکار صورت توبہ کی ہے **سوال** جن مسلمانون کے سامنے وہ تہمت ظاہر کرتا ہے اور وے مسلمان اسکے منع پر قادر ہون تو ان مسلمانون کو کیا کرنا چاہیے **جواب** اس مسلمان ظاہر العدالت کی مدد کرنا اور اس فاسق کو مقدور بہر منع کرنا کہ حقوق اسلام سے ہے حضرت نے فرمایا ہے اگر مسلمان کی ذلت ہو کسیکے سامنے پس مقدور ہوتے جو اوسکی مدد نکرے خوار و رسوا کریگا اسے اللہ تعالی حاضران قیامت کے سامنے اور فرمایا علیہ السلام نے جو اپنے بہائی مسلمان کی آبرو لینے والے سے مزاحم ہوگا اسکے غائبانہ تو اللہ تعالی اسکو دوزخ کی آگ سے نگاہ رکہیگا **سوال** ایسی تہمت دینے والے کی حق مین کچہ وعید ہے **جواب** حقتعالے نے سورہ احزاب مین فرمایا ہے جو لوگ کہ ایذا دیتے ہین

مسلمان مرد و عورتون کو اس بات جو اونہون نے کیے وہ کام البتہ بوجہ بہتان اور بڑی ظاہر گناہ کا اوٹھاتے
ہین اور فرمایا علیہ السلام نے جو مشہور کرے مسلمان پر عیب تا کہ عیبدار کرے اسکو ناحق تو عیبدار کرے گا
اُسکو اللہ تعالیٰ اسی عیب سے آتش دوزخ مین قیامت کے دن روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان مین
ابی ذر سے اور فرمایا علیہ السلام نے کہ جو کہے کسی مسلمان کے حق مین وہ چیز کہ نہین اُس مین تو ٹھیرا دے گا
اسے اللہ تعالیٰ دوزخیون کے دوہون کے گڑھے مین سوچنا چاہیے کہ اون کے نزدیک ہم تو نادان
ہین کہ سلف والون کی سنت ہم سے خود بخود ادا ہوتی ہے دیکھو اگلے حاسدون نے بایزید بسطامی
کو انکے رفیقون سمیت بستی سے نکالدیا۔ ذوالنون مصری کو طوق و زنجیر کرکے بغداد کیطرف ہانک
دیا ابو سعید خزار اور سہیل بن عبداللہ اور شبلی اور سید احمد کبیر رفاعی اور امام ابو القاسم اور بخاری اور
عبد الحق اور امام محمد غزالی اور قاضی عیاض اور ابو الحسن شاذلی اور عبداللہ بن زبیر اور حضرت امام
اعظم اور حکیم الٰہی ثنائی اور شیخ اکبر صوفی سرمد اور بہت سے علماء و مقتدا اور اولیا کو اسلام کے دعوی کرنے
والے حاسدون نے کسیکو ملحد ٹھیرایا کسی کو زندیق کسیکو رافضی کسیپر کچھ بہتان کرکے قتل و قید کروایا
ڈاڑھیا نچوا ئین درے مروا کے شہر سے نکلوائے اور حضرت مجدد الف ثانی کے ساتھ بدعتیون نے کیسی
کیسی شرارتین کین کہ مکہ سے چارون مذہب کے مفتیون سے تینتیس فتوے انکے کفر کے لکھوائے ان بزرگوارونکو اس سے
کچھ ذلت نہوئی کیونکہ وے مجبور اور مظلوم تھے ؎ جور اس در کا مہربانی ہے ٭ موت یہان عین
زندگانی ہے ٭ ہم لوگ بھی تمہاری بدولت ان بزرگون کے جیسے مجبور اور مظلوم اور ان کے غلامون
مین ہین اسلیے ہمین بھی قید و اخراج سے کچھ ذلت نہین بلکہ عین عزت ہے قید مین گرفتار رہونگے مگر
شرک و بدعت مین انشاء اللہ نہ پھنسینگے شہر سے نکالے جائین گے مگر سنت و جماعت سے نہ نکلینگے
قیدی بنینگے پر بدعتی نہ ہوینگے یہان کی طوق و بیڑی قبول ہے پر بڑی بیڑی ہنسلی طوق نذر لغیر
اللہ وغیرہ ہم کو نامقبول کیونکہ یہانکی قید و طوق بیڑی دو روزہ سہل گذشتنی ہے وہان کی قید و طوق
زنجیر ہمیشہ و سخت و باندھنی ہے اعاذنا اللہ من ذلک یزیدیون نے بہت کیا تو پانی حسینیون پر بند کردیا
حسینیون نے آب کوثر کی امید پر بدعتیون کے کہنے کو نہ مانکر جام شہادت پی لیا ان کے طمع
طہران کی حکومت پر انکی نظر عاقبت کی سلطنت پر تھی سُنی مظلوم حسینی ہین بدعتی یزیدی ہین

نام شہر ۱۲

اور حقانی لوگون کا وعظ نفسانیون کو اسواسطے پسند نہین کہ حقانی کلام کی تاثیر سے غافل لوگ
ہوشیار ہو جاتے ہین اور برے کامون پر باز آتے ہین نیک کامون کیطرف متوجہ ہوتے ہین اور [illegible]
کا نام گنگے سے کہتے ہین کہ اونہون نے کبھی نیک کامونکی نصیحت نہین کی اور برے کامون کی مذمت
نہین سنائی یہ کہنا انکو دشوار و گران گزرتا ہے اپنی سرد بازاری کے ڈر سے رنگ شکستہ سد کے مارے
چند خدا فراموشون کو الٹے تختے پڑہا کر اپنے ساتہہ لیے تہمتین تراشتے پہرتے ہین اور ایذا رسانی
کے درپے ہوتے ہین تا سیدہے راہ پر آئے ہوئے ناصحون سے نفرت کرکے پہر ہمارے ہی بنے رہین اور جو حق گو
کہ عوام کی رسم و عادت کے خلاف باتون کو منع کرتے ہین یہ لوگ ان کے لفظونکو کلمہ کفر ٹہرا کر واہی تباہی بکتے
ہین تا حقانی لوگ ابن الغرض فتنہ کے نقارچی دوستون اور دشمنون کے ہاتہہ سے تنگ ہو وین ادہر
حاکمون کو وہابی کا معنے دنگے باز فتوری سمجہا کر غیر واقعی باتونکی نمک مرچین لگا کر فسادی ٹہراتے
ہین تا کہ کہین ٹہرنے نپاوین سبحان ان پیر نابالغون نے بچپن ہی مین آیت شریفہ ارض اللہ
واسعۃ شاید بلا سے نہین پڑہا اسپر جاہلون کے خیرخواہ بہتان کرتے ہین کہ یہ وہابی قرآن
کے معنے الٹے کرتے ہین اور ہمکو بہکاتے ہین وے نادان انکے جبہ و دستار پر انکو سچ کہنے
والے جانتے ہین اور اودہر ہی پہسل پڑتے ہین خیر کچہ لوگ ان خناسون کے بہکنے چیڑے
طمعدار نانون پر فریب کہا جاوین یا انکی دہمکیون سے ڈرپوکنے ہوکر انکے سے گانے لگین تو
خدا اور رسول کا کیا بگڑا اور نصیحت کرنیوالون کا کیا نقصان ہوا مرید و شاگرد اگر پہر گئے تو پیر
و استاد کا کیا بگڑا سالیانہ نذرانہ اول ہی سے نہ لیتے تہے تو مقرری نذرانہ مین خلل پڑ گیا حق کہیے
جائے اور حضرت سے کتنے منافق پہر گئے صحابہ اور اہل بیت سے کتنے رافضی و خارجی پہر گئے امامان
دین سے کتنے بیدین بدل گئے لیکن خدا نخواستہ ان حضرات کو کچہ نقصان نہوا الٹا انہین کا نقصان ہوا ایسی
نصیحت نہ ماننا اور سچی نصیحت کرنیوالون سے پہر جانا گویا قرآن و حدیث و فقہ سے بلکہ خدا و رسول و فقہا سے
پہر جانا ہے ایسے بیدین پلیدونکی گروہون کا پہر جانا بہتر ہے خاشاک کم جہان پاک ناصح نے کہا زہر کہا و پہر سینہ
صند سے کہا لیا تو نصیحت کرنیوالیکا کیا گیا۔ ایک بنیا ایک اندہے کا تہا یار ربط تہا دونوین باہم بیشمار

باری یکباری ہوئے وہ ہمسفر
کچہ سفر کٹنے کی تہی اسکے نہ آس

ایک جا اٹکا ہوا شب کو گذر
یکبیک ڈورا گیا اسکا جو ٹوٹ

تہی پرانی قمچی اس اندہے کے پاس
ہاتہہ سے قمچی گئی اندہے سے چہوٹ

کفر کے کام کرتے ہین اور مسلمان کے بال برابر عیب کو پہاڑ برابر سمجھکر مشہور کرتے ہین بلکہ اوسکو ہنر کو عیب لگاکر اپنے شرک و بدعت سے بدتر جانتے ہین جیسا **نقل** ہے کہ ایک مردود لوطی مسجد کو خالی دیکھکر لواطت مین مشغول ہوا اتفاقاً کسی نمازی کا وہان گذر ہوا اس حرکت نامعقول کو دیکھکر لخ ٹہوکر کر پیچھے پہرا وہ جو ناپاک کام مسجد کی بے ادبی سمجھکر حرارت اسلامی و غیرت ایمانی سے جہنجلا کے کہنے لگا بہلا اے ملعون کیا کرون کام مین ہون نہین تو تو خدا کے گہر مین تہوک کر میرے ہاتہ سے بچکر جاتا سو دیکہتا ویسا ہی ان کا حال ہے کہ اپنے شرک و کفر و بدعت اور فسق و فجور کو نہین دیکہتے بلکہ اچہا جانتے ہین اور مسلمانون کی عیب چینی کرکے اپنی دینداری اور سنی بناچاہتے ہین اور بعضے وہمی شک مین پڑے ہوئے ہین کہ خدا جانے حق کسکی طرف ہے سبحان اللہ مسلمانی کا دعوی کرتے کرتے عمر گذر گئی مگر اب تک دین کی تحقیقات کا اتفاق نہ ہوا اشک و شبہ مین مذبذب ہین اُنکے ویسی کہاوت ہے جیسے **نقل** مشہور ہے کہ ایک عورت کا خصم مدت سے پردیس مین جاکر جورو کے نان و نفقے سے بالکل بے خبر ہوگیا تہا خط کے جواب تک ہی بے پروا تہا ایکبار جورو نے خط مین لکہوایا کہ تیری جورو رانڈ ہوگئی تو جلد آ خصم نے یہ سنتے ہی پگڑی دے ماری اور زار زار رونے لگا لوگون نے پوچہا خیر تو ہے کہا خیر کہان کی پیر ہے گہر اُجڑ گیا لوگون نے پوچہا کسطرح کہنے لگا میری جورو رانڈ ہوگئی لوگ ہنسنے لگے تو کہسیانا ہونے لگا لوگون نے کہا ای بیوقوف تو تو جیتا بیٹہا ہے جورو کیسے رانڈ ہوگئی تب تو سوچکر کہنے لگا کہ تم بہی سچ کہتے ہو مگر گہر کا خط جہوٹہا ہے کیونکر اعتبار نہ کیا جاوے اور ایک **نقل** اس سے عجیب تر ہے کہ ایک مغل کا لڑکا طالبعلمی مین ایسا مستغرق تہا کہ دنیا و مافیہا سے بیخبر تہا رات دن مطالعہ سے کام رکہتا تہا جوان جورو کیطرف مخاطب نہین ہوتا تہا ایک روز شفیق باپ نے کہا کہ بابا یہ من خلقت مرد کی عورت کے واسطے اور عورت کی مرد کیواسطے ہے کہا کہ راست ہے باپ نے جب اُسے نا بلد پایا تو کہا کہ چند روز مطالعہ موقوف کر اور دوسری دو ورق کتاب کے مطالعہ مین مشغول ہو کہا کسطرح بولا کہ اپنی بی بی کی ناف پر گن او نگلی رکہکر ناپ جہان انگوٹہا لگے وہان دخول کر اُس طویل القد نے جو ناپا تو انگوٹہا کسی اور جا لگا ٹہیرا وہان بموجب وصیت باپ کے دخول کرنے لگا بی بی نے کہا ہان ہان خدا منع فرمودہ است اُس نے کہا خاموش بابای من ہمچنین گفتہ است اور اسیطرح یہ شکی لوگ بہی یہی جواب دیتے ہین کہ یہ چال باپ دادا سے چلی آتی ہے اور یہ لوگ عمل اُنکا بہی خوب جانتے ہین جنکو یہ لوگ

وقال اللہ تعالیٰ ومن الناس من یقول اٰمنا باللہ وبالیوم الاٰخر وما ھم بمؤمنین یخادعون اللہ والذین اٰمنوا وما یخادعون الا انفسھم وما یشعرون فی قلوبھم مرض فزادھم اللہ مرضا ولھم عذاب الیم بما کانوا یکذبون

ترجمہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورہ بقرہ کے دوسرے رکوع مین اور ایک لوگ ہین جو کہتے ہین ہم ایمان لائے اللہ پر اور پچہلے دن پر اور نہین وہ ایمان والے دغا بازی کرتے ہین اللہ سے اور ایمان والون سے اور کسیکو دغا نہین دیتے مگر آپکو اور نہین بوجہتے انکے دلمین ہے آزار پہر زیادہ دیا اللہ نے انکو

اور بعضے جاہل ایسے سوختہ ور ہین کہ بیدھڑک بکتے ہین اور کہتے ہین کہ ہم تو ... جہنم مین جاوینگے
ہین نہ انکی سنتا نہ انکی مانتا اپنی قدیمی رسمون پر چلے جانا سوا اسکے نفسانیت کے جھگڑون کا یہ نتیجہ ہے
اور ان خدا فراموشون کی چھاتیون پر وعظ حقانی ہونے سے سانپ پھرتے ہین اور رات دن
اسی فکر مین ہین کہ قرآن کا وعظ نہ ہونے پاوی اور ابوجہل کیطرح ایک ایک دنیادارون کی خوشامد
کرتے پھرتے ہین اور انکو سبز باغ بتاتے ہین اور کہتے ہین کہ یارو تمہارے باپ دادا کا دین بگڑتا
ہے خدا کیواسطے قرآن کا وعظ کسیطرح بند کرو تو تمہاری ہماری آبرو رہتی ہے غرض انکی
یہ ہے کہ قرآن کا وعظ نہ ہونے پاوی لیسے لوگ دونو جہان مین نامراد ہین اور غضب تو یہ ہے کہ خدا
پرستون کی ضد سے ایسی واہی تباہی باتین بکتے ہین کہ دین کے دائرے سے خارج ہوجاتے
ہین **نقل** ہے کہ ایک پوربی کے پاس ٹوٹا ہوا لوٹا تھا اس غریب کے پائخانہ سے فراغت پانے
تلک سب پانی ٹپک جاتا تھا اس بے وقوف نے سمجھا کہ لوٹا مجھہ سے ضد کرتا ہے ایک دن پہلے
ہی آبدست لیکر پائخانے کو بیٹھا اور لوٹے سے کہا کیون بے توری ضد چلی کا موری **نقل**
ایک ہندو اور ایک مسلمان کہین جاتے تھے مسلمان نے بسبب بیٹھے ہونے پانی کے سندھور لگے ہوئے
پتھرون سے پاکی کر لیا ہندو نے کہا یہ کیسا حرامزادہ ہے کہ دھرم کی چیز کو حقیر جانکر پلید کیا پھر چپکے ہوکر
اوس نے مسلمان سے پوچھا ای مسلمان تورا کھدا کون ہے مسلمان نے تاڑ اور کاج کی پیلی بتاکر
کہا کہ یہ ہے ہندو نے ضد کے مارے دس پانچ پیلیان لیکر زور سے تو آبدست لیا مگر کھجلاتی کھجلاتے
حیران ہوا اور کہا کہ او مسلمان تورا کھدا اچھا جبردست ہی حاصل یہ کہ ضد کا انجام بد ہے سب سے
ضد تو ضد خدا او رسول و شریعت سے کیا ضد از ہمہ بازی بار لیش باباہم بازی سوکن کھلاپ کی خصم کو مار بیچا
ہے بھلا صاحبو ان حقانیون پر غصے ہوتے تو کتابین دیکھو کسی فقیہ نے باب الجنائز مین بھی تیجا دسوان
چالیسوان برسی وغیرہ کی ترتیب نہین لکھا روح نکالنے کھوٹ بھرنا عرفے کے دن میت کو مردون مین ملانا
اور ثواب پہونچانیکے دن تاریخ مقرر نہین کیا اور لیپ پوت کر فاتحہ جھوتے پر دینا اور جنازے
پر پھولون کی چادر سہاگن کے جنازے پر لال چادر کنواری کے کھاٹ کو سہرا اتارا جنازے کے سرہانے
دو روٹیان قبر کا غلاف عرس کا میلہ وغیرہ نہین لکھا باب النکاح مین ہلدی مہندی تیل بری ساچق
ہری بیل تورن کنگنہ سہرا پٹ چھپر ناریجکا اسد میان کا رتجگا دافون کو کھلانا گود کا ناریل شب گشت

پہلی چانول دن کو کہانا سالی ہی نے مہندی لگانا دولہ کے ہاتھ توڑ کر سالیئین تو لے کھلانا
اُسی دولہ کو لنگر اسمجھکر دوسرے گھوڑے پر بٹھانا لال کپڑونسی جوڑو کو نماز پڑہانا ہیونیکے نے پانچ
پیسے لینا اور ہر جمعہ کے بعد بی بی بری کی نیاز دینا ست سُہاگنا کہلانا چوک بھرنا سہرا ہیونگی گلیمین
جوتیان پہنانا چوبی کے پاس مین اُنہیں وغیرہ پہرنا سہرا ہیتونکو گالی دینا چوتھے مین منگن بانا
ازنا محرم مین ارولہ دولہن کو حیدر کہنا دولہ کے ہاتھ مین کٹار دینا اور گلے مین مالا پہنانا جلوہ
لونے ٹوٹکے کا حال کسی کتاب مین نہین باب العقیقہ مین چہٹے چھلا لوٹن جاٹن منڈن
سالگرہ کو گود دینے ستواسا کہیر کہلانے وغیرہ کا ذکر نہین باب النذر مین کونڈا کندوری
دسترخوان ابو بصری کی کہچڑی بی بی کی صحنک بڈہے باپکا روٹ امام ضامن کا پیسہ سب ستر
بدہی منسلی طوق نعل چاند تر تارت بی بی کے کہچنے بی بی گرجہ کا ساگ دُٹی کی بی بی اکٹ سٹ
بی اگرکی روٹی بی بی چٹاپٹ کے سیپاریان پیرلاؤ کے روٹ پیر جہولے کی وچہری سید احمد کبیر
کی گائے شیخ سدو کا بکرا شاہ دولہ کا بیندا رجب سالار کا مرغ وغیرہ کا حال نہین
لکھا اگر بڑے مرد ہو تو ان اماموں کو وہابی سمجھکر انپر غصہ کرو عوارف المعارف فوائد الفواد
طحطاوی - در المختار - ہدایہ - عنایہ - نہایہ - کفایہ - مشکوٰۃ بخاری مسلم وغیرہ کتابونکو پہاڑ ڈالو
بیچاری تم تو انکے تابعدار ہین - انپر تمہارا غصہ بیجا ہے اگر ان لوگونکے مسئلونپر راضی نہین تو اپنے
آپکو اہل سنت وجماعت امت محمدی مت کہلاؤ شکنبہ پیر کے تابعدار یا گلے پڑے جو شیخ زعفران
مشہور ہے انکی امت کہلاؤ اے یارو تم کو کیا شامت لگی کہ اگر موی طریقہ کو کوئی چہوڑ دی
تو اسکا ایک بال بھی بیڑا نہین کر سکتے اور اگر کسی نے تمہارے ابوی طریقہ مین ذرا بھی
کم و بیش یا تغیر و تبدل یا تغافل و تساہل کیا تو اُسکے جان کے دشمن ہوتے ہو مخلوق
پرستون نے ایک نیا دین مذہب ایسا نکالا ہے کہ جس سے بُری رسمین مٹنی نیا دین اور توحید و سنت
مین خلل آجاوے بلکہ طریقہ سنت کو نیا طریقہ سمجھ کر چھوڑ دین شک مین پڑ جاوین
اسیواسطے فریبی لوگ حدیث تہتر فرقون کے عوام کو سنا کر کہتے ہین کہ یہ وہابی بہتر فرقون
مین ہین اور ہمارا طریقہ سنت و جماعت ونسے دوزخی ہم جنتی اسکا **جواب** یہ ہے
کہ حضرت نے بنتے فرقے کا نشان آپ ہی فرما دیا ہے تاکہ شبہ نہ رہے

اپنے میرے اور میرے صحابہ کے چال پر چلے گا وہ جنتی ہوگا اور اس فرقے کے اکابر ون
کا پتا بھی بتلا دیا کہ جو دین کی راہ درست کرینگے اور میرے طریقے کے فساد کو جو میرے بعد
ہوگا اصلاح کرین گے اب یہان انصاف کیجئے کہ دینداروں کا ارادہ اور کوشش یہی ہے
کہ توحید الٰہی اور سنت رسالت پناہی جاری رہے۔ اور مخلوق پرستوں کو رات دن یہی خیال ہے
کہ کبھی جلسہ ہو باپ دادا کی رسمون مین خلل نہ پڑے انکو نسب ور وزاسی دلیل کی تلاش رہتی ہے کہ کہین سے کوئی سند یا کوئی حیلہ کسی بدعت کے کرنیکو ہاتھ لگجاے
یا پکا دستاویز کے طور پر لیجاوے نظم

قول احسن خبر و آیہ ناسخ ہست
نیز و آیات و حدیث محکم ست

ہم روایات قوی و محکم است
ردہ کلہ پیش حق رسوا شوند
انکسانند صاحب عقل و کمال
عمل بر آیات متشابہ کنند
انکسان بے عقل مجنون جاہلند
بہر زر احکام حق پنہان کنند

قول علماء آنچہ نیکو است است
انکسان را حق ہدایت کردہ است
رہنمائی بندہ گان ذوالجلال
بر حدیث نسخ متشابہ روند
کہ ہوائی نفس را تابع شوند
بہر آن ضعف روایتہا دہند

انکسان عمل بر آن کنند
راہ جنت در جہان ہموار است
وانکہ بر آیات منسوخ عاملند
عمل بر ضعف روایتہا کنند
مال مردم از رہ باطل خورند
بہر جاہ و زر خوشامدہا کنند

جب ناجی فرقہ اہل سنت وجماعت کا حضرت کے فرمانے سے وہی ٹھہرا جو حضرت وصحابہ
کے طریق کو مستقیم جانتے ہین اب اہل انصاف سے دادخواہی ہے کہ اسوقت حضرت اور
اور انکے یارون کے طریق پہ کون چلتا ہے اور اس طریق پہ لوگونکو کون بلاتے ہین اور سنت
کے رواج مین اور بدعت کے مٹانے مین کون کوشش کرتے ہین اور بدعتیونکے طعنے و ایذا
کون سہتے ہین اور بری رسمون کے مٹانے مین ذلتین کون اٹھاتے ہین امر معروف اور
نہی منکر کے سبب گالیان اور مار کون کھاتے ہین رسول اللہ وصحابہ کے تابعداری مین کون
مشہور ہو رہتے ہین اور جان سے گذر جاتے ہین سو دریافت کرو اب نام کے مسلمان فرقہ ناجیہ
سے بالکل خارج ہین اگر شک ہو تو صحابہ کی شادی و میت رسم و رواج کو اپنی شادی اور غمی
اور رسم سے مقابلہ کرکے دیکھیں موافق ہو تو سچے اور اگر مطابق نہو اور مخالف ہو تو بیشک دعویدار
جھوٹے ہیں فائدہ اس کجادائی کا نہ سمجھا مین کبھی۔ اسقدر کہنے سے کیون بیزار ہین
ارے خدا اپنے کرم سے تو کسی موسی کو بھیج۔ سیکڑون مانند فرعون اب تو دعویدار ہین

جہنڈے پرست تشدے پرست نجوم وفال کے معتقد اہلبیت وصحابہ کے دشمن شرع کے مخالف
قدریہ جبریہ دہریہ جلولیہ بہی اپنے کو ناجی جانتے ہین جسطرح رسمی مسلمان باوجود مخالف شرع کے
اپنے کو سنی وفرقہ ناجیہ جانتے ہین انہم مخالط ہیم غلط انکا سنت وجماعت بنا
بی بی تمیزہ کا وضیہ ہے کہ ہزار ہا اسے جنا بتون سے ٹوٹتا نہین اسیطرح انکا سنت و
جماعت بنا شرک وکفر وبدعت کی رسمون سے جاتا نہین انا للہ وانا الیہ راجعون ہر چند
کہ اس سے پہلے بہی علماء دیندار وفضلاء عالیمقدار نے مفتریون کے جوابات دندان شکن ورد
شبہات عوام مرد وزن کے لکہے ہین مگر ضدی لوگونکی لتسلی خاطر نہوئی اور شبہہ رفع
نہوا اور تسلی خاطر تو ہونا غیر ممکن ہے اگر شک ہوتا تو البتہ دفع ہوتا اور دین کی تحقیقات
ضروری ہوتی تو اپنی کتابین ان مسایل سے مطابق کر کے صاف ہوجاتے یہ لوگ تو جان بوجہکر
تجاہل عارفانہ سے نفسانیت کر رہے ہین انکا شبہ دور ہونا امر محال ہے لیکن بہیدتا
اپنے اور اپنے دینی بہائیو نپر سے تہمتین نامعقول تراشیدہ بو الفضول رفع کرنے کے
لئے اور مسلمانون کو بدگمانی کے گناہ سے چہوڑانے کیواسطے اب بہی بعضی اتہامات کی رد
انہین کتابو نسے تالیف کر کے لکہتا ہے تاکہ اہل حق حق باطل مین تمیز فرماوین

فصل اول مین اُن تہمتونکا بیان ہے - کہ بالکل اتہام اور محض افترا ہے بعض جو شخص
مین لانے خواص اور بہکانے عوام کے اب علماء فحول وفضلاء فحول العقول کو تامل وغور سے
سنکر شیخ سعدی رہ کے قول پر اعتماد کرنا چاہیئے ع باطلست آنکہ مدعی گوید پہلا افترا کلمات
اہانت آمیز حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے شان مین کہتے ہین **دوسرا افترا**
انبیاء علیہم السلام واولیاء عظام وشہداء کرام کے ارواح کے توسل شان سے منع کرتے ہین
تیسرا افترا چار مذہب کے امامونکو خصوصاً ابوحنیفہ رہ کو برا مانتے ہین **چوتہا افترا** خطبے مین
خلفاے راشدین کا نام نہین لیتے **پانچوان افترا** حضرت محبوب سبحانی رہ اور دیگر اولیاؤنکو
گالیان دیتے ہین **چہٹا افترا** اجماع امت کی تابعداری سے منع کرتے ہین **ساتوان افترا**
لوگون کو پیری مریدی سے منکر اور بداعتقاد کر کے اپنا مرید کرتے ہین **آٹہوان افترا** درود شریف پڑہنا
منع کرتے ہین حاشا وکلا ہم حقائق پسندی بیان افعال واقوال ناشایستہ کبہی عادہ نہو واللہ سبحانہ وتعالی

تہمت لگانیوالونکو زرد رو و سیاہ رو کرے معلوم نہین کہ اُنہون نے یہ چال روافض و خوارج کی کس سے سیکھی ہی اصالۃً ہے یا وراثۃً کیونکہ یہ بہتان ویسے ہین جیسے صحابہ و اہلبیت پر رافضیون اور خارجیون نے کئے تہے اور اگر حقیقت مین جو کوئی ان اتہامات کے موافق کرے یا کہو اللہ کے پاس مردود اور مسلمانون کے پاس مطرود ہے رباعی سخن چین را تو انم چارہ اش کرد - کہ من از خود نگویم او چہ پیند - ولیکن مفتری را چارہ نیست - کہ او از خود سخنہا آفریند

مسلمان بہائیو یہہ وقت بہت سخت آیا ہے ایماندار دینپر تکلیف و مصیبت اور بیدینونکو آرام و فراغت نفس کے خواہشونکا دروازہ کہلا ہے شیطان مردود نے قابو پایا ہے مسلمانون مین محبت نہین رہی اللہ کا ڈر دل سے اُٹہہ گیا شرع کے احکام کا خوف نہ رہا اتفاق و انصاف کا نام و نشان مٹ گیا دین مین ہر کوئی مختار بنا شرع کی حد نہ رہی اسلام و کفر مل گیا رسوم آبائی اسلام ٹہرا اسوقت مسلمان رہنا اور سیدہی راہ پر پورے پورے چلنا بہت مشکل ہے اب اچہے مسلمانون کو لازم یہہ ہے کہ اپنے دین و دنیا کے کام حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور انکی آل و اصحاب و تابعین و مجتہدین کے فرمانے اور کرنے کے مطابق سچے دیندار اور واقف کار لوگو نسے جو کفار اور بدینون سے شیر و شکر کی مانند نہین ملجاتے دین کی مقدمہ مین کسیکے خاطر اور خوشامد نہین کرتے اُنسے پوچہکر عمل مین لاوین اور کسی بدنیاد بے نیم ملا خطرۂ ایمان کی بات پر ہرگز اعتماد نہ کرین کیونکہ وے خود گمراہ ہین وہ اورونکو کیا ہدایت کرینگے انکو تو دنیا کمانے اور نام بڑہانے سے کب فرصت ہے کہ اللہ و رسول کا حکم بجا لاوین یا لوگونکو اچہی راہ بتاوین ہزارون مسلمانونکو ایسے ہی گمراہون نے بہکار کہا ہے کیونکہ اُن کے گمراہ رہنے مین انکی عزت بنی رہتی ہے اور وے راہ پر آوین تو انکی قلعی کہلجاتی ہے ایسون کے اعمال اور عقیدونسے ہزارہا مسلمان خرابی مین پڑے ہین کیونکہ دین کا مدار علماء پر ہے - یہہ لوگ سردار اور راہ دکہانیوالے ہین اور عوام تابعدار اور ان کی بتائی ہوئی راہ پر چلنے والے سو اگر عالم دیندار اور شرعی حکمونپر خود قائم رہکر لوگون کو نصیحت کرین تو لوگ بہی انکو قائم دیکہکر شرع کی راہ اختیار کرینگے اللہ و رسولؐ سے ڈرینگے مگر اب اس زمانہ مین بعضے نام کے عالم عوام ان پڑہون سے زیادہ ڈہیٹہ ہوکر بلا تحاشا ظاہر حرام ڈنار و او بدعت کے کام اپنے

کہرون مین کرتے ہین دوسرون کوکس مونہہ سے منع کرین گے اور منع بھی کرین تو
کون مانیگا الٹی فضیحت ہوگی - اسواسطے چپ چاپ بیٹہے ہین بلکہ اپنے برے کامون کو
اور جاہلون کی آبائی رسمون کو اُلٹی تقریرون اور جہوٹے تاویلون سے رواج ومباح
بتاکر نصیحت کرنیوالون سے مقابلہ کو تیار ہوتے ہین مکر وفریب وحسد وبغض وحیلہ سازی و
تہمت بندی مین پکے ہین علم کو دنیا کمانے کی ٹٹی بناکر شرعی صورت ولباس بناکر لوگونکو
فریب کے جال مین پہنساکر راہ راست سے پہیرنے کے فکر مین دن رات لگے رہتے ہین حضرت
نے اگلے ان شریرون کی شرارت سے آگاہ فرمایا ہے کہ قریب ہے کہ آویگا لوگون پر ایک
زمانہ کہ باقی نہ رہیگا - دین مسلمانی مگر نام اُسکا اور باقی نہ رہیگا قرآن سے مگر نشان اُسکا مسجدین
اُنکی آباد ہین اور وے حقیقت مین اجاڑ ہین ہدایت کے راہ سے علماء اُنکے بدترین خلایق زیر آسمان
ہین اُنکے نزدیک سے ظاہر ہوگا فتنہ اور اُنہین کیطرف وہ فتنہ پلٹیگا اور روایت ہے زیاد سے کہ فرمایا
مجکو عمر نے آیا جانتا ہے تو کیا چیز گرا دیتی ہے اسلام کی بنیاد کو کہا مینے نہین فرمایا گراتی ہے اُسکو
پہسلنا عالم کا اور جہگڑنا منافق کا ساتہہ کتاب اللہ کے اور حکم کرنا گمراہ سردارونکا یعنے عالم جبکہ اپنی راہ
چہوڑ کر فسق اور فجور اور بدعت کے کام کرنے لگین تو اسلام کے جڑ کیونکر نہ کہدیگی اسیطرح جب
جہوٹے مسلمان کلام اللہ کی آیتون مین جہگڑنے لگے اپنی خاطر خواہ بزور معنے نکالنے لگے
اور بیجا تاویلون سے لوگون کو بھی شک مین ڈالنے لگے اور ظالم حکام مین من مانتے زور سے
لوگون پر حکم چلانے لگے تو دین اسلام ویران ہوگیا سو وہی حال ہے اس زمانہ مین ہے کہ کوئی
خدا کا بندہ اللہ ورسول کی راہ پر لوگون کے لانے کو زور مارے تو یہہ خناس اپنی بہلائے
عوام کی گمراہی مین سمجہکر انکو اسی ہی چال سے ہامان وقارون کی مانند ہدایت مین آنے نہین
دیتے اور کفر وبدعت سے بچنے کے روادار نہین ہوتے اور اِنَّ کَثِیْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ
لَیَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کے مصداق بنتے ہین سو
اگر تہوڑا ابھی ایمان اور اللہ ورسول کا ڈر لوگون کے دلون مین ہو تو اُن باتون کو جو ایماندار
لوگ بتاتے ہین اللہ ورسول اللہ کو درمیان دیکر مولویون سے پوچہین اگر ٹہیک ہے
تو اپنے اعمال سے توبہ کرکے سچے مسلمان ہوجاوین باپ دادا کی بری راہ چہوڑدین

ہادی حقیقی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور انکی آل واصحاب مجتہدون کی پیروی اختیار کرین اور جو لوگون کے کہنے سے اس نعمت کے حاصل کرنے سے اٹک رہی ہین انکو بھی سمجھاوین کہ اللہ ورسول اُنسے راضی ہوجاوین اور دین کے حال جہان مین بھلے برے کام اور بد رسمین جو دین کی رونق بگاڑ رہی ہین لوگون سے چھوٹ جاوین اور جنکو اللہ تعالے نے حکومت کا مرتبہ عنایت کیا انکو لازم ہے کہ دینداروں کے مقدمہ جب بددینون اور خودپسندون کر ظلم سے انکی کچہریون مین رجوع کرین اور ظالم لوگ غریب مسلمانون کو کفر و بدعت کی بد رسم دفع و منع کرنیکے سبب دکھہ دینے پر مستعد ہووین تو شرع کے حکم بموجب کسی دیندار بے طمع حقانی منصف مولوی سے فتوے لیکر خوب تحقیق کرکے حکم دین تاکہ لوگ اپنے دین پر قائم ہون اور اُسمین اللہ ورسول کے سامنے انکی سرخروئی اور ملک مین امن چین رہیگا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر کسی قوم مین برے کام ہورہے ہون اور مقدور ہوتے اُس برے کام کو جو باز نہین رکہتا تو انکی موت کے پہلے سب پر اللہ تعالے عذاب بہیجتا ہے ان روایتون سے معلوم ہوا کہ اچھے مسلمانون کا یہی کام ہے کہ حتے المقدور لوگون کو نیک نیک باتون کے سکہانے اور بری باتون سے بچانے مین کوشش کرتے ہین اور جو برے لوگ اپنی بری سے باز نہ آوین تو اُنسے میل نہ رکہین کہ کہین اُنکے سبب سے خود عذاب الٰہی مین گرفتار نہ ہووین دیندار و شرعی احکام سکہانے مین کسی مخالفت سے نہ ڈرو اخلاص و محبت و نرمی سے خالصًا مخلصًا للہ یہ طریقہ جاری رکہو اللہ تعالے تمہاری جان و مال و عزت کا نگہبان رہیگا اور اگر دنیا مین دین کی دولت اور خدا اور رسول کی پیروی و تابعداری پر کمر باندہنے اور لوگون کو سکہانے سے کچہ ذلت بہی ہوگی تو وہ عین عزت ہے دنیادار بیان کی عیش کو جنت جانتے ہین اور لوگون کے بہکانے کو قابلیت اور ہدایت سمجہتے ہین اور درپے اذیت و بدنامی دینداروں کے ہوکر مخالفت انکی ذلت پر باندہتے ہین دیندار تو سنت رسول کی تاکید کرتے ہین اور ہندوؤنکی رسمون سے کہتے ہین پس مخالف اگر حسد و عداوت سے اس طریقے کو جس سے لاکہون آدمی سنورے اور سیدہے راہ پر آئے اور جاہلون نے باپ دادا کی رسم چھوڑدی برا کہین اور لوگون کو بہکاوین تو اللہ اور رسول کو کیا منہ دکہاوین گے انشاء اللہ تعالے وہی مالک الملک احکم الحاکمین

شاہنشاہ عالی جاہ بے پرواہ عزیز ذوانتقام قہار ذوالبطش الشدید اس جہان میں بہی
ظلم و بے انصافی کی سزا انکو دیگا اور حسد و عداوت کا بدلہ وہان بخوبی لے گا سچ تو یہ ہے
کہ انبیا اور اولیا و اعظون کو ایسی تکلیفین ہمیشہ ہوتی آئی ہین اُسکا مطلق اندیشہ نہین
غرض کہ اپنا کام کرتے رہیے اور اللہ مالک الملک کے سوا کسی سے نہ ڈریے نقل ہے کہ ایک
بادشاہ بیدین تہا اُسکا ارادہ ہوا کہ بنی اسرائیل کی قوم کو جو اسلام کا دعوی کرتے تہے اور اُسکو کافر
کہتے تہے تباہ کرے اور انکو بیدین اور اپنے خیرخواہ بناوے وزیرون نے یہ صلاح ٹہرائی کہ اس
قوم کے علما و امرا کو طمع کے دام مین لا کر اُنسے کام لیا چاہیے انہین کو اپنے نائب بنا کر دوسرون
کو اپنے دین و آئین کی ترغیب دلوائیے پہر جو لوگ لائق و قابل و اشراف عزت دار تہے انکو بڑے
مشاہرے دیکر نوکر رکہا جب یہ نوکر ہوئے تو انکی خوشامد کرنی ضرور پڑی خوشامد سے بڑی بڑی عہدے
ملے غرض بیدینداروں نے جب انکا یہ حال دیکہا کہ دنیا کے طمع سے یہ لوگ خدا فراموش ہوئے
تب اُسوقت کے پیغمبر کو یہ خبر ہوئی بجای پیغمبر نے اُن علماؤن و امراؤن کو بلا کر دنیا کی ناپائداری اور
آخرت کی ذلت ظاہر کی لیکن اُن سنگدلون کے دلون مین جو دنیا کی محبت چہا گئی تہی کچہہ اثر
نہوا بلکہ بعضے اُس بادشاہ کی تعریف کرنے لگے غرض وہ نمکحلال اُسکے خیرخواہ نیکر اچہے منافق
بلکہ خاصے مرتد بنے چند روز کے بعد اُس بادشاہ نے اُن عالمون اور سردارون حکم فرمایا کہ تم ہمارا
نمک کہاتے ہو اور ہماری بدولت عیش کرتے ہو پس جیسے تم ہمارے خیرخواہ و مددگار ہو ایسی
ہی کسی تدبیر سے سب کو بناؤ یہ تو ہزار بار روپیہ کہا کر دولتمند بنے تہے اور آمادہ و مستعد ہوئے تھے
یہ سوچے کہ کیونکر اپنے خاوند نعمت کی حکم عدولی کرین اور اس نقد عیش کو آخرت کی ادہار نعمتون
پر کسطرح چہوڑ بیٹہین دل سے مستعد ہوئے نقلی دلیلین عقلی دلیلون سے جہٹلانے لگے بلکہ بے دینون کی دلیلین
ثابت اور شرعی دلائل ناقص کرنے لگے نیک راہ سے بہکا کر آخر بدراہ کیے تہوڑی ہی عرصہ مین
انکی ترغیب و تحریص و فریب سے ہزارون دیندار بیدین بنگئے اور بادشاہ کے طریقے پر چلنے لگے اللہ کے
دوستون کی بستی اجڑ گئی نافرمانون کی جمیعت بڑہ گئی لالچی اور بہکانے والون کی جگہہ جہنم مین
مقرر ہوئی دوسری فصل اُن بہتانون کے بیان مین جو تفصیل طلب مین مجملاً اہل حق پر
اُن باتون کی نسبت کرنا محض افترا ہے پہلی تہمت انکے ادنے و اعلے کہتے ہین کہ ہم اور خضرت

صلے اللہ علیہ وسلم اور سب پیغمبر برابر ہین اس تہمت کی تفصیل یہ ہے کہ آجتک کسی جاہل گنوار
کی زبان سے بھی یہ کفر کا کلمہ نہ نکلا ہوگا سُبحَانَکَ ھٰذَا بُہتَانٌ عَظِیمٌ کسی طرح سے ہم
مین اور حضرات انبیا علیہم الصلوۃ والسلام مین برابری ہو نہین سکتی کیونکہ حضرات انبیا علیہم
السلام اشرف المخلوقات ہین خصوصًا سرور کائنات مفخر موجودات صلے اللہ علیہ وسلم
ہم سنت وجماعت والون کا اعتقاد تو یہ ہے کہ کوئی غوث وقطب و امام و ولی بھی حضرت کے
ادنی صحابی کی ہمسری نہین کرسکتا چہ جائے ہم گنہگار روسیاہ بدکار اُس جناب کی برابری کا
دعوے کرین نعوذ باللہ منہا اسمین ہمسری کا دعوے باطل اور بالکل غلط اور لغو ہے جو کوئی
کسی وجہ سے دعوے ہمسری کا آنحضرت علیہ السلام کے ساتھہ کرے اور اُن عالیجنابون کو اپنے جیسا
سمجھے وہ کافر ہے اور کافرون کا یہی عقیدہ ناپسندیدہ ہے اور یہی عقیدہ اُنکے کفر کا موجب ہے
چنانچہ ارباب حق پر پوشیدہ نہین ہے ہان اگر کوئی قُل اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثلُکُم وَاِنَّمَا اَنَا رَجُلٌ مِّثلُکُم کے معنے
حکایتہً بیان کرے تو کیا قباحت ایسے محل پر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر کہنے سے ہمسری برابری
کا دعوے کہنے والے پر ثابت نہین ہوتا **دوسری تہمت** یہ کہتے ہین کہ انبیا علیہم السلام
مردے ہین اس عالم سے بالکل بے خبر ہین تفصیل اس تہمت کی یہ ہے کہ ایسی بے ادبی کے الفاظ
کسی ادنے مسلمان ہرگز خوان سے بھی صادر نہ ہونگے کس واسطے کہ حضرات انبیا علیہم السلام کو
بے شبہ قبرون مین یا جنت مین حیات حقیقی ہے خصوصًا ہمارے حضرت کو ملائکہ کی خبر پہونچانے
سے خبر ہوتی ہے چنانچہ مفتاح الابواب وغیرہ کتابون مین ہے کہ آنحضرت ع اپنی مرقد مبارک مین
حقیقی حیات سے مشرف ہین اور بعضے شافعیون کے نزدیک جنت مین فرشتے خدمت بابرکت
مین آنحضرت صلعم کے بندون کے اعمال مجملًا عرض کرتے ہین ہان اگر کوئی ایسا اعتقاد رکھے کہ آنحضرت
غیب کی سب چیزین جانتے ہین اور خدا کی مانند سب جگہ حاضر و ناظر ہین اُسکے جواب مین کوئی کہے کہ
اللہ تعالے کے سوا کوئی عالم الغیب اور ہر جگہ حاضر و ناظر نہین نہ نبی نہ ولی تو کیا قباحت ہوئی
تاتارخانیہ و بحر الرائق کا مسئلہ ہے گواہ مقبول الشہادۃ سے رَجُلٌ تَزَوَّجَ اِمرَأَۃً وَلَم یَحضُرِ
الشُّہُودُ فَقَالَ خدا اور رسول را گواہ کردم بَطَلَ النِّکَاحُ وَکَفَرَ النَّاکِحُ اسواسطے کہ اُسنے حضرت رسول
اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ناظر حالات وسامع دعوات اپنا جانا **تیسری تہمت**

کہتے ہین کہ یہ لوگ ذات انبیا سے صدور فیض اور مدد کے قائل نہین جواب اسکا یہ ہے کہ ہم لوگ
ذات بابرکات جناب سرور کائنات فخر الاولین والآخرین شفیع العصاۃ والمذنبین رحمۃ للعالمین
امام الانبیاء والمرسلین کو ایسا معدن فیض اور چشمہ امداد جانتے ہین کہ مثل انکی جملہ عالم مین کسی کو نہین
جانتے ہمارے اعتقاد مین ذات بابرکات آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی از ابتدار تخلی بجلیہ وجود
لغایۃ روز حضور بدرگاہ رب المعبود کے چشمہ فیض اور معدن برکات زمان حیات مین طرح طرح
کی مددین اور فیض شرف اندوزان حضرت نبوی کو ذات متبرک سے حاصل ہوئی ہین اور بعد
وصال اطہر کے عالم برزخ مین بھی ذات مبارک موجب نزول انواع رحمت وبرکات اور حشر
کے دن بھی ذات مبارک سے فیض عام اور امداد کافہ انام بلاشبہ پائی جاویگی یعنے اُسوقت
کہ تمام انبیا اولو العزم نفسی نفسی پکارینگے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم بے کسون کو
لیے شفاعت بالاذن سے کرب والم سے نکالکر باذن اللہ پار اُتارینگے تو دیکھو کہ ہم جناب
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کیسا معاون اور شافع اور مددگار بجناب ایزدی سمجھتے ہین پھر نسبت
کرنا انکار امداد انبیا کا ہماری طرف محض اتہام ہے ہان البتہ ہم لوگ اسطرح کی امداد سے
بلا شبہ لوگون کو منع کرتے ہین کہ اپنی حاجتین جیسے مال اولاد اور صحت ورزق وغیرہ علی ہذا
القیاس بالاستقلال آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے حاضر وناظر اور سننے والے دعاؤن کو جانکر
طلب کرنا چاہیے اسلیے کہ یہ خاصہ جناب باریتعالے کا ہے کہ سبکی سب اوقات مین سنے اور سب کو
سب کچھ دیوے اب یہی استمداد اس نہج کی کہ اللہ تعالے سے حاجات دنیاوی طلب کرین اور آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ پکڑین سو تحقیق اس بات مین بھی یہی ہے کہ صلحاے امت جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو جو کہ اپنے زمانہ مین موجود ہون وسیلہ پکڑا جاوے کیونکہ صحابہ اور باقی سلف صالحین
جناب رسول اللہ کو بعد وصال آنحضرتؐ کے وسیلہ دعا مین نہین پکڑتے تھے چنانچہ بخاری مین
ہے عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ كَانَ
اِذَا قُحِطُوْا اسْتَسْقٰی بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ
اِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَسْقِيْنَا وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا صلعم
پس دیکھو کہ باوجودیکہ صحابہ رضی اللہ تعالی عنہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو افضل البشر جانتے تھے

لیکن بعد وصال آنحضرت وسیلہ آنحضرت کا اپنی دعاؤں میں پکڑتے تھے اور وسیلہ صلحا موجودین کا جو کہ بہ نسبت آنحضرت کے کچھ رتبہ نہیں رکھتے تھے پکڑا کرتے تھے سو ایسا ہی اب بھی متبع سنت نبوی پیروی سنت خلفاء راشدین مہدیین کو لازم ہے کہ سب حاجات اپنے باری تعالے سے طلب کریں اور اپنی دعاؤں میں اگر وسیلہ پکڑنا منظور خاطر ہو تو صلحاء امت محمدیہ کو جو کہ موجود بحیات ظاہری ہوں وسیلہ پکڑیں اور اسمیں جناب رسول اللہ کی کمال عظمت اور علو مرتبت پائی جاتی ہے کیونکہ جب انکے ادنے پیروان سنت کو یہ منصب توسل حاصل ہوا تو شان اس متبوع عالی مرتبت کی تو کیا ہی کچھ ہوگی

مثنوی

هرچه خواهند از خدا خواهند و بس
نیست هادی حقیقی جز خدا
زانکه تاثیر دوا از حکم اوست
نبود هرگز تصرف ذره را
گفت حضرت مصطفی مر خلق را
فاسق و فاجر نماند هیچکس
گر نیند جن و فرشته و اولیا
نیست مخلوق و نبی و اولیا
کر رسانند خلق را حاجات شان
چون کنند توبه بود در مومنان
آن زیارت گو ز سنت آمدست
طلب آمرزش نمایند از خدا
میکنند زینت بهود و فاسقان
قبرها را زین عمل بت مے کنند
این بیان اظهار حق ست و یقین
زان نخواهند مدعی اظهار آن

خواستن مقصود و نصرت از خدا
که بجز حق نیست معطی هیچکس
دافع درد و بلا با جز خدا
نیز تاثیر دعا را از حکم اوست
هرچه سبب کفر و شرک و رده است
گر هدایت میبودی در دست ما
گفت خالق تو بگو یا مصطفی
مالکان نفع و ضرر شما
هرکه داند اولیا و صالحان
دفع میسازند بلا و ضرر شان
نیست جائز از بزرگان صالحان
از برای پند و عبرت آمدست
چون زیارت را بگورستان روند
بر قبور اولیا و صالحان
گفت حضرت چون یهود این سبها
گرچه ذم فاسقان ست اندرین
هرکه مے گوید کسے را جز خدا

لازم و فرض ست بر مرد و نسا
دافع الشر جز خدا دیگر نه است
نیست دارو طبیب و اولیا
چونکه در اموال خواجه بنده را
کردن آن شے حرام و بدعت است
در جهان گمراه نماند هیچکس
با گروه مشرک و اهل هوا
لائق سجده و پرستش جز خدا
مے نهند قدرت تصرف همبران
آن شود مرتد و کافر بیگمان
طلب مے سازند مقصدها ز شان
هم برای اهل آن خوانند دعا
پس بر آنها فسق بدعتها کنند
هم ورا بوسند و هم سجده کنند
بت مگردان ای خدا قبر مرا
چونکه حق سخن ست و تلخ ست در جهان
هیچ درویش و نبی و اولیا

نے بند قدرت توانائی بران
نے دواے میکند تے اولیا
ہر کہ درویش و ولی را با خدا
جاہلان رامے شود ایمان بران

کہ رساند خلق را حاجات شان
بدعیان زین گفتنش بد مے برند
مے کنند انباز در کار خدا
این سخن دانند زان کافر شوند

دفع بیماری آفت جز خدا
ہم کنند انکار زان ہم روگشتند
راست دانند گفتنش راجاہلان
زین عقیدہ کفر در دوزخ روند

چوتھی تہمت شفاعت کے منکر ہین یہ صریح بہتان اور افترا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کے دن باذن اللہ ہماری شفاعت کرینگے جو شخص اس شفاعت سے منکر ہو اُسکو ہم کافر اور مرتد جانتے ہین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے شافع ہین اور سید الشافعین ہین اور حضرت کی شفاعت سے کروڑون گنہگار جہنم سے نکل کر جنت مین جا وین گے اسکا انکار کسی مسلمان سنت و جماعت والے کو نہین ہان انکار کافرون مشرکون کی شفاعت کا تو ضرور ہے کیونکہ حضرت شفیع المذنبین ہین نہ شفیع الکافرین والمشرکین احیاء العلوم مین ہے کہ شفاعت پر اعتماد کر کے گناہ کے کام کرنا ویسا ہے جیسا بیمار ماہر طبیب و مشفق حکیم پر بھروسا کر کے پرہیز چھوڑ دے یہ سراسر نادانی اور حماقت ہے اور معروف کرخی رح فرماتے ہین طلب بہشت کی بغیر عمل کے گناہ ہے اور امید شفاعت کی بے سبب و علاقے کے ایک نوع کا فریب ہے اور امید مہربانی کی رکھنا اُس سے جسکی فرمانبرداری نکرنا حمق و جہالت ہے یہ سب یکطرف ایک دن حضرت عمر رض نے اُم ہانی سے کہا کہ نیک عمل کرنا کہ کل تیرے کام آوین کیونکہ حضرت محمدؐ تیرے کام نہ آدینگے اللہ کے سامنے اے صاحبو اس کہنے سے تو صاف شفاعت کا انکار پایا جاتا ہے مگر چونکہ انہون نے دہشت دلانے اور سیدھے راہ پر چلانے کو لیے اسطرح فرمایا ہے اسواسطے آجتک حضرت عمر رض کے کسی دشمن نے بھی انکو منکر شفاعت نہین کہا بھلا جب حضرت عمر رض اور امام محمد غزالی رح اور معروف کرخی رح اس کہنے سے وہابی اور منکر شفاعت نہوئے تو ہم بھی لوگون سے گناہ چھوڑانے کی نیت پر سید المرسلین کے دین و اُمت کی خیر خواہی سے ان لوگون کو جو کہ شفاعت کی امید پر ہزارہا گناہ کرتے ہین اور باز نہین آتے کہتے ہین کہ حضرت شفیع المذنبین ہین لاریب فیہ مگر کفر و شرک و ارتداد کے کام کرنے والون کے اور حلال و سبک گناہ کو جاننے والون کے شفیع نہین ہین اتنے کہنے سے ہم بھی وہابی نہین ہوتے اگر اس طوفان بے تمیزی مین تم چلا چلا کر ہزار ہزار وہابی پکارو اہل ایمان جان چکے کہ نفسانیت کے

تب مین ہذیان بکتے ہو ایمانداران کے معتقدون مین ہرگز ضد سے ایسی بات نہ کریگا جس سے جاہلون کا عقیدہ بگڑے ضد اور حسد ہی سے تو ابلیس جو اتنا بڑا مولوی تہا لعنتی ہو گیا افسوس یہی ہے کہ مولوی ہو کر بدعتیون کی طرف داری سے گنگوہی کا دشمن بنے ای نافہم معنے شفاعت کے تو ہم پکار کر کہتے ہین کہ ہمارے حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قیامت کے دن پانچ جگہ شفاعت کرینگے ہمپر کسی طرح شفاعت کے انکار کا افترا تمہاری فریبی تقریرون سے ثابت نہین ہوتا ہمارے اعتقاد پاک ہین اور حضرت ہمارے شفیع الشفعا ہین تمنے بڑی بڑی کتابین پڑہ ڈالین مگر حیف ہے کہ بعادت طبعی و بلادت ذہنی سے شیخ سعدی کی گلستان و مولانا جامی کے عقائد نامہ کا مضمون بہی اب تک نہ سمجہا الحاصل قرب قیامت قریب ہے اہل بدعت کا ہر طرف سے زور ہے اور مفسدون کا شور ہے اتباع سنت رسول کے نام سے اہل سنت کو دشمن بنجاتے ہین اور طرح طرح طعن و تشنیع جو سراسر جہوٹھ و بہتان ہے کر کر بدنام کرتے ہین حاصل انکا عوام لوگون کو سنی علما سے بد اعتقاد کروانا پہر کہلے ظاہر خلقت بے کہلی تہر کر و بدعت کی طرف دعوت کرنا اول کچہہ جہوٹھ کچہہ سچ ملا کر مکر و فریبی تقریرون سے عوام کو حقانی علما سے نفرت دلانا پہر بیچارے ان پڑہون ان جاہلون کو شرک و بدعت کے گرداب مین ڈبونا اور اپنے جیسا انکو بہی گمراہ کرنا ہے نہین تو کونسا مردود ہو گا جو رسول اللہ کی شفاعت کا اور اولیاؤن کی کرامت کا اور میت کی ثواب رسانی کا مانع و منکر ہو گا اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْ شُرُوْرِ الْحَاسِدِيْنَ وَظُنُوْنِ الْفَاسِدِيْنَ

نظم

دور شو ز ایشان کہ بس بیگانہ اند
اہل دین آنند حق ظاہر کنند
عزت و زر از ستم حاصل کنند
در دل خود خوف فوت زر نہند
گرچہ در ظاہر نمایند مومنان
گر بدی بے علمی شرف عالمان
نیست آنرا شرف گرچہ نو بود

علم دین را علم دنیا رہزن است
اہل دنیا آنکہ حق پوشی کنند
طرف حق ذرہ ندارند اندر آن
خوف فوتِ دین و ایمان کے نہند
نیستند آن عالمان بلکہ خرند
کے بدی شیطان و بلعم راندگان

اہل دنیا چون سگ دیوانہ اند
اہل دین را اہل دنیا دشمن است
طرف ناحق گشتہ حق باطل کنند
مانع آنرا بدانند از بدان
اینچنین را گفت ملا کافران
زان خران انسان ہزاران بہترند
علم در جامہ پلیدت کو بود

پانچوین تہمت مولود شریف سے منع کرنے

ہین تفصیل اسکی یہ ہے کہ ہم لوگ مطلق پڑہنے اور سننے مولود شریف کو یعنے وقائع میلاد نبی صلی اللہ
علیہ وسلم سے جو تخصیص ماہ اور تاریخ معین اور التزام عقد مجلس خاص مستقل مقصود بالذات اور
قیام بوقت ذکر وضع نبوی وغیر ذلک لوازم ہیئت کذائی پر مشتمل نہو منع نہین کرتے بلکہ
ایسے ذکر مبارک کو موجب نزول انواع برکات اور مثمر حصول رحمت خالق البریات سمجہتے
ہین اور جو کوئی ایسے ذکر حق سے منع کرے اُسے برا جانتے ہین ہان البتہ ایسی مجلس مولود سے
منع کرتے ہین جو بماہ معین ربیع الاول بروز معین بہر کے یا کسی اور دن مجلس خاص منعقد کر
پڑہا جاوے اور وقت ذکر وضع نبوی کے قیام کیا جاوے پہر اگر اس محدث بہیئت کذائی کو
امور شرعیہ موجبات ثواب کی سمجہا جاوے اور باعث زیادت محبت کا ساتھ رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم کے جانا جاوے اور تارک کو اُسکے تارک سنت سمجہا جاوے یا اس نہج کی مجلس سے
منع کرتے ہین کہ جسمین باوجود میلاد کے طرح طرح منکرات مثلاً راگ رنگ اور قصہ کہانی جیسے
بدر منیر جو ہے نامہ گلشن نامہ گیدڑ نامہ طوطا کہانی اور واہیہ اور رذل غزلین شعر اور تار سی پڑہی جاوین
پس اگر ان دو قسمون کی مجلس مولود سے منع کرنے کا نام انکار مولود ہے اور انکے منع کرنیوالے وہابی
ہین تو اگلے اور پچہلے بہت سے علمای ربانی اور ائمہ مجتہدین وہابی ہونگے کیونکہ ایسے اقسام کے
مجلس مولود کو بہت اماموں اور عالمون نے جنمین کوئی حنفی ہے اور کوئی مالکی اور کوئی شافعی
اور کوئی حنبلی ہین مذموم اور مردود کہا ہے اگر سبکے ذکر اسامی وار اس سلسلے قامع الشرک و البدعت
موسومہ بنبیہ الابرار
مین لکہین تو اُسکے سوا ایسے بڑی ایک اور کتاب تیار ہوتی ہے مگر چونکہ جواب دینا اس تہمت
کا ضرور تہا اسواسطے چند اقوال چند راسخین علما اور ائمہ صلحا کے بطور مشت نمونہ خروارے ہمین
نقل کیے جاتے ہین تو اولاً معلوم کرنا چاہیے کہ آغاز اس بدعت کا سنہ ۶۰۴ ہجری مین بیچ
شہر موصل کے ساتھ ایجاد سے شیخ عمر بن محمد کے ہوا پہر چند لوگ بڑے عالمون طالبان
دنیا سے اور چند امیران بدعت دوست نے اسکا اقتدا کیا اور بدعت کو بڑا رواج دیا اور قعدہ
انکا ملک ابو سعید کوکبری بادشاہ شہر اربل تہا اب سنو کہ امام اجل شیخ الشیوخ حضرت
تقی الدین سبکی ابو عبد اللہ بن الحاج مالکی اور امام اجل فقیہ اصولی علاو الدین اسمعیل شافعی رہ اور
امام حافظ ماہر ابو بکر بن عبد الغنی شہیر با بن نقط البغدادی حنفی اور امام شیخ الحنابلہ شرف الدین معروف

اور ابن قاضی جبل جسکے حق مین قاضی جزری نے کہا ہے کہ منتہی ہوا ساتھہ انکے علم ساتھہ اختلاف مذاہب کے اور شیخ عبد الرحمن مغربی حنفی اور علامہ احمد بن محمد مصری مالکی اور علامہ معز الدین حسین خوارزمی اور شیخ اجل ابو الحسن علی بن الفضل مقدسی مالکی اور علامہ ابو القاسم عبد الرحمان بن عبد المجید مالکی مغربی اور شیخ کامل محمد بن ابی بکر المجرومی مالکی اور امام نصیر الدین دودی شافعی اور امام علامہ کعب العلوم العقلیہ والنقلیہ شمس الدین ابن القیم اور علامہ احمد بن الحسن اور قاضی شہاب الدین دولت آبادی اور شیخ اجل امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی اور مولانا و مستندنا شیخ الشیوخ شاہ عبد العزیز دہلوی اور صاحب شرعۃ الالٰہیہ اور صاحب تحفۃ الساکین اور صاحب نور الیقین لمن طلب الدین اور علامہ امام الائمہ قاطع اعناق المشرکین و المبتدعین امام تاج الدین فاکہانی مالکی اور سوا انکے اور کئی علما نے ایسے اقسام کی مجلس مولود کی بہت تشنیع اور تقبیح کی ہے اور خوب بسط او بیان شقوق سے ابطال اسکا کیا ہے چنانچہ کچھہ کلمات انکے بطور اختصار اس مقام مین نقل کیے جاتے ہین کہا امام ابو عبد اللہ بن الحاج نے بیچ کتاب مدخل اپنی کے فصل فی مولد وَفِی جُمْلَةِ مَا اَحْدَثُوْهُ مِنَ الْبِدَعِ مَعَ اعْتِقَادِهِمْ اَنَّ ذٰلِكَ مِنْ اَكْبَرِ الْعِبَادَاتِ وَاِظْهَارِ الشَّعَائِرِ مَا يَفْعَلُوْنَ فِیْ شَهْرِ الرَّبِيْعِ الْاَوَّلِ مِنَ الْمَوْلِدِ وَقَدِ احْتَوَى ذٰلِكَ عَلٰی بِدَعٍ وَّمُحَرَّمَاتٍ عَلٰی اَنْ قَالَ وَهٰذِهِ الْمَفَاسِدُ مُتَرَتِّبَةٌ عَلٰی فِعْلِ الْمَوْلِدِ اِذَا عُمِلَ بِالسَّمَاعِ فَاِنْ خَلَا مِنْهُ وَعُمِلَ طَعَامُهٗ فَقَطْ وَنَوٰى بِهِ الْمَوْلِدَ وَدَعَا اِلَيْهِ الْاِخْوَانَ وَسَلِمَ مِنْ كُلِّ مَا تَقَدَّمَ ذِكْرُهٗ فَهُوَ بِدْعَةٌ بِنَفْسِ نِيَّتِهٖ فَقَطْ لِاَنَّ ذٰلِكَ زِيَادَةٌ فِی الدِّيْنِ وَلَيْسَ مِنْ عَمَلِ السَّلَفِ الْمَاضِيْنَ وَاتِّبَاعُ السَّلَفِ اَوْلٰی وَلَمْ يُنْقَلْ عَنْ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اَنَّهٗ نَوَى الْمَوْلِدَ وَنَحْنُ نَتَّبِعُ السَّلَفَ فَيَسَعُنَا مَا وَسِعَهُمْ اِنْتَهٰی ترجمہ فصل ہے مولد مین از انجملہ کہ لوگون نے نئی بدعت نکالی ہے ساتھہ اعتقاد عبادت ہونے اسکے کے اور ظاہر کرنے رسوم اسلام کے ایک یہ ہے کہ ماہ ربیع الاول مین مجلس مولود شریف کی کرتے ہین اور وہ کتنی بدعتون اور حرامون کو شامل ہوتی ہے یہانتک کہ کہا مصنف مدخل نے کہ یہ سب مفاسد مرتب ہوتے ہین مولد کے کرنے پر جب کیا جاوے ساتھہ سماع کے پھر اگر خالی ہون ان مفاسد سے اور کری کہانا اور نیت کری مولد کی ساتھہ اس کہانے کے اور بلاوی کہلانے کے واسطے برادری کو اور بچے ان سب فسادون سے کہ پیشتر گذرے ہین پس وہ بدعت ہے صرف نیت سے اس عمل کے کیونکہ یہ زیادتی ہے دین مین اور معمول سلف سے نہین

اور پیروی سلف کی بہتر ہے اور کسی سے منقول نہین اہل سلف سے کہ اُسنے مولود کیا اور ہم پیروی
سلف کی کرتے ہین پس ہمارے واسطے وہی روا ہے جو انکو روا تہا اور کہا احمد بن محمد بن نصر
مالکی نے بیچ قول معتمد کے ومعتمد اقد اتفق علماء المذاهب الاربعة على ذم العمل به ممن
ذمه العلامة معز الدين حسن الخوارزمي قال في تاريخه ان صاحب اربل الملك المظفر
ابا سعيد الكوكري كان ملكا مسرفا يامر علماء زمانه ان يعملوا باستنباطهم واجتهادهم
وان لا يتبعوا المذاهب غيرهم حتى مالت اليه جماعة من العلماء وطائفة من الفضلاء
ويحتفل لمولد النبي صلى الله عليه وسلم في الربيع الاول وهو اول من احدث من
الملوك هذا العمل وقال ابو الحسن علي بن الفضل المقدسي المالكي في كتابه جامع
المسائل ان عمل المولد لم ينقل من السلف الصالح وانما احدث بعد القرون الثلثة
في الزمان الطالح ونحن لا نتبع الخلف فيما اهمل السلف لانه يكفي بهم الاتباع
فاي حاجة لنا الى الابتداع ترجمہ اور باوجود اسکے اتفاق کیا ہے علماء مذاہب اربعہ نے مذموم ہونے
پر اس عمل کے ایک انمین سے علامہ معز الدین حسن خوارزمی ہے کہا اُسنے کہ اربل کا بادشاہ ابو سعید کوکری
مسرف تہا اپنے زمانہ کے علماؤن کو کہتا کہ اپنے قیاس اور اجتہاد پر عمل کرین اور کسی کے مذہب کی
تابعداری نہ کرین تا کہ میل کیا اسکی طرف ایک گروہ نے عالمون اور فاضلون سے اور محفل کرتا مولود
نبوی کی ماہ ربیع الاول مین وہی تہا جسنے یہ بدعت اول نئی نکالی بادشاہون سے اور کہا ابو الحسن علی
مالکی نے جامع المسائل مین کہ عمل مولد کا سلف صالح سے منقول نہین بلکہ قرون ثلاثہ کے بعد برے زمانہ
مین نیا نکالا گیا ہے اور ہم پیروی خلف کی نہین کرتے جس چیز مین کہ سلف نے نہین کہا کیونکہ
ہمکو متابعت سلف کی کفایت کرتی ہے کیا حاجت ہے بدعت نکالنے کی وقال الامام
ابو عبد الله بن الحاج المالكي في كتابه المدخل بعد تعداد المفاسد في هذا العمل وان سلم
من كل ما تقدم ذكره فهو بدعة بنفس نيته فقط لان ذلك زيادة في الدين وليس
من عمل السلف الماضين واتباع السلف اولى ولم ينقل عن احد منهم انه نوى المولد و
نحن نتبع السلف فيسعنا ما وسعهم اور کہا امام ابو عبید الله بن الحاج المالکی نے بیچ کتاب اپنی
مسمے مدخل کے پیچھے شمار کرنے ان خرابیون کے کہ جو اس مولد مین لوگ کرتے ہین کہ اگر خالی

ہو مجلس مولود کی ان سب خرابیون سے جنکا ذکر گذر چکا تو پہر بھی یہ عمل بدعت ہے اگر صرف نیت ہو اس عمل کے کیونکہ یہ زیادتی ہے دین مین اور نہین ہے عمل سے سلف گذشتہ کے اور اتباع سلف کا بہتر ہے حالانکہ نہین منقول ہوا کسی سے اسمین کہ اُسنے نیت کی ہو مولد کی اور ہم تابع ہین ہے لوگون کے پس گنجایش رکہتی ہو ہمکو وہ چیز کہ گنجایش رکہتی ہتی انکو قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْمَالِكِيُّ الْمُقْرِيُّ فِي تَكْمِلَةِ التَّفْسِيْرِ مَا يُهْتَمُّ بِعَمَلِ الْمَوْلِدِ فَيَلِيْقُ اَنْ يُنْكَرَ عَلٰى مَا اُهْتُمَّ بِهٖ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبُوْ بَكْرٍ الْمَخْزُوْمِيُّ الْمَالِكِيُّ صَاحِبُ الْمِنْهَلِ شَرْحِ الْوَافِيْ فِيْ كِتَابِهِ الْمُبْدَعِ وَالْحَوَادِثِ وَمِنَ الْمُنْكَرَاتِ الْقَبِيْحَةِ وَالْمَكْرُوْهَاتِ الْفَضِيْحَةِ فِيْ هٰذِهِ الْاَعْصَارِ مَا يُعْمَلُ بِمَوْلِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ الْاَمْصَارِ وَمَا هَلَكَتْ اُمَّةٌ مِّنْ اُمَمِ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا بِالْاِبْتِدَاعِ فِي الدِّيْنِ وَقَالَ اِمَامُ الْعَلَّامَةُ تَاجُ الدِّيْنِ الْفَاكِهَانِيُّ الْمَالِكِيُّ فِيْ كِتَابِهٖ لِرَدِّ هٰذَا الْعَمَلِ اِنَّ عَمَلَ الْمَوْلِدِ بِدْعَةٌ مَذْمُوْمَةٌ قَالَ الْفَقِيْهُ الْاُصُوْلِيُّ عَلَاءُ الدِّيْنِ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ الشَّافِعِيُّ فِيْ شَرْحِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ يُحْتَفَلُ لِمَوْلِدِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدْعَةٌ يُذَمُّ فَاعِلُهَا وَقَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الْغَنِيِّ الشَّهِيْرُ بِابْنِ نُقْطَةَ الْبَغْدَادِيُّ الْحَنَفِيُّ فِيْ فَتَاوَاهُ اَنَّ عَمَلَ الْمَوْلِدِ لَمْ يُنْقَلْ عَنِ السَّلَفِ وَلَا خَيْرَ فِيْمَا لَمْ يَعْمَلِ السَّلَفُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَصْلُحُ اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اِلَّا بِمَا يَصْلُحُ اَوَّلُهَا وَقَالَ شَيْخُ الْحَنَابِلَةِ شَرَفُ الدِّيْنِ اَحْمَدُ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ قَاضِي الْجَبَلِ الَّذِيْ قَالَ فِيْ مَدْحِهِ الْجَزَرِيُّ اِنْتَهٰى بِهِ الْعِلْمُ بِاخْتِلَافِ الْمَذَاهِبِ فِي الْتَّاوِيْلَاتِ اِنَّ مَا يَعْمَلُ بَعْضُ الْاُمَرَاءِ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ اِحْتِفَالًا لِمَوْلِدِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ اشْتِمَالِهٖ عَلَى التَّكَلُّفَاتِ الشَّنِيْعَةِ بِنَفْسِهٖ بِدْعَةٌ اَحْدَثَهَا مَنْ يَتَّبِعُ هَوَاهُ وَلَا يَعْلَمُ مَا اَمَرَهُ صَاحِبُ الشَّرِيْعَةِ وَنَهَاهُ اِنْتَهٰى اور کہا ابو القاسم عبد الرحمان بن عبد الحمید مالکی مقری نے تکملہ تفسیر مین کہ جو اہتمام کیا جاتا ہے مولد شریف کے عمل مین پس لائق ہے کہ انکار کیا جاوے اہتمام کرنے والے پر اور کہا محمد بن ابی بکر مخزومی مالکی صاحب منہل شرح وافی کے نے اپنی کتاب مین کہ بیان بدعات مین تصنیف کی ہے کہ ایک منکرات قبیحہ سے اور مکروہات رشت سے اس زمانے مین وہ کام ہے کہ کرتے ہین واسطے مولد نبوی صلے اللہ علیہ وسلم کے بعضے شہرون مین اور نہین ہلاک ہوئی کوئی اُمت امت سے پیغمبرون کے مگر دین مین بدعت نکالنے کی شامت سے اور کہا امام علامہ تاج الدین فاکہانی مالکی نے اپنی کتاب مین کہ مولد معمولی کے رد مین تالیف

کی ہے کہ عمل مولد کا بدعت مذمومہ ہے اور کہا فقیہ اصول علاؤ الدین شافعی نے شرح البعث و
النشور میں کہ جو محفل بناتے ہیں واسطے مولد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سو بدعت ہے مذمت کیا جاوے
کرنے والا اسکا اور کہا حافظ ابو بکر بغدادی حنفی نے اپنے فتاوے میں کہ عمل مولد کا سلف سے
منقول نہیں اور جو کام سلف میں نہیں ہوا اسمیں کچھ خیر نہیں کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
نہیں اصلاح کرینگے پچھلے لوگ اس امت کی جیسا اصلاح کیا اگلوں نے اور کہا شیخ حنبلیوں کے شرف الدین
احمد معروف ابن قاضی جبل نے جسکی تعریف میں امام جزری نے کہا تھا کہ نہایت کو پہونچا اساتذہ اس
شخص کے علم اختلاف مذاہب کا تاویلات میں جو کہ معمول ہے بعضے امیروں کا ہر سال میں محفل کرنا
واسطے مولد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سو بنفسہ بدعت ہے باوجود شامل ہونے کے تکلیفات
شنیعہ پر بنا کالا اسکو ایسے لوگوں نے کہ ہوای نفس کے تابعدار ہیں اور نہیں جانتے کہ صاحب شریعت نے کس چیز کا حکم کیا اور
کس چیز سے منع کیا وفی الشرعۃ الالہیۃ واذا علمت معنی البدعۃ فاعلم ان من البدع
المذمومۃ الشائعۃ فی الامصار والبلاد مجلس مولود النبی صلی اللہ علیہ وسلم لانہ
لم یثبت من الادلۃ الشرعیۃ اما عدم ثبوتہ من الکتاب والسنۃ فظاہر واما من القیاس
فلان المعتبر ہو قیاس المجتہدین بالشرائط المعروفۃ فی الاصول ولم یذہب مجتہد
الی تجویزہ واما من الاجماع فلان المعتبر ہو اجماع المجتہدین ولما لم یثبت ذہاب
واحد من المجتہدین الی اباحتہ فکیف یتصور اجماعہم علی اباحتہ واستحسانہ
علی ان الاجماع لا بد لہ من سند وخلاف الواحد مانع لہ بخلاف الاکثر والسند منتف
ہہنا وکثیر من العلماء قد بالغوا فی تقبیحہ قال ابن الحاج من المالکیۃ ومن جملۃ ما احدثوہ
من البدع مع اعتقادہم ان ذلک من اکبر العبادات واظہار الشعائر ما یفعلونہ فی
شہر الربیع الاول من المولد وقد احتوی ذلک علی بدع ومحرمات وقال عبد الرحمن المغربی
من الحنفیۃ فی فتاواہ ان عمل المولد بدعۃ ولم یقل بہ ولم یفعلہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم والخلفاء والائمۃ وسئل الامام نصیر الدین الدوری عن الاحتفال لذکر
مولد النبی الکریم فاجاب لا یفعل لانہ لم ینقل عن السلف الصالح وانما احدث
بعد قرون الثلثۃ فی الزمان الطالح ونحن لا نتبع الخلف فیما اہمل السلف لانہ

يَكْفِي بِهِمُ الْاِتِّبَاعُ وَاَيُّ حَاجَةٍ لَنَا اِلَى الْاِبْتِدَاعِ وَبِهٰذَا قَالَ ابْنُ الْفَضْلِ وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ
فِي مَلْفُوْظِهِ اِنَّ هٰذَا الْعَمَلَ لَمْ يُنْقَلْ عَنِ السَّلَفِ وَلَا خَيْرَ فِيْمَا لَمْ يُنْقَلْ عَنِ السَّلَفِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُصْلِحُ اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ مَا لَمْ يُصْلِحْ اَوَّلُهَا نَقَلَهُ عَنِ ابْنِ النُّقْطَةِ اَحْدَثَ هٰذَا
الْعَمَلَ مَنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ وَلَا يَعْلَمُ مَا اَمَرَهُ صَاحِبُ الشَّرِيْعَةِ وَمَا نَهٰى عَنْهُ قَالَ ابْنُ قَاضِي الْجَبَلِ
اِنَّا قَدْ رُوِّيْنَا فِي التَّارِيْخِ اَنَّ صَاحِبَ اِرْبِلَ الْمَلِكَ الْمُظَفَّرَ اَبَا سَعِيْدٍ الْكُوْكَرِيَّ كَانَ مَلِكًا مُسْرِفًا يَاْمُرُ
عُلَمَاءَ زَمَانِهِ اَنْ يَّعْمَلُوْا بِاسْتِنْبَاطِهِمْ وَاجْتِهَادِهِمْ وَلَا يَتَّبِعُوْا الْمَذْهَبَ غَيْرَهُمْ مِنَ الْاَئِمَّةِ الْاَرْبَعَةِ
حَتّٰى مَالَتْ اِلَيْهِ جَمَاعَةٌ مِّنَ الْعُلَمَاءِ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الْفُضَلَاءِ وَيَحْتَفِلُ لِمَوْلِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فِي الرَّبِيْعِ الْاَوَّلِ مِنْ كُلِّ سَنَةٍ وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ اَحْدَثَ وَرَوَّجَ هٰذَا الْعَمَلَ اِنْتَهٰى وَرِسَالَةُ

الالہیہ مین لکہا ہے کہ جب جان چکا تو سنت بدعت کا پس جان لے کہ بری بدعتون مین سے جو مشہور ہو رہی ہین شہرون
اور ملکون مین ایک مجلس مولد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے کیونکہ وہ ثابت نہین اولہ شرعیہ سے ثابت ہونا
انکا قرآن و حدیث سے تو ظاہر ہے لیکن نہ ثابت ہونا قیاس سے اسواسطے ہو کہ قیاس معتبر مجتہدون کا ہے
ساتہہ شرطون کے کہ کتب اصول فقہ مین مقرر ہین اور کوئی مجتہد اسکے مباح ہونے کی طرف نہین گیا اور
ثابت نہ ہونا اسکا اجماع سے اسواسطے ہو کہ اجماع بہی مجتہدون کا ہی معتبر ہے سو جب کسی ایک مجتہد کا جانا بہی
اسکی مباح ہونے پر ثابت نہو تو اجماع کیسے متصور ہو سکتا ہی علاوہ کہ اجماع کے واسطے سند ضرور ہے اور خلاف ایک مجتہد کا مانع ہے
اجماع کا جیسا خلاف اکثر کا مانع ہے اور سند اس مسئلہ مین نابود ہے اور بہت علمار نے اسکی تقبیح مین مبالغہ
کیا ہے کہا ابن الحاج مالکی نے کہ جملہ محدثات اور بدعات سی کہ نئی نکالی ہے لوگون نے باوجود اعتقاد کرنے
کے کہ یہ بڑی عبادت ہی اور ظاہر کرنا شعارون اور رسوم اسلام کا ہے ایک یہ ہو کہ ماہ ربیع الاول مین مولد شریف
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کرتے ہین حالانکہ وہ شامل ہے بہت بدعات اور حراموپر اور کہا عبدالرحمن مغربی
حنفی نے اپنے فتاوی مین کہ عمل مولد کا بدعت ہے نہ نقل کیا گیا ہے اور نہ کیا ہی اسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور نہ آپکے
خلیفون نے اور نہ دین کے پیشواؤن نے اور سوال کیا گیا امام نصیرالدین اودی محفل کرنیسے واسطے ذکر ولادت
نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے جواب کہا کہ نہ کیا جاوے کیونکہ یہ سلف صالح سے منقول نہین نیا نکالا گیا ہے
بعد قرون ثلاثہ کے بری زمانہ مین اور ہم پچہلون کی پیروی نہین کرتے اسچیز مین کہ سلف نے نہین کیا کیونکہ
ہمکو متابعت سلف کی کفایت کرتی ہے بدعت نکالنے کی کیا حاجت اور یہی کہا ہے ابن فضل نے اور
کہا احمد بن حسن نے اپنی ملفوظ مین کہ یہ عمل مولد کا سلف سے منقول نہین ہمین کچہ خیر نہین کہا رسول خدا صلے اللہ

علیہ وسلم نے نہیں درست کرینگے پچھلے اس امت کو جو کچھ درست کرینگے پہلے اسکے ۔ نقل کیا ابن النقطہ
نے اور نیا نکالا اس کام کو خواہش نفس کے تابعداروں نے جو نہیں جانتے کیا کچھ کیا صاحب شریعت نے
اور کس سے منع کیا اور کہا ابن قاضی چیل نے کہ روایت کیا گیا ہے ہمکو تاریخ مین کہ صاحب شہر اربل کا
بادشاہ مظفر ابو سعید کوکری بادشاہ مسرف تھا یعنے فضول خرچ بیجا خرچ کرنے والا اپنے زمانے کے عالمون
سے کہا کرتا اپنے قیاس اور اجتہاد پر چلو اور کسی دوسرے کی مذہب کی تابعداری مت کرو چارون امامون سے یہانتک
کہ راغب ہوے اسکی طرف ایک گروہ عالمون فاضلون سے اور محفل کیا کرتا ولادت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ربیع الاول
مین ہر سال سے وہی ہے جسنے اول یہ بدعت نکالی اور اسکو رواج دیا تمام ہوئی کلام صاحب شرعۃ الالٰہیہ کی قَالَ
الامام کعب العلوم شمس الدین ابن القیم فی زاد المعاد ولا یخص المکان الذی ابتدی فیہ الوحی
ولا الزمان بشیٔ ومن خص الامکنۃ والازمنۃ من عندہ بعبادات لاجل ہذا وامثالہ
کان من جنس اہل الکتاب الذین جعلوا زمان احوال المسیح مواسم واعیادا کیوم المیلاد انتہی
امام کعب العلوم شمس الدین ابن القیم نے زاد المعاد مین کہ خاص نہ کیا جاوے مکان ابتدای وحی کا
اور نہ زمانہ اسکا ساتھ کسی کام کے عبادت سے اور جو شخص خاص کرے مکانون اور وقتون کو اپنی
طرف سے ساتھ عبادات کو اس غرض سے اور مانند اسکی ہوگا وہ جنس یہود ونصاری سے جنہون نے وقت
احوال مسیح علیہ السلام کو اور اسکے وقت ولادت کو مواسم خوشی کے اور عید ٹھیرایا وقال فی مجموعۃ
الفتاوی القاضی شہاب الدین الدولت آبادی سئل القاضی عن مجلس المولد الشریف
قال لا یعتقد لانہ محدث وکل محدثۃ ضلالۃ وکل ضلالۃ فی النار انتہی ترجمہ اور
کہا ہے قاضی شہاب الدین دولت آبادی نے مجموعۃ الفتاوی مین کہ سوال کیا گیا قاضی مجلس مولود
شریف سے کہا نہ بنائی جاوے کیونکہ وہ بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی دوزخ مین
جاینگی وقال صاحب خیرۃ السالکین موافقا لصاحب نور الیقین لمن طلب الدین چیزیست
کہ نام آن مولودے نامند بدعت ست چہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیچکس را بدین امر نفرمودہ نہ خلفای او ونہ ائمہ دین
خود این فعل کردہ انتہی وقال مسند الوقت شیخ المشائخ الشیخ المجدد فی بعض مکتوباتہ الحمد للہ
الذی ہدانا لہذا وما کنا لنہتدی لولا ان ہدانا اللہ لقد جاءت رسل ربنا بالحق علیہم من الصلوات
اتمہا ومن التحیات اکملہا صحیفہ التفات کہ از روی کرم نامزد این حقیر ساختہ بودند بوصول آن

مبتہج و مسرور گردید جزاہم اللہ سبحانہ خیرا اندراج یافتہ بود کہ الرحیا بچہ مبالغہ در منع سماع متضمن منع مولود
کہ عبارت از قصائد و نعت و اشعار غیر نعت خواندنست نیز بود و اخوی اعزی میر محمد نعمان و بعضے یاران
آنجا کہ در واقعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دیدہ اند از این معرکہ مولود بسیار راضی اند با اینہا ترک شنیدن
مولود بسے مشکل ست مخدوما اگر واقعہ را اعتبار بود و در منامات اعتبار باشد مریدانرا بہ پیران ہیچ احتیاج
نباشد والتزام طریقے از طریق عبث می افتد چہ ہر مریدے موافق وقائع خود عمل خواہد کرد و مطابق منامات زندگانی
خواہد نمود آن وقائع و منامات موافق طریق پیر باشند یا نباشند و مرضی او بوند یا نبوند برین تقدیر سلسلہ پیری
مریدی برہم میخورد و ہر بوالہوسی بوضع خود مستقل گردد و مرید صادق ہزار وقائع را با وجود پیر نیم جو نمیخرد
مطالب سید بدولت حضور پیر منامات را اضغاث احلام پندارد و در ہیچ التفات بآنہا نمی نماید شیطان لعین
دشمن قوی ست منتہیان از وی اند او امین نیستند و از مکر او لرزان و ترسان می مانند از مبتدیان متوسطان چگویند غایۃ
ما فی الباب منتہیان محفوظ اند از سلطان شیطان مصئون بخلاف مبتدیان متوسطان پس وقائع ایشان
شایان اعتماد نباشد و از مکر دشمن محفوظ نبوند ثم قال نظر انصاف بینید کہ اگر فرضا حضرت ایشان درین زمان
در دنیا زندہ بودندے و این مجلس و این اجتماع منعقد میشد آیا باین راضی میشوند و این اجتماع را می پسندیدند
یا نہ یقین فقیر آنست کہ ہرگز این معنے تجویز نے فرمودند بلکہ انکار مے نمودند الخ اور جناب شاہ عبد العزیز
دہلوی قدس سرہ العزیز نے کتاب تحفہ اثنا عشریہ مین بضمن اوہام رافضیون بندرہوین قسم اوہام مین بعد
رد کرنے اس فعل کو رفضا کے جو محرم عشرہ کو ماتم ٹہیرا رکہا ہے فرماتے ہین ازین جا معلوم شد کہ روز نزول الیوم
اکملت لکم دینکم و روز نزول وحی را و شب معراج را در شرع عید قرار نداده اند و عید الفطر و عید النحر را قرار داده اند و روز
تولد وفات ہیچ نبی را عید نگردانیدہ اند الخ قال اور کہا امام الائمہ شمس الملۃ امام تاج الدین فاکہانی
نے اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ تَكَرَّرَ سُؤَالُ جَمَاعَةٍ مِنَ الْمُبَارَكِينَ عَنِ الِاجْتِمَاعِ الَّذِي يَفْعَلُهُ بَعْضُ النَّاسِ فِي شَهْرِ
رَبِيعِ الْأَوَّلِ وَيُسَمُّونَهُ مَوْلِدًا هَلْ لَهُ أَصْلٌ فِي الشَّرْعِ أَوْ بِدْعَةٌ أُحْدِثَتْ فِي الدِّيْنِ وَ
قَصَدُوا الْجَوَابَ عَنْ ذٰلِكَ مُبَيَّنًا وَالْإِيضَاحَ عَنْهُ مُعَيَّنًا فَقُلْتُ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيقُ لَا أَعْلَمُ لِهٰذَا الْمَوْلِدِ
أَصْلًا فِي كِتَابٍ وَلَا سُنَّةٍ وَلَا يُنْقَلُ عَمَلُهُ عَنْ أَحَدٍ مِنْ عُلَمَاءِ الْأُمَّةِ الَّذِيْنَ هُمُ الْقُدْوَةُ فِي
الدِّيْنِ الْمُتَمَسِّكُونَ بِآثَارِ الْمُتَقَدِّمِينَ بَلْ هُوَ بِدْعَةٌ أَحْدَثَهَا الْبَطَّالُونَ وَ اعْتَنٰى
بِهَا الْأَكَّالُونَ بِدَلِيلِ أَدَرْنَا عَلَيْهَا الْأَحْكَامَ الْخَمْسَةَ فَقُلْنَا إِمَّا أَنْ يَكُونَ وَاجِبًا أَوْ مَنْدُوبًا

اَوْ مُبَاحًا اَوْ مَكْرُوْهًا اَوْ مُحَرَّمًا وَلَيْسَ بِوَاجِبٍ اِجْمَاعًا وَلَا مَنْدُوْبًا لِاَنَّ حَقِيْقَةَ الْمَنْدُوْبِ مَا

طَلَبَ الشَّرْعُ مِنْ غَيْرِ ذَمٍّ عَلٰى تَرْكِهٖ وَهٰذَا لَمْ يَاْذَنْ فِيْهِ الشَّرْعُ وَلَا فَعَلَهُ الصَّحَابَةُ وَالتَّابِعُوْنَ

الْمُتَدَيِّنُوْنَ وَمَا عَلِمْتُ وَهٰذَا جَوَابِيْ عَنْهُ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ اِنْ سُئِلْتُ عَنْهُ وَلَا جَائِزٌ اَنْ يَّكُوْنَ

مُبَاحًا لِاَنَّ الْاِبْتِدَاعَ فِي الدِّيْنِ لَيْسَ مُبَاحٍ بِاِجْمَاعِ الْمُسْلِمِيْنَ فَلَمْ يَبْقَ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ مَكْرُوْهًا

اَوْ حَرَامًا فَحِيْنَئِذٍ يَّكُوْنُ الْكَلَامُ فِيْهِ فِيْ فَصْلَيْنِ وَالتَّفْرِقَةُ بَيْنَ حَالَيْنِ اَحَدُهُمَا اَنْ يَّعْمَلَهُ رَجُلٌ

مِّنْ عَيْنِ مَالِهٖ لِاَهْلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِيَالِهٖ لَا يُجَاوِزُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ الْاِجْتِمَاعَ عَلٰى اَكْلِ الطَّعَامِ وَلَا

يَقْتَرِفُوْنَ شَيْئًا مِّنَ الْاٰثَامِ وَهٰذَا الَّذِيْ وَصَفْنَا لَا بِدْعَةٌ وَّمَكْرُوْهَةٌ وَّشَنَاعَةٌ اِذْ لَمْ يَفْعَلْهُ

اَحَدٌ مِّنْ مُّتَقَدِّمِيْ اَهْلِ الطَّاعَةِ الَّذِيْنَ هُمْ فُقَهَاءُ الْاِسْلَامِ وَعُلَمَاءُ الْاَنَامِ سِرَاجُ الْاَزْمِنَةِ

وَزَيْنُ الْاَمْكِنَةِ وَالثَّانِيْ اَنْ يَّدْخُلَهُ الْجِنَايَةُ وَيَقْوٰى بِهِ الْعِنَايَةُ حَتّٰى يُعْطِيَ اَحَدُهُمُ الشَّيْءَ وَنَفْسُهٗ

يَتْبَعُهٗ وَقَلْبُهٗ يُؤْلِمُهٗ اِلٰى اَنْ قَالَ هٰذَا مَعَ اَنَّ الشَّهْرَ الَّذِيْ وُلِدَ فِيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ رَبِيْعُ الْاَوَّلِ هُوَ

بِعَيْنِهِ الشَّهْرُ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ فَلَيْسَ الْفَرَحُ فِيْهِ اَوْلٰى مِنَ الْحُزْنِ فِيْهِ وَهٰذَا عَلَيْنَا اَنْ نَّقُوْلَ وَ

مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى نَرْجُوْ حُسْنَ الْقَبُوْلِ اِنْتَهٰى ترجمہ اما بعد حمد وصلوۃ کے پس بار بار ہوا سوال ایک

جماعت صاحبان برکت کا جمع ہونے سے جو بعضے لوگ ماہ ربیع الاول میں کرتے ہیں اور نام اسکا مولود

شریف رکھتے ہیں آیا اسکے لیے کچھ اصل ہے شرع میں یا بدعت ہے نئی نکالی گئی دین میں اور چاہا جواب

اس مسئلہ کا روشن اور واضح کہ حاجت دوسرے کی نہ چھوڑے پس جواب کہا مینے ساتھ توفیق الٰہی

کے کہ نہیں جانتا میں اس مولد کی کچھ اصل کتاب و سنت میں اور نہیں نقل کیا گیا کرنا اسکا علما

امت سے جو کہ پیشوای دین اور چنگل مارنیوالے ہیں ساتھ آثار اگلون کے بلکہ یہ بدعت ہے نکالا اسکو بیہودہ

لوگون نے اور خواہش نفس کی ہے ارادہ کیا اسکو بہت کہانیوالون نے ساتھ دلیل کے کہ پھیرا ہمنے

اسپر پانچ حکم کو پس کہا ہمنے کہ یا یہ واجب ہو یا مستحب یا مباح یا مکروہ یا حرام اور یہ واجب نہیں

از روے اجماع کے اور نہ مستحب ہے کیونکہ حقیقت مین مستحب وہی ہے جسکو طلب کیا شارع نے سوا

مذمت اسکی ترک پر اور اسمین نہین اذن شارع سے اور نہ کیا اسکو صحابہ نے اور نہ تابعین نے جو کہ دیندار تھے

اور نہ کسی اور نے جسکو مین جانتا ہون اور یہی ہے جواب میرا اس مسئلہ سے سامنے خدا تعالے کے اگر اس سے

پوچھا گیا اور یہ بھی نہین جائز کہ مباح ہو کیونکہ بدعت نکالنا دین مین مباح نہین ساتھ اجماع

مسلمانون کے پس نہ باقی رہا مگر یہ کہ مکروہ ہو یا حرام ہو اب کلام اسمین ہے بیچ دو فصلون کے اور
فرق ہے درمیان دو حالون کے ایک یہ کہ کوئی شخص اپنے خاص مال سے کری کہانا اپنے اہل و عیال اور
یارون کے واسطے اور نہ بڑہین اس جمع ہونے مین کہانا کہانے سے اور نہ کرین کوئی چیز گناہون سے یہ قسم وہ
جسکو ہم مکروہ اور بدعت اور زبون کہتے ہین کیونکہ نہین کیا اسکو کسی نے اگلون سے جو اہل طاعت تہے اور
فقیہ اسلام اور عالم جہان کے اور چراغ زمانون کے اور زینت مکانون کے دوسرا یہ کہ داخل ہوا اسمین جنایت
اور قوی ہو ساتہہ اسکے اہتمام یہانتک کہ دیتا ہے ایک انمین کچہہ چیز اور جیو اسکا پیچہے جاتا ہے اسچیز کے
اور دل اسکے کو رنج پہونچتا ہے دیدینا اسچیز کا یہانتک کہ کہا اس امام نے آخر کلام مین کہ یہ ماہ ربیع
الاول وہ مہینا ہے جسمین آنحضرت پیدا ہوئے اور یہی مہینہ بعینہ وہ ہے جسمین وفات پائی سو خوشی
کرنی اسمین بہتر نہین غم کرنے سے اسمین یہ ہی جو واجب تہا ہمپر اسکا کہنا اور اللہ تعالے سے امید وار ہین
اچہے قبول کرنے کے واللہ اعلم بالصواب تمام ہوئی کلام انکی بقدر ضرورت کے اور امام فاکہانی
کا شیخ جلال الدین سیوطی نے تعقب بہی کیا ہے اور ایک رسالہ مین انپر رد و قدح بہی کیا ہے لیکن ناصر
فاکہانی نے رسالے سیوطی کا حرفا حرفا رد لکہدیا ہے طالب شائق کو چاہیے کہ رسالے ناصر فاکہانی
کو ملاحظہ کرے تو یقین ہے کہ کسی طرح کا شک کلام مانعین اس مجلس مولود کے مہتمان ورنہ کوئی اعتراض
مجوزین کا باقی رہے اور کلام ان مبین اکابر علما اور ائمہ مذاہب کے جو منقول ہوئی بلا ریب تشنیع اور تقبیح پر
اقسام کی مجلس مولود کے جہان اور دال ہے اور اعتراضات سے محفوظ ہے پس اگر یہ لوگ اگلے اور
پچہلے حنفی اور شافعی حنبلی اور مالکی سب کے سب وہابی ہین تو ہم بہی وہابی ہین لطیفہ سبحان اللہ قربان
اس الٹی سمجہہ کے نیکی برباد گناہ لازم ایسے مولود کی مجلس والے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوست
ٹہیرے اور اسکے منکر وہابی ہینے بدعتی گور پرستون کی کچہ عادت ہی ہوگئی ہے کہ اگر ذرا بہی اپنی مرضی
کے خلاف کسی کا قول و فعل پاتے ہین تو فورا وہابی کہدیتے ہین چنانچہ ان دنون بعضے چلہ پوجنے والون
نے چلہ پرستی حرام و کفر کہنے والون بزرگون کو ناحق وہابی مشہور کر دیا اور درباب درستی کے چلہ پرستی کے
ایک رسالہ بیہودہ اور پوچ کہ جسمین کلمات کفر کے موجود اور دلیلین نامعقول و اسناد غیر معقول ہین
چہپوایا اور اپنے جاہل مریدون اور معتقدون کے نزدیک شیخ اکبر نے صندل عرس میلہ و قبور کا ذبح کی
زیارت کو سنت و جماعت کی نشانیان ٹہیرایا اور انکے جواز کی دلیلین حدیثین موضوعہ

ومسائل فقہ وتصوف غیر مسموعہ لاکر لوگون کو تہمت کرتے کرتے اتنا مشق ہوگیا کہ رسول وفقہا وصوفیا باصفا پر بھی ہاتھ صفا کرنے لگے اور حدیث مَنْ کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ سے نہ ڈرے مصراع چہ دلاورست دزدے کہ بکف چراغ دارد ❋ تعجب ہے کہ اگر چوہڑا چمار زانی شرابی چوربیت پوجنے والا رافضی خارجی بے نماز یہودی فاسق فاجر منافق مشرک مبتدعی ہو تو یہ بدعتی اپنا بھائی اور پیشوا جانتے ہین اور سُنی سنت پر عمل کرنے والے مطیع قرآن وحدیث کو مارنے کوٹنے وہابی کہنے کو ہر جگہ تیار ہین اور ان لوگون کو اپنا پیر و مرشد و وسیلہ وحمایتی سمجھکر انکی مدد گار ہین مصراع پاس ایسے چاہیے شاباش ایسے چاہیے ❋ شاید انکو استادنے سوای وہابی کہنے کے اور کچھ نہین پڑہایا جیساکہ کسی مغل نے ایک طوطے کو درین چہ شک کے سوا اور دوسری بات کچھ نہ سکھائی تھی اور چالیس دن مین جو مولوی بنا تہا اُسکو سوائے فِیْہِ نَظَرٌ کہنے کے دوسری بات بھی نہ آتی تھی ایسا ہی ان مولوین اور بدعتیون کو جنکا ذکر اوپر ہوچکا ہے سوای وہابی کہنے کے کبھی کچھ نہین آتا چھٹی تہمت زیارت قبور سے منع کرتے ہین تفصیل اسکی یہ ہے کہ ہم لوگ زیارت قبور سے منع نہین کرتے ہان دوسری بدعتین جو کہ شرک اور حرام کام ہین جیسے کہ طواف کرنا قبر کو سجدہ کرنا اور اصحاب قبور سے حاجت طلب کرنا اور وہان چراغ جلانا وغیرہ کو ضرور منع کرتے ہین اور یہ بھی کہتے ہین کہ عورتون کو قبور کی زیارت منع ہے چنانچہ مستملی مین لکھا ہے وَیُسْتَحَبُّ زِیَارَۃُ الْقُبُوْرِ وَتُکْرَہُ لِلنِّسَاءِ ترجمہ اور مستحب ہے زیارت قبور مردون کو اور مکروہ ہے عورتون کو اور مجالس واعظیہ مین ہے وَاَمَّا النِّسَاءُ فَلَا یَحِلُّ لَھُنَّ اَنْ یَّخْرُجْنَ اِلَی الْمَقَابِرِ لِمَا رُوِیَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رض اَنَّہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ لَعَنَ اللّٰہُ زَوَّارَاتِ الْقُبُوْرِ اور عورتین سو حلال نہین انکو کہ جاوین مقبرے کی طرف کیونکہ روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لعنت کی اللہ تعالے نے زیارت کرنے والیون قبرون کی وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ وَالْمُتَّخِذِیْنَ عَلَیْھَا الْمَسَاجِدَ وَالسُّرُجَ کَذَا فِی الْمِشْکٰوۃِ اور ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر کی زیارت کرنیوالیون پر اور انپر جو وہان سجدہ گاہ بناوین اور چراغ جلاوین جیساکہ مشکوۃ مین ہے وَسُئِلَ الْقَاضِیْ عَنْ جَوَازِ خُرُوْجِ النِّسَاءِ اِلَی الْمَقَابِرِ فَقَالَ لَا تَسْئَلْ عَنِ الْجَوَازِ وَالْفَسَادِ فِیْ مِثْلِ ھٰذَا وَاسْئَلْ عَنْ مِقْدَارِ مَا یَلْحَقُھَا مِنَ اللَّعْنِ

للعاملة كلما نوت الخروج كانت في لعنة الله وملائكته واذا خرجت تلحقها الشياطين من
كل جانب واذا اتت القبر تلعنها روح الميت واذا رجعت كانت في لعنة الله كذلك حتى
تعود وفي الحديث ايما امرأة خرجت الى المقبرة تلعنها ملئكة السموات السبع و
ملئكة الارضين السبع فتمشي في لعنة الله وايما امرأة دعت للميت في بيتها يعطيها
الله تعالى ثواب حجة وعمرة ترجمہ اور پوچھے گئے قاضی عورتون کے جانے سے قبر وغیرہ پر
جائز ہے یا نہین پس کہا نہ پوچھ جائز ہونے کو ایسے برے کام کے یہ پوچھہ کہ کسقدر لعنت
پہونچتی ہے اسکے عمل کرنے والے پر کہ جبکہ وہ نیت کرتی ہے جانے کی لعنت برستی ہے اوسپر اللہ تعالی
اور فرشتون کی اور جب باہر نکلتی ہے گہیرتے ہین اسکو شیطان ہر طرف سے اور جب پہونچتی ہے قبر کے
پاس تو لعنت کرتی ہے اوسپر روح مردے کی اور جب پہرتی ہے وہان سے اللہ کی لعنت مین رہتی ہے گہر آنے تک اور حدیث
مین ہے کہ جو عورت نکلے مقبرے کی طرف لعنت کرتے ہین اسپر ساتون آسمان کے فرشتے اور فرشتے ساتون
زمین کے پس چلی جاتی ہے اللہ کی لعنت مین اور جو عورت کہ دعا کرتی ہے میت کو اپنے گہر مین دیتا ہے
اللہ تعالے اسکو حج وعمرے کا ثواب وروي عن سلمان وابي هريرة رضي الله تعالى عنهما انه
خرج عليه الصلوة والسلام ذات يوم من المسجد فوقف على باب داره فاتت بنته فاطمة
فقال لها من اين جئت فقالت خرجت الى منزل فلانة التي ماتت فقال ذهبت الى
قبرها فقالت معاذ الله ان افعل شيئا بعد ما سمعت منك فقال لو ذهبت الى قبرها
لم تجدي رائحة الجنة انتهى ترجمہ اور روایت ہی سلمان اور ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہما سے کہ تحقیق
جناب علیہ الصلوۃ والسلام نکلے ایک روز مسجد سے اور ٹہیرے اپنے گہر کے دروازہ پر سو آئی بیٹی انکی حضرت
فاطمہ رضی اللہ تعالے عنہا سو پوچھا انکو کہ تو کہان آئی سو عرض کی کہ مین گئی تہی فلانی عورت کے گہر جو
مر گئی پہر پوچھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تو گئی اسکی قبر پر کہا اوسنے معاذ اللہ کہ کرون وہ کام جو سن لون
آپسے اسکی ممانعت فرمایا اگر تو جاتی اسکی قبر پر تو ہرگز نہ سونگہتی خوشبو جنت کی اور بخاری کی شرح عینی
مین ہے قال ابن عبد البر ولقد كره اكثر العلماء خروجهن الى الصلوة فكيف الى المقابر وحاصل
الكلام من هذا كله ان زيارة القبور مكروهة للنساء بل حرام في هذا الزمان ولا سيما
نساء مصر انتهى اور نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها مين کہ صیغہ مذکر کا ہے سو عورتین داخل نہین

کے صحیح و مختار مذہب ہے اور شیخ عبدالرحیم ظاہری نے ترمذی کی شرح مین لکھا ہے لما ثبت ان الرخصۃ
قبل حدیث اللعن فالاصح عدم الرخصۃ للنساء فی الزیارۃ کما ھو مذھب الجمھور ویؤید ذلک
تذکیر صیغۃ الرخصۃ ایضا انتھی اور شرح برزخ مین بیچ باب زیارت رخصت قبور کے ہے ثم اعلم
ان زیارۃ القبور ماذون فیہ للرجال وعلیہ عامۃ اھل العلم واما النساء فقد روی
عن ابی ھریرۃ رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن زوارات القبور عن ابن عباس رض
انہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن زائرات القبور فلا یجوز لھن الرخصۃ فی زیارت القبور
وقال جمھور العلماء عن من اثبت الرخصۃ للنساء فی الزیارۃ فانما یستدل بحدیث نھیتکم
الخ وھو استدلال بلا قیاس لان خطاب الرجال لا یشتمل النساء ولم یرد حدیث فی حق
النساء فلا یعم الرخصۃ فالصحیح انہ لا یباح للنساء زیارۃ القبور انتھی اور ایسا ہی سوا انکے
بڑے بڑے محدثین اور مجتہدین اور فقہا کے نزدیک زیارت کرنی قبرون کی حرام ہے قطع نظر ان سب کے
ان لوگون کی عورتین قبر و پیر زیارت کو کب جاتی ہین زیارت قبور یعنے صاحب قبر کے لیے دعا و استغفار
کرنا اور عبرت پکڑنا اور دنیا چھوڑ دینا اور آخرت کو یاد کرنا ہے بھلا انصاف کرو کہ اکثر عورتون کو آیت
تک تو یاد نہین نماز کبھی پڑہتی نہین وے کیا دعا و استغفار کرینگی انکا تو یہ حال ہے کہ ایک بغل
مین لڑکا دوسرے ہاتھ مین مالیدے کا طبق لیکر ہل ہانکنی خاک دہول پہانکنی گہڑی چوکی دینے کو پیادہ
درگاہ پیر جاتی ہین مجاورون کے سامنے بے پردہ ہو کر چراغی و مالیدہ رکھکر سجدہ طواف کرتی ہین
ناک رگڑتی ہین دعا کے بدلے خود انسے دعا مانگتی ہین کہ یا حضرت پیر خصم کو بیل بنا دو یا صاحب پیر دادا کو
اکلوتی بیٹی کا بیل کروا دیو پیر جی میرے لڑکے کا نصیب کہولو یا میران ولی میرے بیٹے کو نوکری لگا دو یا
شاہ مدار صاحب مجھکو رزق و اولاد دو وا ے شاہ سوار صاحب دشمنون کو میرے زیر کرو اور استغفار کے
بدلے آپ ناک رگڑتی ہین کہ پیر صاحب کا غلاف ماننا بھول گئی مجھپر غضب مت ہو اگلی جمعرات کو دو
غلاف لاؤن گی گئی جمعرات کو حاضر ہوتی تہی لیکن نگوڑی بے نمازی آگئی اسلیے دیر ہوئی یا ولی
مجھپر مہربانی کی نظر رکھو کبیبان اپنی خرچی مین سے مجاور کا خرچ اور پلاؤ کی رکابی چڑہا کر ایک پاؤن اٹہا
ہاتہہ جوڑ گڑگڑاتی ہین کہ دو لونچیان آپ کی لونڈیان کئی دن سے بیکار ہین یا پیر جلد کسی سونٹا والد کو
انکے جال مین پہنساؤ اور روزی کا دروازہ کشادہ کرو تو پہلے خرچی ملتی ہی سو انکی کی نگیک

اور اطلس کا غلاف چڑہاؤ نگی اسے زیارت کو جانیوالے عورتونکے جیر خواہ بہلا یہ حرکتین تمہارے
اعتقاد مین نیک ہین یا بد پہر بتاؤ کہ بجز ان تینون کے کونسی صورت قبور کی زیارت بہ طور
سنت کے کرنی ہے اگر ہزار یا پانچسو مین سے کسی ایک نے بطور سُنت ادا بہی کی تو اَلنَّادِرُ کَالمَعدُومِ
کا کیا اعتبار پشاوری قندہاری ملتانی کشمیری کابلی عجمی عربی علماے ہندو دکہن کے
رسم و رسوم و واہیات سے کیا واقف ان بدعتیون کی رسوم جاہلیت سے اسی ملک والے بخوبی
واقف ہین اسی واسطے یہان کے علما انکے طور پر انکو تنبیہ و تادیب تہدید نرم و گرم نصیحت سے
ملنساری و تندی سے انکو شرما شرما کر اُنسے بدعتین چہوڑانے کی کوشش کرتے ہین یہ ناواقف
ناحق دخل در معقولات کرکر فضل اندار امر معروف و نہی منکر ہوکے ان رسمی مسلمانون کی طرف
ہوکر اُنکے حمایتی بنکر حقانی لوگون سے ناحق جہگڑتے ہین اور ناصحون کی نیتون کو دریافت نہین
کرتے بلکہ جان بوجھہ کر حق کو ناحق کرتے ہین یار و یہ زمانہ بہی ویسا ہی آیا ہے کہ یزید کی خوشامد سے
حضرت امام حسین رضہ کو دیدہ و دانستہ شہید ہی کرڈالا لکن خَسِرَ الدُّنیَا وَ الاٰخِرَۃَ
ہی ہوئی اسی طرح یہ لوگ بہی جان بوجھہ کر جاہلون کے طرفدار بنکر کہتے ہین کہ وہابی زیارت قبور
کو منع کرتے ہین اتنا نہین جانتے کہ زیارت قبور جائز ہے مکروہ حرام بہی ہے شرک و کفر بہی
ہے جائز تو وہ ہے کہ جسطرح حضرت پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا کیا اسی طور سے زیارت کرے
تو مسنون ہے تو وہ طور یہ ہے کہ قبر کے پاس پہونچکر کہے اَلسَّلَامُ عَلَیکُم دَارَ قَومٍ مُؤمِنِینَ اور
اہل قبور کی مغفرت کے واسطے دعا کرے اور اُنسے عبرت لیوے اور دنیا سے بے رغبت ہووے
اور آخرت کو اور موت کو یاد کرے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسیواسطے اجازت دی ہی کہ حاصل و غرض
زیارت قبور سے یہی ہے مکروہ زیارت وہ کہ قبر کو بوسہ دینا اور جہکنا اور وہان ہنسنا سونا دنیا کی
باتین کرنا کہانا پینا حرام وہ ہے کہ قبر کو سجدہ تحیہ کرنا طواف کرنا ناچ کروانا باجے بجوانا غلاف
اڑہانا کفر و شرک وہ ہے قبر کو سجدہ عبادت کرنا قبر والے سے حاجت مانگنا انکی نذر و نیاز
ماننا انکو نفع نقصان پہونچانے والے سمجہکر اُنسے بلا واسطہ و توسل استمداد کرنا اس تقریر سے
عرس و فاتحہ کے شوقین اور گہڑی چوکیان دینے والیون کے حمایتی مجاورون کے پیر و البتہ پیچ و تاب
کہا دینگے اور وہابی وہابی کرکر خوب سا شور و غل مچا دینگے مگر جب فقہ و حدیث کی عبارتین

استادون سے مطالعہ کرینگے تو تجالت سے کہسیانی ہوکر سنت جاہلانہ کہکر افترا لے اور بہتان من مانتی
کرنے لگین گے کیونکہ تہمتون کرنے کی انکی یہ خو پڑگئی ہے عام لوگون کو فریب دینے کے لیے مقید کو مطلق
مطلق کو مقید بناکر اسس کی نسبت حقانی لوگو نپر کرتے ہین تا کہ کسیطرح آپ سچے بنجاوین مگر جہوٹے
کو خداوند عالم کبہی سر سبز نہین کرتا انکا دروغ بے فروغ کہل ہی جاتا ہے انکا ایک تیز فقرہ عوام الناس
کو بہکانے کو لیے یہ بہی ہے کہتے ہین کہ چہاپے کے قرآن و کتابین مت لو وہابیون نے غلط کرکے چہپوائے
ہین اصل حقیقت یہ ہے کہ علماے ہند نے جزاہم اللہ خیر الجزا جب غریب مسلمانون کی ہمت علم دین
حاصل کرنے مین کم دیکہی تب دین کی خیر خواہی سے قرآن و حدیث و فقہ کے مسائل ہندی مین
ترجمہ کیا تا کہ تہوڑی مدت مین مسلمان اپنے خدا اور رسول کی کلام و احکام ایمان و اسلام سے
واقف ہو جاوین اور فرض و واجب و سنت و مستحب و حلال و حرام و مباح و مکروہ و شرک و بدعت
و توحید و سنت باسانی جان لیوین اور صاحب ثروت دینداروں نے وہی ترجمہ و کتابین باقیات
صالحات و وسیلہ نجات سمجھکر چہپواکر وقف فی سبیل اللہ کین تا کہ فائدہ عام ہو غریب غربا کہ مفت پاوین
سو الحمد للہ ان علما و امرا کی نیک نیتی کی برکت سے ہزار ہا نامکے مسلمان اس ہندی ہی کی بدولت
کام کے مسلمان ہوئے اور اس سبب ان علم فروشون حق پوشون کا بازار سرد ہوا اب انکو کوئی پوچہتا
نہین ایک مسئلہ کے جواب کے واسطے چہ چہ مہینے انکے آستانہ بوسی کرتے تہے سو موقوف ہوئی تحفے
و ہدیے کا دروازہ بند ہوا ہندی کتابون سے بفضل الہی آپ ہی بے منت تحقیق کر لیتے ہین ہر چند
یہ لوگ منطق بے محل جہاڑتے مگر وے کہان مانتے ہین انہون نے جو برسون مین نہ حاصل کیا
تہا سو ہندی پڑہنے والون نے حاصل کرلیا   اب وہی ہندی رسالے والے دین کے
مسائل مین مطول و مختصر والے بے عمل والون کے جب دم بند کر دیتے ہین تب دل مین کہسیانے
ہو کر شور و غل مچاکر جاہلون کو کہتے ہین کہ یہ لوگ جاہل دو رسالے ہندی پڑہ کر نحویون صرفیون
منطقیون اصولیون عالمون سے بحث کرتے ہین ارے یارو یہ ہندی کتابین وہابیون نے بالکل غلط بناکر
چہپوائی ہین سبحان اللہ صرف نحو منطق اصول وغیرہ کتابین چہاپے کی تو درست ہوئین اور دینی رسالے
اور قرآن و حدیث چہاپے کی نادرست قربان ایسی الٹی سمجھ کے خدا کے فضل و کرم سے یہ لوگ انہین ہندی
رسالون سے باعمل بن گئے مطلب جاننے سے کام ہے عربی ہو یا فارسی منہ دیکہنے سے

کام پالی ہووے یا آرسی سا تو ین تہمت میت کی ثواب رسانی سے منع کرتے ہین تفصیل اسکی
یہ ہے نہ ثواب رسانی سے منع کرتے ہین نہ تصدق کی نیت سے کہانا کہلانا منع کرتے ہین ہان نذر و
منت جو کہ عوام کرتے ہین اور ہرگز ثواب رسانی کا ارادہ نہین رکہتے البتہ اُسکو منع کرتے ہین بلکہ ثواب
پہونچانے کا طریقہ بتلاتے ہین وہ طریقہ یہ ہے کہ خواہ نقد ہو خواہ جنس خواہ کہانا اپنے مقدور سے مسکین
و محتاجون کو دیوے اس نیت سے کہ اے پروردگار اس چیز کا ثواب فلانے کی روح کو پہونچاوے
یا یون کہے کہ اس نیک عمل کا ثواب مردے کو اور بخشنے والے کا ثواب بخشنے والے کو پہونچے اور اس سے
زیادہ اس مقدمہ مین کوئی حرکت نہ کرے کہ شرک و گناہ سے بچ جاوے کذا فی زاد الآخرة اور
نذر ماننا اللہ تعالی کی سوا دوسرے کے اور شیرینی اور کہانا لیجانا قبر کے پاس نذر کی راہ سے یا نیت
کی نزدیکی حاصل کرنے کو درست نہین ہے بلکہ بدعت اور مکروہ تحریمی ہے اور کافرون کی عادت ہے
بتون کے حق مین قَالَ فِي الدُّرِّ الْمُخْتَارِ وَاعْلَمْ أَنَّ النَّذْرَ الَّذِي يَقَعُ لِلْأَمْوَاتِ وَمَا يُؤْخَذُ
مِنَ الدَّرَاهِمِ وَالشَّمْعِ وَالزَّيْتِ وَنَحْوِهَا إِلَى مَزَارِ الْأَوْلِيَاءِ الْكِرَامِ تَقَرُّبًا إِلَيْهِمْ فَهُوَ
بِالْإِجْمَاعِ بَاطِلٌ وَحَرَامٌ مَا لَمْ يُقْصَدْ فِيهَا لِلْفُقَرَاءِ الْأَحْيَاءِ وَقَدِ ابْتُلِيَ النَّاسُ بِذَلِكَ
وَلَاسِيَّمَا فِي هَذِهِ الْأَعْصَارِ وَقَدْ بَسَطَ الْعَلَّامَةُ قَاسِمٌ فِي شَرْحِ دُرَرِ الْبِحَارِ وَلِذَا قَالَ الْإِمَامُ
مُحَمَّدٌ لَوْ كَانَ الْعَوَامُّ عَبِيدِي لَأَعْتَقْتُهُمْ بِلَا وَلَاءٍ وَذَلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يَعْقِلُونَ فَفِيهِ يَعْتَبِرُونَ
انتهى ترجمہ جان تو کہ نذر جو مانی جاتی ہے مردون کے واسطے اور لاتے ہین روپیے اور چراغ
اور تیل اور مانند اسکی بڑے بڑے اولیا کی قبرون کے پاس انکی خوشی چاہتے ہین پس وے علماء کے
نزدیک باطل اور حرام ہین جب تک کہ اُسکے ماننے کا ارادہ نہ ہو فقیر کے واسطے اور اس بلا مین پہنسے
ہین لوگ خصوصًا اس زمانے مین اور خوب کہولکر بیان کیا ہے علامہ قاسم نے درر البحار کی شرح
مین اسی سبب سے کہا امام محمد نے اگر ہون عوام میرے غلام البتہ مین آزاد کرون بدون ولا کے یہ اسواسطے
کہ وے نہین سمجہتے سو اسمین ہوشیار ہون اور عبرت پکڑین اور فتاوی عالمگیری کا بہی یہی مضمون
ہے مگر حقانی لوگ ہرچند انکو سمجہاوین پر یہ نذر لغیر اللہ اور کسبیون کے چکنے چپڑے روٹی پلاؤ
زردے کے کہانیوالے بدعت پسند ہرگز نہین مانتے اور عجب بے انصاف ہین کہتے ہین حضرت کو عبد کا لفظ
کہنا بے ادبی ہے اور انبیاء اور اولیا کو علام الغیوب و کشاف الکروب و متصرف الامور جاننا

سنت وجماعت کا عقیدہ ہے اورعرس مین ناچ وباجا وپرستش قبور وشادی غمی کی رسم
مقرری وعید برات کی رسوم جو قدیم سے چلی آتی ہین سو بے تکرار وبے شبہ جائز ہین آدہی سر کے
بال رکہنے والے ڈاڑہی کترانے اور منڈانے والے موچہہ بڑہانے والے بیاج خوار رشوت خوار زناکار
غیبتی چغلخور اتہتنی سونا رو پا لڑکون کو پہنانے والے محرم مین فقیر بننے والے تعزیہ شدے جہوٹھی قبرین
طاقچے پوجنے والے شاہ عادل شاہ مدار شیخ سدو زین خان لال پری سبز پری وغیرہ
کے معتقد بہوانی وکالی کی بکری کہانے والے بے نماز دیوالی وہولی کی رسم کرنے والے صلح کل کے
مذہب والے مرشدون کی قبرون کو سجدہ کرنے والے مریدون سے سجدہ لینے والے بندونکو معبود
وجمع اللہ کہنے والے قرآن کو چیا پتیان تسبیح کو سینگلیان نمازی کو ٹہرکا مسجد کو گور خانہ پائجامہ کو
گوزدان کہنے والے شرع کے منکر اہل سنت وجماعت ہین اور جو حضرت کو بندہ کہے انبیاء واولیاء کو
حاجت روا مشکل کشا غیب دان نہ جانے اور عرس وقبور کی پوجا و نذر لغیر اللہ وشادی وغمی کے رسوم
منع کرے اور سب سر کے بال رکہے اور تعزیہ وچلہ پرستی کو برا جانے اور شاہ دادل وغیرہ پیرونکی
صنتین مانے بہوانی کا لکا کالی وغیرہ کی بکری کو حرام کہے مشرکون بدعتیون کا شریک نہووے
سجدہ لغیر اللہ کو حرام وشرک جانے بے شرع فقیران کفر کے کلمے بکنے والون کو اور مشائخ سجدہ لینے
والون کو اور حق پوش علما کو جنکو خدا ورسول نے برا کہا انکی مذمت کریوے وہابیہ بلکہ سنت کی جماعت سے
خارج بلکہ کافر سبحان اللہ ما شاء اللہ خوب پہچان وعلامت وہابیون اور سنیون کی ٹہیرائی ہے اگر انہین
علامتون سے ہمکو وہابی ٹہیراتے ہو تو ہم کیا بلکہ علمای ہفت طبقہ متقدمین ومتاخرین تمہارے نزدیک
وہابی ہوئے تو الحمد للہ کہ تمہارے ہی کہنے سے ہم لوگ غالب بڑی جماعت والے ٹہیرے اور تم لوگ اپنی
ہی تقریر سے منکر انبیاء واولیاء ومنکر شفاعت وسنت وشریعت ومنکر مذہب فقہ بخوبی سر کے
بل اوندہے منہ بلکہ چارون شانے چت گر پڑے **آٹہوین تہمت** نماز سنت نہین پڑہتے تفصیل
اسکی یہ ہے کہ یہ بالکل محض بہتان ہے ہم سنی سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جان دیتے ہین اور بدعت وبدعتیون
سے الگ رہتے ہین چنانچہ اسی سبب سے ہم لوگ بدعتیون کے نزدیک مطعون ہین ہم بھی اگر انکے مانند
تارک سنت وبدعت پسند ہوکر انسے ملے جلے رہتے تو اتنی بدنامیان کیون اٹہاتے
سدو وزن سو پرستون کے ملامت کا نشانہ کیون بنتے۔ الحمد للہ بدنام ہوتا دین کے سبب سے

اور ہر کس و ناکس کے طعنے سہنا یہ بھی عین دین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہو کہ سفینوں کی خود
بخود وارد ہوتی ہے فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ عَلٰی ذٰلِکَ ہان ایسا تو کہتے ہین کہ اقامت ہوگئی ہو اور جماعت ہو رہی ہو
تو جماعت مین ملجاوے اور وقتیہ فرض پڑھ لیوے بعدہ سنت کی قضا کرے حدیث اور فقہ کی کتابون
مین یہ مسائل موجود ہین مگر مفتری لوگون کو وہابی کہنے کی ایسی سخت بیماری ہوگئی ہے کہ کوئی دوا
اثر ہی نہین کرتی آخر یہ مہلک بیماری انکو ہلاک کر کر چھوڑتی ہے بڑا تعجب ہے کہ ناحق تہمتین بیسروپا
تراش کر انکی نسبت ناکردہ گناہون پر کرتے ہین اور اپنا دین و ایمان برباد دیتے ہین **نوین**
تہمت قبرون پر پہول ڈالنا منع کرنے مین تفصیل اسکی یہ ہے کہ قبرون پر پہول ڈالنا کتب حدیث و
فقہ معتبرہ سے اصلاً ثابت نہین اور جو لوگ کہ سند اس حدیث کی لیتے ہین کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے دو قبر والون کو عذاب ہوتے ہوئے دیکھکر بسبب شفقت نبوی کے ایک جریدہ گیلا لیکر اسکو
چیر کر دونو قبرون پر گاڑدیا سو شیخ عبد الحق اسحدیث کے نیچے لکھتے ہین کہ بعضے لوگ اسحدیث کو پہول و
سبزہ قبر پر ڈالنے کے لیے دستاویز بناتے ہین سو خطابی نے جو عالمون کا امام اور حدیث کی شارحون کا
سردار ہے اسکی دستاویز کو رد کیا ہے اور انہون نے کہا ہے کہ اسحدیث سے پہول و سبزہ
قبرون پر چڑہانا ثابت نہین ہوتا اور یہ بات بے اصل ہے صدر اول مین نہ تھی اور کرمانی نے کہا ہے
کہ اس گیلی لکڑی مین تاثیر نہ تھی کہ رافع عذاب ہو وہ برکت خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہاتھہ مبارک
کی تھی اور عینی شرح صحیح البخاری مین ہو وَکَذٰلِکَ مَا یَفْعَلُہٗ اَکْثَرُ النَّاسِ مِنْ وَّضْعِ مَا فِیْہِ الرُّطُوْبَۃُ
مِنَ الرَّیَاحِیْنِ وَالْبُقُوْلِ وَنَحْوِھَا عَلَی الْقُبُوْرِ لَیْسَ بِشَیْءٍ وَاِنَّمَا السُّنَّۃُ ھِیَ الزِّیَارَۃُ ترجمہ یعنی
ایسا ہی ہے جو اکثر لوگ کرتے ہین تر و تازہ پہول اور سبزہ وغیرہ قبرون پر رکہتے ہین سو کچہ نہین سنت تو
زیارت ہی اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے زُوْرُوا الْقُبُوْرَ فَاِنَّھَا تُزَھِّدُ فِی الدُّنْیَا وَتُذَکِّرُ الْاٰخِرَۃَ
یعنی زیارت کرو قبرون کی کیونکہ تحقیق زیارت انکی بے رغبت کرتی ہے دنیا سے اور یاد دلاتی ہے
آخرت کو پس جو کام کہ خلاف تزہد دنیا و تذکر آخرت ہو سو زیارت قبور کے مطلب سے خارج ہوا اب
وہابی وہابی کہنے والے ہزار تقریرین کرین یہ بدعتی کہ جنکے دلین بڑی مضبوطی سے بدعت رچ رہی ہے
ہرگز نہ مانینگے بلکہ عوام الناس کو یہ مغالطہ دینگے کہ یہ رسم سالہا سال سے مسلمانون مین رائج ہے کسی
وہابی کے کہنے سننے سے ہرگز نہ چھوڑنا چاہیے **دسوین تہمت** قرآن خوانی سے منع کرتے ہین

تفصیل اسکی یہ ہے کہ مطلق قرآن خوانی سے منع نہیں کرتے ہیں کے صراحۃً تہمت ہو مگر قبر کے گرد اگرد بیٹھکر بلند
آواز سے قرآن پڑھنے کو نصاب الاحتساب میں مکروہ لکھا ہے اِنَّ خَتْمَ الْقُرْاٰنِ جَہْرًا بِالْجَمَاعَۃِ وَ
یُسَمّٰی بِالْفَارِسِیَّۃِ سِیْپَارَہ خواندن مکروہ ترجمہ یعنی میت کا ختم قرآن کا بلند آواز سے
ساتھ جماعت کے جسکو فارسی میں سیپارہ خوانی کہتے ہیں مکروہ ہے اور اگر قرآن خوانی کسی
منظور ثواب میت ہو تو بغیر مزدوری کے پڑھا جاوے نہیں تو عند البعض ثواب نہیں چنانچہ شاہان کی
عبارت یہ ہے اُجْرَۃُ الْقُرْاٰنِ مِثْلُ اَنْ یَّسْتَاْجِرَ رَجُلًا لِیَقْرَأَ الْقُرْاٰنَ عَلٰی رَأْسِ الْقَبْرِ قِیْلَ ہٰذِہٖ
الْقِرَاءَۃُ لَا یَسْتَحِقُّ بِہَا الثَّوَابَ لَا لِلْمَیِّتِ وَلَا لِلْقَارِیْ ترجمہ یعنی مزدوری قرآن کی جیسا کہ مزدور
کرے کسی شخص کو تو کہ وہ قرآن پڑھتا قبر پر کہا گیا ہے کہ اس پڑھنے کا ثواب نہیں ملتا نہ میت کو نہ
پڑھنے والے کو اور نصاب الاحتساب میں ہے کہ مقرر کرنا قاری کا قبر کے پاس بدعت ہے اور اس طرح کی
قراءۃ میں کچھ ثواب نہیں اور نہیں کیا اس طور پر کسی خلیفہ یا صحابی رضی اللہ عنہ نے اور ہدایہ کے کتاب
الاجارہ میں ہے اِقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ وَلَا تَاْکُلُوْا بِہٖ وَفِی الشَّاہَانِ اَیْ بِالْقُرْاٰنِ یعنی پڑھو قرآن
اور نہ کہاؤ ساتھ اسکے اور شاہان شرح ہدایہ میں ہے یعنے نہ کہاؤ ساتھ قرآن کے پس معلوم ہوا کہ یہ کام
قاریوں کے حق میں برا ہے اور میت کے حق میں بھی ثواب کا موجب نہیں اور طریقہ محمدیہ کے اخیر میں
پڑھنا قرآن کا قبروں پر بیٹھکر اور اسپر مزدوری لینا صاف حرام لکھا ہے اور رد المحتار حاشیہ در المختار میں
حرمت اسکی خوب تحقیق سے لکھی ہے اور جوہرہ والے کے قیاس کو خوب رد کیا ہے جس نے اجرت
تعلیم قرآن پر قیاس کر کے اسکو بھی روا کیا تہا جسکو منظور ہو ان دونو کتابوں میں بہ تحقیق نظر کرے
اور وہ دونو کتابیں علماے ہندوستان کی بنائی ہوئی نہیں بلکہ طریقہ محمدیہ روم کی ولایت
میں بنا اور رد المحتار شام کے ملک میں جہاں تو وہابی کا نام و نشان بھی نہوگا **گیارہویں**
تہمت قبر کے پاس صدقے کو منع کرتے ہیں تفصیل اسکی یہ ہے کہ قبر کے پاس صدقہ دینا تو
منع نہیں کرتے مگر کہانا قبروں پر عید و شب برات کو حلوا چپاتی شیرینی وغیرہ لیجانے کو البتہ منع
کرتے ہیں اور روٹی دلیہ خواجہ خضر کے نام سے جو بہادوں کے مہینے میں دریا میں ڈالتے ہیں
انکو منع کرتے ہیں قبروں پر کہانا نذر و نیاز کا لیجانا منع ہے چنانچہ اوپر مذکور ہو چکا اس زمانے کے نفسانی
علما کو خدا تعالی نیک توفیق دیوے کہ حق کو باطل کا لباس نہ پہناویں اور بدعت کی تحسین

مین لب نہ ہلاوین اور بدعت پسندون کی خوشامد سے بدعتون کے رواج کے فتوے نہ دیوین
رباعی ای آنکہ بعلم خویشتن مغروری + میدان بہ یقین کہ از حقیقت دوری + از علم غرض
صحبت دین مے باید + چون صحبت دین نباشد رنجوری + **بارہوین تہمت** پہلے پیرون
کے شجرون کو پانی مین ڈلواتے ہین تفصیل اسکی یہ ہے کہ یہ غلط ہے مگر حد سے بڑہ کر تعظیم کرنے کو
اور قرآن کے عوض اسکی تلاوت کو اور اسکے پاس عود جلانے اور اسکو عطر لگانے کو اور قبرین کہنی
کو منع کرتے ہین ہان اگر کوئی اپنے مرشدون کے نام یاد کرے یا تبرکاً اپنے پاس رکھے تو
قباحت نہین بلکہ موجب خیر و برکت کا ہے مخفی و پوشیدہ نہ رہے کہ اس عاصی نے صرف
تفصیل تہمتون کے لکہنے پر کفایت کیا مفصلاً نہ لکہا نہین تو ایک رسالہ دوسرا بنتا اور
جوابات انکے مشروحاً دوسری کتابون مین موجود ہین چنانچہ توفیق الایقان و فیض عام و
باران رحمت و تفہیم المسائل و ضیاء الایمان و رد اتہامات وغیرہ کتابون مین ہے +
فصل تیسری اس فصل مین وے مسائل ہین جو ہم مین اور انمین مختلف
ہین سائل کے سوال پر بدعت پسندون کا جواب ہے اور بدعت شکن کا اسپر رد ہے **سوال**
نیاز سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی اور حضرت غوث اور اولیا کی درست ہے یا نہین **جواب** نیاز
بزرگون کی صحنک اور شربت و کہچڑی و روٹ چونگا وغیرہ کہانے کی چیزون سے درست ہے
رد سبحان اللہ بدعت کے چلانے اور سنت کو مٹانے کی خوب تجویز نکالی ہے نیاز بغیر اللہ
جو احادیث و فقہ سے حرام ہے اور باطل اسکو جائز کر دیا اور طعامون کی تخصیص بھی درست
کر دی نیاز کے کہانون کی تخصیص کرنا اور انکی تعظیم حد سے بڑہ کر کرنا جاہلان کور و عالمان مختلف
الظاہر و الباطن کا اختراع ہے کہ حضرت بی بی کی نیاز کا نام صحنک اور اسکو مردوان نے اور نکاحی
عورتون نے نہ کہانا اور امام حسین رضے اللہ تعالے عنہ کی نیاز روٹ چونگے شربت کی سوا
دوسرے کہانون پر نہ ہو وغیرہ واہیات کا اعتقاد تو عوام سے بڑہ کر خاص بلکہ خاص الخاص کا جنکو عرف
مین بڑے حضرت کہتے ہین یہانتک پہونچا ہے کہ اگر کوئی دیندار دلیل حدیث و قرآن سے ان لوگون کو
اس بیہودہ عقائد سے منع کرے تو بجز انکار و طعن و لعن کے جواب نہین دیتے کیا مقدور کہ اپنے
آبائی و اجدائی رسمون مین جو کہ قدیم سے چلی آتی ہین فرق آجاوے بلکہ مقرر کیا ہوا بڑی بیگم

صحناجیہ وخاتم صاحبہ کی معتبر روایتون سے ہی وہی فرض و واجب ہا اسمین ذرہ بھی تفاوت نہو
بڑی حضرت کی تاکید ہوتی ہے کہ کہانے کی تخصیص مین اور مقرری دنون مین تبدیل نہو اگر
کسی نے رجب مہینے کی نیاز کنجے کے پیالے اور حضرت امام کا کونڈا اور میران کی مہندی اور حضرت
پیر کی نیاز کا کہچڑی امام قاسم کا توشہ اصحاب کہف کے چراغان سبز پری کنگنیان تیرا تیزی
کا طبق شیخ سدو کی مرغی شاہ داون کی گاے شیخ عبد الحکیم کی حلیم لعل علے قلندر کی کلگلے سید
جلال بخاری کی کہیر چپاتی سوا ہاہر کے روزہ کی نیاز کے مرمرے لال پری کے چنے کشمش خواجہ
نقشبند کا دلیہ خواجہ خضر کا گہوڑا غیبی پیر کے جہاز حضرت جبرائیل کا رنجکہ مدار صاحب
کی تہولی چار یارون کی بدہی بڑی شب برات کو دودہ بتاسے بی بی کی نیاز سوامن کا
روٹ آتش پری کی صحنک گود بہرانے کو سولی ہنگین ستو اور شادی مین قرآن خوانی بوٹن
چاٹن مین مرثیہ خوانی تیجے دسوین چالیسوین برسی مین سیویان ولیمہ کو کہچڑی بڑے بابو پن کے
نیاز مچھی وغیرہ کرے تو انکے عقیدہ مین ہرگز ادا نہ ہوگی بلکہ جسکے نام کی جو جو چیزین مقرر ہوئی ہوئی
ہین اگر وہی ہون جب ہی ہوگی بہلا یہ تو فرماؤ کہ کہانا دفن کرنا اور چراغ نہ بنانا آلاوے
مین ہاتھ دہونا تیجا دوسرے دن یا چوتھے نکرنا دسوان نوین دن نہ کرنا چالیسوین مین تین
چار کم کرنا فاتحہ دیتے وقت کہانا میوہ ناس گانجہ افیون شراب حقہ پانی کپڑے سامنے
رکہنا حیض والی فاتحہ کا کہانا نہ پکانا نہ چاجس گہر مین ہو وہان فاتحہ نہ دلوانا دیگ کو صندل لگانا
ناڑا باندہنا فاتحہ کے وقت دیگ کا منہ کہولنا فاتحہ کے بعد تسلیم کرنا یہ روایتین کونسی فقہ کی
کتابون مین ہین اور ان رسمون مین فرض و واجب جیسا اہتمام کرنا اسکی کمی بیشی سے ڈرنا کون
دین و آئین ہے یہ حرکتین تو ازبسکہ مشابہت کفار نا ہنجار کے ہین عاقل مسلمان ایسے بیہودہ
حرکات سے باز رہیگا علاوہ برین ان رسمون کے جواز پر کوئی دلیل کتابی ہوتی تو جو انکے کہنے والا
البتہ سرخرو ہوتا مومن کامل وہی ہے جو مٹی ہوئی سنت کو جلاوے اور بدعت رواجی کو مٹاوے
اس تقریر سے کوئی خام و مفتری یہ نہ جانے کہ بزرگون کی ثواب رسانی سے منع کرتے ہین حاشا
وکلا ایسا نہین ہے بلکہ تراشی ہوئی تخصیصون سے جنکا ذکر اوپر ہو چکا ہے منع کرتے ہین اتنا ہی کہ اگر
کوئی بزرگون کے ارواح مبارک کو ثواب پہونچانے کی نیت سے طعام پکا کر مستحقون کو کہلاوے

اور یہ نہ سمجھے کہ فلانا ہی کہانا ہو یا فلانا ہی دن ہو یا فلانے ہی لوگ کہاوین یہ سب قیدین
اٹھا دیوے تو بالکل درست ہے اور جانے انکار نہین خداوند عالم سمجھ دیوے آمین سوال
عرس کا دن مقرر کرنا کیسا ہے جواب عرس کا دن مقرر کرنا بزرگون کا عمل ہے موافق حدیث
شریف کے مَارَاٰہُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللّٰہِ حَسَنٌ یعنے جس کو مومن نیک سمجہیں
سو وہ اللہ تعالے کے نزدیک نیک ہے مگر عرس مین ناچ وغیرہ اور صندل وعود بدعت نامشروع
حرام ہے رد مقرر کرنا عرس کا اور ثابت ہونا اسکا حضرت نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم سے اور
خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم اور ائمہ مجتہدین اور فقہاے معتبرین رحمۃ اللہ علیہم سے
نہین ہے اور جو کام کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم اور مجتہدین رحمۃ اللہ علیہم
سے متحقق نہ ہووے اسکو موقوف رکہا چاہیے شرع کے مقدمہ مین ہمکو اعتبار امام اعظم ابو حنیفہ
کوفی رحمہ اللہ کا ہے نہ مشائخان صوفی کا قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے تفسیر مظہری مین لکہا ہے جسکا
معنے یہ ہے کہ درست نہین ہے جو کرتے ہین جاہل لوگ اولیا اور شہدا کی قبرون کے ساتھ سجدہ
کرنا انکو یا طواف کرنا انکا یا روشن کرنا وہان چراغ یا بنانا مسجد کا اس مقام مین اور جمع
ہونا وہان آدمیون کا برسون دن عید کے وضع پر اور نام رکہنا اُس کا عرس لنتہے
اور تعجب ہے کہ جواب دینے والے نے کہا ہے کہ عرس مین ناچ وغیرہ نہ ہووے سو واضح ہو
عرس اُسی کا نام مشہور ہے کہ جسمین ناچ باجا ازدحام عوام عود صندل وغیرہ مجمع فساق چیزین
موجود ہووین اُنکے بغیر عرس کہان ہوتا ہے مثلاً اگر اسدن سب ملکر لاکہہ بار کلمہ طیبہ
پڑہیں اس بزرگ کو ثواب بخشیں یا لاکہہ بار استغفار اُس بزرگ کے واسطے کرین اُسکا نام
ہرگز عرس نہ کہیں گے اور اگر عرس کے معنے قبر پر لوگون کا جمع ہونا ہے تو اسکا منع بھی حدیث صحیح
ثابت ہے چنانچہ مشکوۃ شریف مین نسائی کی روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے ثابت ہے
لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا یعنے مت بناؤ میری قبر کو عید کہ اجتماع سرود ولہو ولعب کا ہے اور یہ
جمع ہونا موجب غفلت کا ہے پس جبکہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قبر شریف پر ازدحام کی اجازت
نہ فرماوین . . . . تو دوسرے کی قبر پر کسطرح جائز
ہووے باوجود اسکے کہ ہمارے زمانہ مین ظاہر ہے کہ اہتمام عرس کا آشنا کرتے ہین کہ اسلام

کے کامون مین یعنے جمعہ و جماعت مین تو عذر ہائے نامعقول لاتے ہین مگر زرزمی زر بخش صاحب
کے عرس کو بیماری اور نوکری و قرضداری وغیرہ کا عذر لانا تو کیا اُسکے قضا کو کفر و بدعت جانتے
ہین اور عرس کی جگہ ایسے بُرے کام ہوتے ہین کہ اُسکا ذکر لکھنے سے قلم کو بھی شرم آتی ہے
مگر بغیر ذکر کے عرس کو جائز کہنے والے نہ شرماوینگے سو انکو شرمانے کے لیے شمہ احوال عرس
کا بیان کرتا ہون کوئی اُچکا کسی کی پگڑی چرانے کی فکر مین ہے کوئی جیب کترنے کی تدبیر مین
کوئی برقعہ والی بی بی پر ٹکٹکی لگاتا ہے کوئی بنوجی کے ٹھوکر پر غش کہا رہا ہے کوئی عاشور
کی ٹھومری پر لوٹ پوٹ ہو رہا ہے کوئی فیض جی کی درگاہ کے روبرو کانا بہوسی کر رہا ہے کوئی
بزرگ کی قبر کو سجدہ کر رہا ہے کوئی طواف ہی کرتا ہے کوئی ناک گھسنی کر کر دعا مانگتا ہے مجاور
سیرون عود جلا رہے ہین کدہر کی زیارت کہان کی عبرت نام ولی کی زیارت کا کام حظ
نفسانیت کا اور جائز کہنے والے نے عرس کی رسم کو جو مَارَاٰهُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَسَنًا
سے ثابت کیا ہے سو اسکا جواب یہ ہے کہ یہ قول علماء مجتہدین و فقہاے معتبرین کے باب مین
نہ ہیچ اجماع صوفیان صوف پوش و مشائخان دین فروش کے اور بعضے عرس کے شوقین شہوت
پرستون کی خاطر سے بڑی تلاش کر کے یہ دلیل لائے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم ہر ہر سال شہدا کے قبور کی زیارت کو جاتے تھے يَاتِيْ قُبُوْرَ الشُّهَدَآءِ عَلٰی رَاْسِ كُلِّ
حَوْلٍ یعنے آتے تھے شہیدون کی قبرون پر ہر سال کے سرے پر سبحان اللہ بڑی قابلیت
خرچ کی سنو یہ حدیث اول تو متصل الاسناد و مرفوع نہین ہے اور صحاح سے بھی نہین اور اگر
صحیح بھی ہو تو مجمل ہے معلوم نہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر ہر سال محرم کو یعنے یا ہر ہر
سال موت سے صاحب قبر کی زیارت فرماتے تھے اور اصول کے قاعدہ سے مجمل حدیث پر عمل جائز
نہین اور اگر اس حدیث کو مبین ہی فرض کرین جیسا کہ عرس کے جواز والے فرماتے ہین تو بھی
عرس پر دلالت نہین ہو سکتی بلکہ صرف زیارت قبر کی دلالت ہو سکتی ہے اور زیارت قبر کو تو کوئی
نہین منع کرتا میان صاحب تمہاری تسلی فقط زیارت سے کب ہوتی ہے اور عرس اسی کا
نام ہے جب قبر پر اوپر گذرے ہوئی لوازمے ضرور ہووین اور اگر کوئی ہفتہ عشرہ مین زیارت قبور
کیا کرے اسے عرس کون کہے گا اور یہ سب بکھیڑا عرس و میلے کا مجاور لوگون نے لگا رکھا

ہو بڑے جز اسمین ناچ ہے کہ اُسی سبب سے وہان فاسقون کا جماؤ ہوا کرتا ہے دکانین لگجاتی ہین تماشا دیکہنے کے واسطے جہنڈ کے جہنڈ چلے آتے ہین اور اسی سبب سے مینڈہ لی زیادہ آتی ہے پہلا ناچ موقوف کرکے اس سال مجاور صاحب سے پوچہو کہ مینڈہ لی کا کیا حال ہے وہ واعظون کے نام سے روکر کہیگا کہ مفت مین تین سیر عود جل گیا اور خاک بہی نہ ملی

نظم

عرس مجلسہا بکردند شیخہا

مثل دامے تا بگیرند خلق را
میکنند قوال را ملان در آن
بے تامل بہر دانہ مشرک اند
صلح با ہر نیک و بد مردم نہند
کہ سیاد امر دمان زان بد برند
مکر و حیلہ مے کنند از بہر مال
مردمان صدہا فریب از وی خورند
ناریان مر ناریان را جا دہاند
اہل حق از اہل حق خوش میشوند

مے نہند ولے چراغان اندران
دانہ اندازند سبزک اندر آن
بیشتر تسبیح و فقیران زاہدان
تا کہ نیک و بد ثنا خوان شان کنند
از کلام اولیا سخنے کنند
نقش خود را مے نمایند از کمال
تا بدانند خلق ایشان کاملند
نوریان مر نوریان را طالب اند
طیبات آمد زبہر طیبین

میدوند جہلا چو پروانہ بر آن
اہل دنیا مثل حیوان غافلند
مے نہند اخلاص با نیکان بد ان
نہ کسے را نہی از منکر کنند
تا کہ با مکر و دغا ندمے دہند
سخن شیرین و ملایم مے کنند
نذر و ہدیہ زر بایشان آورند
اہل باطل با طلا نرامی کشند
للخبیثین الخبیثات است این

سوال برسی کے فاتحہ درست ہی یا نہین **جواب** بعض فتاوون سے جائز ہوتی ہے اور بزرگون نے اسپر عمل کیا ہے اگرچہ بدعت ہی مگر بدعت حسنہ ہی اور دسوین چالیسوین کا کہانا لغو ہے شرع سے ثابت نہین مگر جبکہ تصدق نافع ہے بشرطیکہ غربا کو کہلاوین رہ دستو صاحبو برسی جائز رکہنے والے کی ملمع باتین دریافت کرو کہ برسی کو جائز اور دسوین چالیسوین کو لغو ٹہیرایا ہے کیسا فریبی ہے جسمین برسی جائز ہے اُس فتاوے کا نام تو لکہا ہوتا تو شائد جائز کہنے والے کے پاس اسکی بزرگون کی کوئی کتاب ہوگی جسمین سب بدعتی کہانے جائز ہین اور یہ عبارت اُسی کتاب کی ہوگی البھنک چکتہ بین العصر والمغرب حلال وکل مسکر حرام الا علولہ مگر اسکا رد ہماری سنت و جماعت کی کتاب کشف الغطا و جامع البرکات مین یون ہے کہ آنچہ بعد سالے یا ششماہی و چہل روزہ درین دیار طعام می پزند و آنرا بہا جی گفتہ بخشیش مے کنند چیزے داخل اعتبار نیست پس معلوم ہوا کہ جیسے دہم و چہلم بے اصل ہے ویسے ہی برسی بھی بے اصل ہے اور وہ جو لکہا ہو کہ جبکہ تصدق

باقی ہے بشرطیکہ غربا کو کہلاوے تو انصاف کیجیے کہ ہمارے زمانہ مین جو تیجا و دسوان و چہلم وغیرہ کا
کہانا کرتے ہین سو رسم ادا کرنے اور حصہ برادری مین بانٹنے اور فخر اور نام کو کرتے ہین یا تصدق
اموات کی نیت سے اور غربا کو کہلاتے ہین یا تونگرون کو تو ڈر سے بہیجتے ہین جب تصدق کی نیت
نہ ہوا اور مستحقون کو نہ ملا تو بدعت حسنہ ہوا یا سیئہ اسکا جواب تم کچہ نہ دے سکوگے ہم سے سنو
کہ فتاوی بزازیہ مین ہے کہ مکروہ ہے طعام پہلے دن اور تیسرے اور ساتوین اور کہانا قبر کے
پاس مقرری دنون مین اور دعوت کرنی قرآن پڑہنے کی اور جمع ہونا نیک لوگون اور قاریون کا
ختم قرآن کو اور مکروہ ہے ضیافت لینا مصیبت والے سے کیونکہ یہ درست ہے خوشی کے ایام مین
نہ غمی مین سو یہ بڑی بدعت ہے اور ایسا ہی ہے مستملی اور فتح القدیر اور نوادر فتاوے مین کہ
قبول کرنا مردے کے واسطے جو کہانا کرتے ہین بیشک مکروہ ہے تیسرے دن کرین یا ساتوین یا
مہینے یا برس مین کہانا اسکا علما و فضلا کو مکروہ ہے اور ایسا ہی نوادر ہشام و قرآن خوانی وغیرہ
معتبر فتاوون مین ہے اور کہا بزازی نے کہ اگر مسکین و فقرا کو کہلاوین تو جائز ہے اور فرمایا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہانا مردے کے نام کا مارتا ہے دلکو اور جامع البرکات مین ہے خیرات کی
نیت سے مردے کو ثواب پہونچانے کو واسطے جو پکاوین اُسکا کہانا سوای فقرا کے دوسرے کو جائز نہین اور کچہ
پڑہنا کہانے وغیرہ پر اور ہاتہ اُٹہانا اُسپر بطریق رسم فاتحہ کے کہانے کے اول یہ طریق علمائے
سلف سے ماثور نہین سلف کا یہ دستور تہا کہ کہانے کے بعد مغفرت کی دعا اہل ضیافت
کے لیے کرتے تہے اسی طرح ہے شرح شرعۃ الاسلام مین یہ فاتحہ دینا جو عرف مین مشہور ہے
اس دستور اور ترتیب کے ساتہ جو عوام نے معمول کر رکہا ہے کہ نذر و خیرات کی شیرینی کہانا
لاکر سامنے رکہہ ملا کو کہڑا کرکے کچہ الفاظ مقرری کے بعد الحمد و قل ہاتہ اُٹہوا کر پڑہاتے
ہین اور اسکو فاتحہ کہتے ہین اور بغیر اس رسم کے کہانا اور بانٹنا اُس کہانے کا جائز نہین
رکہتے بلکہ نقصان کا سبب جانتے ہین سو یہ طریقہ شرعًا بدعت و مشابہت ہندون کی
ہے اور اگلے لوگون کا یہ رواج نہین تہا کما فی نصاب الاحتساب اَنَّ مُعَبِّرًا فَانَّ یَقُوْمُ
فِی صَفِّ النِّعَالِ وَیَقْرَأُ بَعْدَ الْخَتْمِ اٰیَۃً مِّنَ الْاِخْلَاصِ ثَلَاثًا وَمِنَ الْفَاتِحَۃِ مَرَّۃً وَھُوَ قَائِمٌ
وَالنَّاسُ قُعُودٌ فَاِنَّہٗ بِدْعَۃٌ وَلَمْ یُنْقَلْ ھٰذَا الصُّنْعُ مِنَ السَّلَفِ اور زاد الآخرۃ مین ہے

کہ فاتحہ جو عوام کرتے ہین جیسے زمین کو لیپ کر شیرینی یا کہانا وہان رکہکر خوشبو جلاتے ہین
اور وہان ادب سے کہڑے ہوکر یا بیٹہکر ہاتہہ اُٹہاکر الحمد وغیرہ پڑہتے ہین اور بدون کرنے
ان رسمون کے ثواب نہیوپنچنے کا اعتقاد رکہتے ہین یہ بُری بدعت ہے فاتحہ دلانے والے مجتہد
کے نقل ہے مالی گاؤن مین ایک عورت نے بدعتیون کے تراشے ہوے عرفے کے دن
ملا کو بلا کر کہا کہ میرے خاوند کو مردون مین ملاؤ ملا نے کہا اسکو مرکے تو دس مہینے ہوے
اب مردون مین کیسا ملاؤن خفا ہوکر بولی تم نہین جانتے تو خیر چلو فاتحہ دو بیچارہ ایک لیپی
ہوئی جگہ پر کئی قسم کا کہانا اور پانی اور میوہ اور حقہ رکہا ہوا دیکہہ کر حیران ہوا پر چار پانچ پیسے
کے لالچ سے فاتحہ دینے لگا سو وہ مجتہدہ لہنگا اُٹہاکے اُس اسباب کے پاس بیٹہہ گئی ملا صاحب
نے بہتیرا ہی ہون ہون کیا مگر وہ نہ اُٹہی ملا بیچارہ جون تون ختم کو ختم کرکے پانچ پیسے لیکر وہان
سے بہاگا واللہ اعلم مگر قیاس تو اچہا دوڑایا غرض کہ بدعت کے کام کرنے سے یہ فضیحتے و
رسوائی ہوتی ہے بعضے پلاؤ کے لالچی کہتے ہین کہ اگر تیجے دسوین کا دن مقرر کرنا روا نہین
تو جمعہ وعیدین کا دن مقرر کرنا بھی جائز نہین ماشاء اللہ خوب قابلیت جہاڑی اور خود مجتہد
بنکر شرع مین عقل نامعقول کو داخل کرکے خوب دخل در معقولات کیا میان صاحب ذرا ہوش سنبہالکر
بات کرو جمعہ وعیدین وغیرہ تو شریعت کے مقرر کیے ہوے ہین تم بھی شریعت کی کتابون سے
تیجے دسوین وغیرہ کے دن مقرر ہونا ثابت کردواے حضرت یہ قیاس مع الفارق ہے کنوے
مین گرے ہوئے کو تو رسی پکڑاکر اوپر کی طرف کہینچ لیا جاتا ہے بہلا بلندی پر جو اٹکا ہوا اُسکو
نیچے کی طرف کیونکر کہینچینگے ایسے ہی قیاس دوڑانے والون نے شراب اور باجے اور شیخ سدو کا
بکرا اور قصاب و ضیافت کا بکرا برابر کیا شیطان بھی ایسا ہی قیاس کرکر آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرکے
ملعون ہوا نعوذ باللہ منہا **سوال** بسم اللہ جو چار سال چار مہینے چار دن کے بعد بچے کو پڑہاتے
ہین سو کیا حکم ہے **جواب** بسم اللہ اس مدت پر پڑہانا بدعت حسنہ ہے رد اس جواب دینے
والے کی نئی شریعت نکالنے اور مجتہد بننے پر صد آفرین ہے اس بزرگ کی پاس بدعت حسنہ
وہ ہے کہ جو خود کرتا ہے اور احسن جانتا ہے نہین تو بدعت حسنہ کیسی ہوگی مجمع البحار کے خاتمہ
مین مذکور ہے وَقَدْ كَتَبَ اِلَى شَيْخِنَا الشَّيْخِ عَلِيِّ الْمُتَّقِيْ فِيْمَا جَرَتْ عَلَيْهِ عَادَةُ اَكْثَرِ اَهْلِ الْبِلَادِ

أَنَّهُمْ يَبْتَدِؤُونَ بِتَعْلِيمِ الصِّبْيَانِ لِلْقُرْآنِ حِينَ يَمْضِي عَلَيْهِ أَرْبَعُ سِنِينَ وَأَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَأَرْبَعَةُ أَيَّامٍ هَلْ لَهُ أَثَرٌ فِي الْحَدِيثِ أَوْ فِي السَّلَفِ فَكَتَبَ أَنَّهُ لَمْ يُوجَدْ لَهُ شَيْءٌ يُعْتَمَدُ عَلَيْهِ یعنے لکہا میرے شیخ کو شیخ علی متقی نے اس بات مین کہ یہ جو اکثر لوگون مین رواج پایا ہے کہ شروع کرتے ہین بچون کو قرآن کی تعلیم چار سال چار مہینے چار دن پر آیا ہے اسکے لیے کوئی نشان حدیث مین یا سلف کی کتابون مین پس لکہا شیخ نے کہ مقرر پایا نہین گیا اس باب مین کچہ کہ اعتبار کیا جاوے اسپر اور جو عمدۃ الامر اور معرفۃ الحقوق مین ہے کہ چار سال چار ماہ چار دن کے بعد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسین رض کو مکتب مین بٹہلایا سو اسکی کچہ اصل نہین مجمع البحار کی روایت سے معلوم ہوا اور اگر اسکے اصل یعنے حسین کو حضرت رسول مقبول کا اس بدعت پر مکتب مین بٹہلانا ثابت ہو تو اے سنت کے منکر پہر تو بسم اللہ سنت ہو گی بدعت حسنہ کیسی ہو گی سبحان اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول و فعل تو بدعت حسنہ ٹہیرا اور باپ دادون کی رسم و رواج سنت ہوا ای بدین دانش و اجتہاد سنت کے منکر ایسے ہی الزام مین مبتلا ہوتے ہین اور حقانی لوگوپر انکار سنت کی تہمت لیکر آپ ہی منکر سنت ٹہیرتے ہین ہان اتنا تو ثابت ہوا ہے کہ جب کوئی لڑکا عبد المطلب کی اولاد مین سے پہلے بات کرنے لگتا تہا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسکو کلمہ توحید اور قل ہو اللہ کی تعلیم فرماتے اور لڑکو کی گویائی کچہ چار سال چار ماہ چار دن پر موقوف نہین بعض دو برس مین بعض کم و زائد مین بات کرنے لگتا ہے مومن کو چاہیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیرو رہے خدا کا قرب حضرت رض ہی کی پیروی مین ملتا ہے اور اس سیدہی راہ سے جتنا ادہر ادہر ہو گا اتنا ہی راہ سے دور ہو کر آخر گمراہ ہو گا ۵ خلاف پیمبر کسے راہ گزید * کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کے ساتہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کا تصدیق کرنا اسی لیے فرض ہے اور سنی مسلمان کو بہت ضرور ہے کہ ہر امور مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اقتدا کرے اور یہ بہی جانے کہ جس کام سے سنت قوت پکڑے وہ کام سنت سے تعلق رکہتا ہے اور جو کام کہ بدعت کو قوت دیوے وہ بدعت سے تعلق رکہتا ہے اصول کا قاعدہ ہے كُلُّ مَا يَنْجَرُّ إِلَى الْحَرَامِ حَرَامٌ یعنے جو چیز کہ حرام کی طرف کہینچنے والی ہے وہ حرام ہے غرضکہ پیروی سنت کی بڑی دولت ہے اسی دولت کو ہاتہ آنیسے عقدے اور پیچ کلام اللہ و کلام الرسول و اقوال فقہا کے کہلجاتے ہین اور سنت کی خلاف کے اور قول صحابہ و مجتہدین کو پس پشت ڈالنے سے بہتر فرقہ والون مین ہوتا ہے

اسی واسطے بہتر فرقے والون کو اہل سنت وجماعت والے اہل ہوا اور ناجیہ فرقہ کو سنی کہتے ہین شیخ مجدد فرماتے ہین کہ بدعت کدالی ہے اسلام کے اُکھاڑنے کی بدعتی جو یہ سب نابینائی کے بدعت کو ترو تازہ دیکھتا ہے کل کو جب نظر تیز ہوگی تو دیکھے گا کہ نتیجہ اسکا سوا خسارت اور ندامت کے کچھ نہین ہے بوقت صبح شود ہمچو روز معلومت ٭ کہ با کہ باختہ عشق در شب دیجور ٭ بزرگان دین فرض و واجب تو ایک طرف مستحبات و مباحات مین بلکہ عادات مین سایہ کی طرح سنت کو ساتھ رہتے تھے اور بدعت سے بہت دور تھے غرض حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و فعل کے عاشق تھے حضرت امام زین العابدین نے چاہا کہ پاخانے مین جانے کے لیے ایک جوڑا کپڑون کا جدا بنا رکھین پھر جب دریافت کیا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی لباس پہنتے تھے بیت الخلا کے واسطے لباس مخصوص نہ تھا فوراً اپنے ارادہ سے باز آئے شیخ محی الدین ابن عربی رح فرماتے ہین کہ امام احمد حنبل رح نے عمر بھر تربز نہ کہایا تاکہ صحیح کسی حدیث سے معلوم نہ ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو کسطرح کہایا ہے تقلید ان دنون مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے کے موافق اسلام غریب ہوا اسلام کا پایہ بدعت کی کدالے کی برداشت نہین کرسکتا اور چراغ سنت کا باد تند بدعت کا متحمل نہین ہوتا یہانتک تو نوبت پہونچی کہ بدعتی لوگ مسلمان سنی پر برملا طعن کرتے ہین غمزدے مسلمان سنت پہ عمل کرنے سے عاجز و مطعون ہین ایسے غربت کے وقت کوئی بہادر دندان شکن ضرور ہے کہ سنت کو نصرت اور بدعت کو ہزیمت دے اس زمانے مین ہندوالون کی آبائی بناوٹی طریقہ کا پایہ عجیب پختہ بحیر اور شیبن سے بنگیا ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کی ٹکر سے ٹوٹتا نہین اور طریقہ محمدیہ کے زور سے پیچھے ہٹتا نہین بلکہ اس دین کے تخ کو بیس پار کردیا ہے اور یہ ناخلف ایسے پیدا ہوئے ہین کہ سلف کی چال کو نیا مذہب اور اپنی تراشی ہوئی چال کو پرانی رسوم کہتے ہین اور اس بناوٹی طریقہ کے مدد پہونچانے والے گمراہ جابجا موجود اور اس باطل راہ کے مددگار ہر جگہ ہویدا ہین اور دین محمدی کا نہ کوئی غمخوار نہ مددگار رہے بلکہ اگر کوئی ایماندار شریعت کے حکمون کو ظاہر کرنے لگے تو ہر طرف سے مشرک اور بدعت پسند لوگ اسکو مار مار کرتے ہین حتے کہ اُس غریب کو کہین امن کی جگہ نہین ملتی سوائے قبر کے یا اس کام سے باز آنے کے برخلاف بدعت کے کہ ہر کہین اُسکے حمایتی موجود ہین پہلا امتحان کے واسطے بدعت یا

بدعتیون کی مذمت کرکر دیکہو تو سہی کہ کسطرح بدعتیون کے طرف دار لوٹ پڑتے ہین اور چو طرف سے الکسلونسنگ کرتے ہین کہ یہ فسادی جماعت مین پہوٹ ڈالتا ہے ہیہات ہیہات کوئی سننے والا اور انصاف کرنے والا نہین اللہ و رسول کے احکام ظاہر کرنا فساد ٹہیرا اور ہندؤن کی چال چلنا اسلام اور اتفاق ہوا عجب دور اندھا دہندی ہی کہ بد نیکون پر چیبگا دین بدین بیندار دنکو دبا دین مشرک توحید والون پر طعن کرین بت پرست خدا پرستون کو ڈرا دین جاہل علماء سے بیجا بحث کرین عالم جاہلون سے ذلیل رہین نام کے مسلمان کام کے مسلمانون کو کافر کہین بدعتی سنیون کو نام رکہین پوری پوری توحید بیان کرنیوالون کو شفاعت و کرامت کا منکر ٹہیرا دین صاف صاف طریقہ سنت پہ چلنے والون کو منکر رسول ع بد مذہب تارک سنت کہین ٹہیک ٹہیک اماموں کے قول پہ چلنے والون کو منکر بولین اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ رباعی چکنم چشم آسمان کورست ۔ چکنم گوش روزگار کرست ۔ ہر کجا عالم ست مغلوب ست ۔ ہر کجا جاہل است معتبرست ۔ حقتعالے مومنون کو خصوصًا علما کو توفیق دیوے کہ ایسے زمانہ پر آفت میں بدعت کی خوبی پہ لپٹ ہا دین کہ شیطان اسی دستاویز سے بنا اسلام کی اُکہاڑتا ہے اور سُنی مسلمان کو ہدایت فرما دے کہ ایسے امتحان کیوقت مین بدعتیون کے ڈرانے اور تنگ کرنے سے سنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو چہوڑ کر بدعتی نہ بنین اور سو شہیدون کی ثواب سے محروم نہ رہین حتی المقدور سنتونکو جلا دین بدعتون کو مٹا دین مگر اتنا بہی خیال رکہین کہ تہوڑی نیکی بہت بدی کی طرف نہ کہینچے اور فتنۂ خفتہ کو بیدار نہ کرے کیونکہ آخری زمانہ ہے اور اسلام غریب اور اہل اسلام ضعیف ہین اور افراط او تفریط مین گرفتار نہ ہووے خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَطُہَا پر عمل کرے نہین تو مطلب فوت ہوگا اور سُنی بنے سے نکل کر بدعتی بنے گا ہمارے زمانہ مین بدعت کا ایسا زور ہے کہ سنت کے نام سے لوگ بہاگتے ہین سنت کا بیان کرو تو اُٹہتے وہابی معتزلہ کہتے ہین اور بدعت پر بدعت کیے جاؤ تو خاصے سُنی بلکہ ولی بن جاتے ہین اول کے زمانے مین ایک سُنت چہوٹی سی چہوڑنے سے تارک سنت و بدعتی کہلاتے تہے اور اب سُنت بجا لانے اور بدعت چہوڑ دینے سے بدمذہب کہلاتے ہین کوئی مسلمان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ و تابعین و تبع تابعین و امامان دین و اولیا رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے قول و فعل کی تحقیقات نہین کرتا اور اتنا نہین جانتا کہ اُن حضرات کے قول و فعل

کے مطابق جسکا عمل ہووے سرتاج ہے وَلَوْ كَانَ عَبْدًا حَبْشِيًّا اور اگر مختلف ہو تو مخالف اگرچہ
لَوْ كَانَ سَيِّدًا قُرَيْشِيًّا اے مسلمانو باپ دادا کی رسمون کے بدلے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
کی سنت مہنگی نہین ہے بلکہ سنت رسول تو وہ نعمت ہو کہ اگر دو نوجہان کے بدلے ملجاوے تو بہی سستی
ہے ابن مسعود رضہ کا فرمودہ ہے کہ بدعتین ظاہر ہونگی یہانتک کہ جب انمین سے کسی بدعت کو بدل
ڈالینگے تو لوگ کہینگے کہ سنت بدلگئی حضرت علی رضہ سے روایت ہو کہ فرمایا رسول علیہ السلام نے کہ اسلام
مین میری پیٹھ کسی نے نہ توڑی مگر بدکار عالم اور بدعتی پرہیزگار نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت
ہو کہ کسی امت نے اپنے نبی کے بعد اختلاف نہ کیا مگر یہ کہ اس امت کے باطل والے حق والونپر غالب آگئے
ابو حذیفہ رضہ فرماتے ہین کہ لوگونپر ایک زمانہ آویگا کہ سچا عالم انمین مُوئے گدہے کی مانند رہیگا لوگ اسکی
طرف ہو کر نہ نکلینگے اور موسن بے ایمانون گونڈے سے بہی زیادہ خوار و ذلیل ہیگا بہایو یہ وہی
وقت ہو کہ جس کی خبر مخبر صادق نے اول ہی دیدی ہے صَدَقَ اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ وَ
وَصَدَقَ رَسُوْلُهُ الْكَرِيْمُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ التَّحِيَّةُ وَالتَّسْلِيْمُ **سوال** بزرگون
کی منت و مراد کے کونڈے و کندوری وغیرہ کہانا حلال ہے یا حرام **جواب** منت مراد کا
کہانا جائز ہے رد مطلق جائز کہنا خود رائی و خود پسندی ہے منت کے مضمون پر تو خیال کرنا
تہا کہ جاہل کہا کرتے ہین اے سید جلال الدین بخاری اے رجب ٹیلے ای امام اگر تم میرا
فلانا کام کردو تو تمہاری منت کے کونڈے کندوری و کہرا روٹ کرونگا یہ منت تو مخلوق
کی ہے بحر الرائق مین ہے اِنْعَقَدَ الْاِجْمَاعُ عَلٰى حُرْمَةِ نَذْرِ الْمَخْلُوْقِ وَلَا يَنْعَقِدُ نَذْرُ
الْمَخْلُوْقِ وَاِنَّهٗ حَرَامٌ بَلْ سُحْتٌ وَلَا يَجُوْزُ اَخْذُهٗ وَاَكْلُهٗ یعنے علما کا اتفاق ہے
مخلوق کی نذر حرام ہونے پر اور یہ نذر درست نہین ہوتی اور حرام ہے بلکہ حرام سے بدتر اور
جائز نہین اسکا لینا اور کہانا اور دلیل الصالحین مین ہے اَلنَّذْرُ لَا يَكُوْنُ اِلَّا لِلّٰهِ تَعَالٰى
فَمَنْ نَذَرَ لِنَبِيٍّ اَوْ وَلِيٍّ لَا يَلْزَمُ عَلَيْهِ شَيْءٌ فَاِنْ اَعْطٰى ذٰلِكَ الشَّيْءَ لِاَحَدٍ مِنَ النَّاسِ عَلٰى
ذٰلِكَ النِّيَّةِ لَا يَجُوْزُ اَخْذُهٗ اِنْ عَلِمَ الْاٰخِذُ بِذٰلِكَ فَاِنْ كَانَ طَعَامًا لَا يَحِلُّ
اَكْلُهٗ وَاِنْ كَانَ ذَبِيْحَةً فَهُوَ مَيْتَةٌ فَاِنْ اَكَلُوْا وَسَمُّوا اللّٰهَ تَعَالٰى عَلَيْهَا كَفَرُوْا جَمِيْعًا
وَاِنْ نَذَرُوْا لِلّٰهِ تَعَالٰى فَاَكَلُوْا ثُمَّ وَهَبُوْا ثَوَابَهٗ لِاَحَدٍ مِنَ النَّاسِ فَتِلْكَ يَجُوْزُ

یعنے نذر نہین ہوا کرتی سوا اللہ تعالے کے پہر جو شخص نذر مانے کسی پیغمبرؑ یا ولی کے واسطے نہین
واجب اُسپر دینا کسی چیز کا پس اگر دیوے وہ چیز کسی کو لوگون سے اس نیت پر تو جائز نہین
لینا اُسکا اگر جانے لینے والا اسکو اگر طعام ہے تو حلال نہین اُسکا کہانا اور اگر حیوان ذبح
کیا گیا ہے تو وہ مردار ہے پہر اگر اُسکو کہاوین اور اُسپر بسم اللہ پڑہین تو کافر ہوئے سبکے سب
اور اگر نذر اللہ کے واسطے مانین پہر کہاوین پہر ثواب اُسکا کسی کو بخشین آدمیون سے سوئہ
جائز ہے پس جو کوئی نذر کرے نبی یا ولی کے واسطے لازم نہین ہوتا اُسپر کچہہ پس اگر دیوے
وہ چیز کسی کو اسی نیت پر تو لینا روا نہین اگر جانتا ہے پس اگر کہانے کی چیز ہے تو اسکا
کہانا حلال نہین اور اگر جانور مذبوح ہے تو وہ مردار ہے پس اگر کہاوین اور بسم اللہ کہین
اُسپر تو کافر ہووین اور اگر نذر کرین خدا تعالے کی اور کہاوین اور بخشین اُسکا ثواب کسی کو تو
یہ جائز ہے **سوال** مولانا و بالفضل اولنا حاجی الحرمین الشریفین جناب نواب قطب الدین
خان صاحب دہلوی دام مجدہ کا اَلطَّعَامُ الْمَنْذُوْرُ لِغَيْرِ اللّٰهِ حَلَالٌ اَمْ حَرَامٌ
وَاِنْ كَانَ حَرَامًا فَبِاَيِّ سَبَبٍ حَرَامٌ بَيِّنُوْا تُوْجَرُوْا یعنے طعام منت مانا گیا غیر
اللہ کے لیے حلال ہے یا حرام اور اگر حرام ہے تو کس سبب سے حرام ہے بیان کرو تو اجر دیے
جاؤ گے **جواب** اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا۔ حَرَامٌ بَاطِلٌ
كَمَا فِيْ عَامَّةِ الْكُتُبِ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ اَمَرَ بِرَقْمِهٖ الْمُقَصِّرُ عَبْدُ اللّٰهِ
ابْنُ مُحَمَّدٍ مِيْرْغَنِيُّ الْحَنَفِيُّ مُفْتِيْ مَكَّةَ الْمُتَبَرِّكَةِ كَانَ اللّٰهُ لَهُمَا حَامِدًا مُصَلِّيًا
مُسَلِّمًا | عَبْدُ اللّٰهِ | یعنے طعام نذر لغیر اللہ کا حرام ہے اور باطل ہے جیسا کہ اکثر کتابون مین
موجود ہے اور اللہ تعالے خوب جانتا ہے حکم کیا لکہنے اسکے کا قصوروار عبد اللہ بن محمد میرغنی
حنفی مفتی مکہ معظمہ نے اللہ تعالے مددگار انکا ہو حمد کرکے اور درود اور سلام کہکر پس معلوم
ہوا کہ جواز کا حکم دینے والا عجب خود پسند ہے معلوم نہین کہ یہ مسئلہ اپنے اجتہاد سے تراشتا
ہے یا سینہ بسینہ اُس تک پہونچا ہے دین کے کامون مین تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی تابعداری چاہیے چنانچہ فرمایا اللہ تعالے نے سورہ نسا مین فَلَا وَرَبِّكَ لَا
يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا

فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ؕ سو قسم ہے تیرے رب
کی انکو ایمان نہو گا جب تک تجہی کو منصف نسمجہین جو جہگڑا اٹھے آپسمین پہر نہ پاوین اپنے
جی مین خفگی تیرے فیصلے سے اور قبول رکہین مانکر یعنے جب کسی عبادت یا دنیا کے معاملے
یا رسم یا عادت کی بات مین لوگون کو آپسمین جہگڑا اٹھے ایک کہتا ہو کہ یون کیا چاہیے دوسرا
کہے یون نہین تو ایسے وقت مین چاہیے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو منصف و حاکم ٹہیراوین
پہر جو حکم کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سے ثابت ہو اسکو بجان و دل قبول کرین خواہ
مرضی کے موافق ہو یا مخالف تب مسلمانی کا دعوے سچا ہے اور حضرت صلے اللہ علیہ و آلہ
وسلم کے انصاف پر راضی نہو کر چون و چرا کرے وہ مسلمان نہین کافر و منافق ہے اس
زمانے مین اکثر ہندوستان کے مسلمانون مین ہزار ہا نئی باتین اور نئے عقیدے اور رسمین
رائج ہین اور ایک جہان اس مین گرفتار ہے ؎ عام کا کیا ذکر کیجے اسجگہ ٭ خاص
لوگون کا ہوا ہے حال یہ ٭ پوجنے لاگے کرشن اور رام کو ٭ رہ گیا اسلام باقی نام کو ٭
مثلاً لڑکا پیدا ہوتے بکرا ذبح کرنا زچا کی چارپائی پر تیر و کلام اللہ رکہنا چہٹی کرنا سالار بخش
مدار بخش پیر بخش خواجہ بخش نام رکہنا زچا کا خون چالیس دن سے کم مین بہی اگر بند ہو
تو بہی اسکو چلہ تک ناپاک سمجہنا چار برس چار ماہ چار دن پر بسم اللہ پڑہانا ختنہ والے
کے ہاتہہ مین بالون کا کنگنا باندہنا شادی مین کنگنہ جلوہ سہرا مقنع تیل بری سانچق
آتشبازی سہرہیان ٹٹیان ناچ کسم کے کپڑے مہندی رت جگہ ٹونے ٹوٹکے جوتے
جمعہ کے سوا الاکہہ اشرفی کا مہر وغیرہ حرکتین کرنا محرم مین گوشت پان چارپائی پر سونا ترک کرنا
تعزیہ علم شدا مہندی ٹٹی پیچ نال صاحب ڈہال صاحب بنانا صفر مین تیرہ دن کو تیز سمجہنا
آخری چارشنبہ کے دن سیر کو جانا ربیع الآخر مین حضرت پیر کی مہندی و چراغان کرنا جمادی
الاولے مین شاہ مدار کے چلے کو پوجنا رجب مین ہٹیلے کی نیاز کندوری و سید جلال بخاری
کے کونڈے کرنا شعبان مین نیا عرفہ ٹہیرا کر نئی میت کو مردون مین ملانا آتشبازی کرنا
حلوے چپاتے کے سوا کسی دوسرے طعام پر فاتحہ نہ دلوانا چراغ بہت جلانا ہندوؤن کی مانند
گنیش کی پوجا کرنا ذیقعدہ کے مہینے مین شادی نہ کرنا میت کے ساتہہ توشہ لیجانا سہاگن

سہاگن کے جنازے پر لال چادر ڈالنا کنواری کے جنازے کے پاؤن مین لال ناڑا باندہنا میت کے
چارپائی کو منحوس جانکر اُسپر نسونا عزرائیل کے نام کو اور سورہ لیس کو نحس جاننا قبر مین شجرہ رکہنا تیجا
دہم بستم چہلم چہ ماہی برس عرس مقرر کرنا قبر و پیر غلاف ڈالنا بیٹی کو حصہ نہ دینا شگون لینا فال
دیکہنا گنڈے تعویذ کرنا قرآن کی آیتین اور قل ہو اللہ اُلٹے پڑہنا ہولی دیوالی دسہرہ وغیرہ رسوم
کفار مین شریک ہونا چہوٹون نے بڑون کو السلام علیکم کہنے کو بے ادبی سمجہنا ہمہ اوست کہنا
جبر و قدر کے مسائل مین حجتین کرنا صحابہ کے مقدمون مین افراط و تفریط کرنا اہل بیت کی محبت
مین سُستی کرنا اپنے حسب و نسب پر فخر کرنا بیوہ کے نکاح کو بیعزتی سمجہنا اور اسکے سوا ہزار رسم
جو جاری ہین اور لوگ منع بہی کرتے ہین تو ایسے وقت مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو منصف و حاکم ٹہیرا
دریافت کرنا چاہیے پہر جب حضرتؐ کے قول و فعل اور صحابہ کی چال اور تابعین اور مجتہدین کے اقوال
و احوال سے قطعاً ان کامون کا برا ہونا ثابت ہو جاوے تو خوشی سے چہوڑ دینا چاہیے اور جو دریافت
کر کر ناخوش ہو اور اپنی آبائی و اجدادی رسم پر اڑا رہے اور نہ چہوڑے وہ ہرگز مسلمان نہین بلکہ کافر و
منافق ہے اور اسمین شک نہین کہ یہ سب رسمین تینون زمانون مین نہین اور جو دین کے بات ان
زمانون مین نہ ہو وہ بات مردود ہے افسوس کہ اکثر تقریری مسلمان بے علم جو کہ ہندؤن کی
رسم کرتے ہین اور اپنے آپ کو مسلمان جانتے ہین وہ سب خاص دین پر چلنے والون کو
بے دہرک وہابی کہتے ہین اور طرفہ بات یہ ہے کہ یہ تو انکو فقط وہابی ہی کہتے ہین سو بہی بے
دلیل ہے اور وے انکو دلیلون سے ملحد مرتد زندیق ہوائی اپنی بناوٹی مذہب والے بدعتی تو آپ ہی
ہر وہابی انکو بہی کہتے ہین کیونکہ یہ اسلام و کفر کو کہچڑی کرنے والے اور جمیع اللہ و معبود کہنے والون
کو ولی جانتے ہین اور انکے عرس و میلے مین شریک رہتے ہین ہندؤن کی جاترا دہولی دیوالی
مین اور بدعت والون کے ساتھ تیجے دسوین وغیرہ مین شامل رہتے ہین انکے ساتھ تو میل ہے
فقط خالص دین نبوی پر چلنے والے انکے دشمن ہین ہان سچ تو ہے کہ یہ انکی بناوٹی دین کو بگاڑ
دیتے ہین اس سبب سے دشمن نہ سمجہین تو کیا کرین جو انکے ساتھ شرک و بدعت کے کام مین شریک
و مددگار رہین وے انکے دوست اور جو شرک و بدعت سے الگ رہے اور اس رسم کی برائی ظاہر
کرے وہ دشمن ہے خیر دشمنی انکی بجا ہے لیکن یہ جو بہتان لگاتے ہین سو برا کرتے ہین یعنی

عام کو یہ کہکے بہکادیتے ہین کہ یہ وہابی پیغمبر و صحابہ عظام و اولیا کے اور شفاعت و شفقت و
کرامت کے منکر ہین صدقہ و خیرات و ثواب رسانی کو منع کرتے ہین سید صادق یعنی جناب
سید احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ و عبد الوہاب کو پیغمبر سمجھتے ہین مولوی اسمعیل غازی شہید فی سبیل
اللہ کو مجتہد و امام مذہب جانتے ہین انکی کتاب تقویۃ الایمان کو قرآن و حدیث سمجھتے ہین
درود نہین پڑہتے لا الہ الا اللہ کے ساتھ محمد رسول اللہ نہین پڑہتے ایسے ایسے خرافات
و واہیات اپنے لال بجہکڑ جاہلون کو سنا سنا کر علماء حقانی کے دشمن بناتے ہین اور سر جھوٹ
بنا بنا کر کے سنی دینداروں کو بدنام کرکے دونو جہان مین اپنا مُنہ کالا کرتے ہین سو تنکے چلا لی
سے خصم کو مارتے ہین ہان صاف ایسا کہدین کہ تم کتاب پر چلو ہم بناوٹی رسمو پر چلتے ہین اگرچہ
تم سچے ہو پر ہم تمہاری نہین مانتے تو مضائقہ نہین دنیا کی عداوت دین کا نام لیکر ظاہر کرنا
مسلمانون کا کام نہین جیسا مُلا لڑکے کو مارتا ہے روٹی یا تنخواہ نہ لانے کے سبب سے اور بہانہ کرتا ہے
سبق نہ یاد کرنے کا لاکن وہ بچہ بھی اُس مُلا کو مکار جان لیتا ہے ایسا ہی بدعتی سنیون کو مارے
حسد کے برا کہتے ہین اور دین کا نام لیکر انہیں ہتھین باندہتے ہین سو دیندار تو اُنکے فریب سے
واقف ہین مگر جاہل لوگ دیکھتے ہین کہ یہ تو شرک و بدعت مین اپنے شریک ہر دم
اور بڑی کتابون مین سے بدعت کے کہانے کے جائز ہونے کے فتوے اور عرس تیجا
تیجا چالیسوان ہلدی مہندی ناچ باجا بیاج شطرنج افیون بہنگ گانجہ نذر و نیاز بغیر اللہ
شیخ سدو شاہ داول کی نیت مراد کونڈی کندوری فال گنڈا وغیرہ کو ساج بنا کر کہانے
والے مین تماشے مین ہمارے ساتھ رہتے ہین اور وہ لوگ ہمکو برا ملکہ کافر و مشرک و بدعتی بولتے
ہین اور یہ ہمارے خوشامدی و طرفدار ہوکر حلوا زہر آمیز کہلاتے ہین کسی کام مین حرکت نہین کرتے
فضل الٰہی سے سُنیون کو سچے اور بدعتیون کو جہوٹے تو وے جاہل جان ہی لیتے ہین مگر کام
مین اپنے شریک رہنے سے اپنے طرفدارون کی طرف ہو جاتے ہین اور حق بولنے والون کو
فسادی دین کے بگاڑنے والے ٹہیر لیتے ہین ظاہر ہے کہ یہ فسادی بناوٹی مذہب لے اگر الیجی
ہوتے تو کافرون کی قدمبوسی نکرتے فقرا بے شرع اور سندہ درافضی و خارجی و خوجی وغیرہ جو
کہ صاف رسول کی شریعت اہانت کرتے ہین انسے ملے جلے نہ رہتے اُن سب سے تو شیر و شکر

ہین اور اُن سب کو اپنے حمایتی و وسیلے بناکر بدعت شگنون سے لڑتے ہین واہ رے دینداری
مینڈکی کی چٹ چہینکا مکروہ سراسر حماقت و جہالت و بے دینی و عداوت و خوشامد و طرفداری
و نفسانیت ہے اور افسوس ہے کہ مچہر کے کانٹے سے بچہو کی پناہ لیتے ہین ای صاحبو اگر تمہارے
نزدیک یہ لوگ بد مذہب ہی مقرر ہوئے تو خیر جیسا دوسرے بدمذہبون کی پشم کنی نہین کرسکتے
ہو اور دم داب چپ چاپ بیٹھے ہو ویسا ہی انسے بہی درگذر کرو جانے دو خدا کو سونپو اللہ
تعالے ان لوگون سے آپ ہی سمجھ لے گا اور لوگون سے تو گرم جوشیان کرتے ہو انپر
رد کہی پہیکی ہی مہربانی رکہو گے تو تمیں ہے مگر کیسا درگذر کروگے دوسرے بدمذہبون سے تو تمہاری خاطر
ہی ہم مشربی کا ناتا رکھتے ہین وے انکے مددگار یہ انکی طرفدار انکی چہٹی چلے ہین وے سو جو وہ
انکو دہرانے ہاتھ پہرانے ہین وہ حاضر انسے بگاڑ کر کیا اپنی روزی بند کرینگے دیندارونکی طرف ہونیسے
انکو کیا ملیگا اور وہی انکو کیون شریک کرینگے اور خدا نخواستہ تم انکی سنی مجلسون مین آکر کیا سنی ہوگے
یہ لوگ بیچارے حقیقت سب بدعتیون کی چال سے الگ رہتے ہین

یہ نہین قائل ورنگے بیباک کے | ایک کے ہین ایک کی ہین ایک کے | انکی ہر یک کام مین نیت بخیر
غیر سے ہین مانگتے اُسکے بغیر | رات دن رب سے کرین عجز و نیاز | غیر سے ظاہر کرین اپنا نہ راز
سنت نبوی پہ پروانے ہین وے | اہل بدعت سے تو بیگانے ہین وے | رات دن اُسّے کرین ہین التجا
گاہ ہین در خوف و گاہی در رجا | حسد و کبر و بغض سے ہین دور دور | خاکساری پر نہین ہے کچھ غرور
امر پر حق کے ہین دائم یکہ تاز | ہر مناہی سے کرین ہین احتراز | شرع پیغمبر صراط المستقیم
اسپہ رہتے ہین ہمیشہ مستقیم | شاہ راہ مصطفے کیا خوب ہے | راہ یہ موصل الی المطلوب ہے
عالم اسکے فیض سے ہے کامیاب | رحمة للعالمین ہے وہ جناب | ہادی گم گشتگان ہے مصطفے
اور شفیع مذنبین ہے مصطفے | مرسلونکا وہ نبی سرتاج ہے | جسکا ادنے مرتبہ معراج ہے
دین اُسکا ناسخ ادیان ہوا | نازل اسکے واسطے قرآن ہوا | سنیون کا دین ناسخ پر عمل
بدعتی کا رسم و بہوت پر عمل | سنی ہے اخلاق نبوی پر سدا | بدعتی نفسانی ہے اہل ہوا
سن تو اے اہل ہوا و بیوفا | کتنے دل توڑے ہین تونے سچ بتا | کسکے کسکے دل کو آزردہ کیا
اور کتنی سنتین ضائع کیا | کوئی بھی دل تونے ظالم خوش کیا | بلکہ پیغمبر کو تو ناخوش کیا

حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے پہلے کفار ناہنجار حضرت کے ثناخوان تہے جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسلام کی حکومت کرنے لگے تب کافرون نے دیکہا اس پیغمبر کی شریعت قبول کرنے سے اور اسکی دین مین آنے سے گہربار وطن چہٹتا ہے بیدین دوستون آشناون خویشون سے لڑنا پڑتا ہے اچہے کہانے اچہے لباس اور سب مزیکے کام اور باپ دادا کی رسمین چہوٹتی ہین بڑے لوگون سے رئیسون سے بگاڑنا پڑتا ہے سو نامردون کے ہمت نہ پڑی کیونکہ یہ لوگ توہے کے چنے نامردون سے چبائے نہین جاتے زن مرید دین کو بگاڑنے والے نذر بغیر اللہ اور بلاوے کے عاشق کیا دین پر چلین گے نجاست کی مکہیان پڑانے پر کیا جلین گی جو رسول اللہ کے جان نثار ہوتے ہین انکو محبت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی جورو بچون وطن جاگیر مان باپ دوست آشنا مال و زر عزت و جان سے بڑہ کر ہوتی ہے اونے سنت پر عمل کرنیکے شوق مین دنیا و مافیہا پر لات مارتے ہین اور یہ فریبی ملا نے اپنے ہم مذہبون کو رو بابازیون سے شب و روز بہکاتے ہین اور حقانی لوگون پر جان بوجہکر تہمتین باندہ کر انکو وہابی ٹہیرلتے ہین اور کہتے ہین کہ وہابی قرآن و حدیث کے معنے غلط کرتے ہین اور فقہ کو نہین مانتے رسول کی شفاعت اور ولیون کی کرامت کے منکر ہین سو اسکا سبب یہ ہے کہ سیلے دلون مین صاف عقیدے جمتے نہین رسوم جاہلیت کی محبت مین ایسے چکنا چور ہین کہ فنا فی الرسوم ہو گئے سچے دین کی باتین قبول کرنا بہت دشوار معلوم ہوتا ہے اگرچہ سب کچہ جانتے ہین مگر نفس غالب کی حکومت سے زیر ہین جب جاہلون کے الزام سے ڈرتے ہین تو دیندار قرآن و حدیث پیغمبر و صحابہ اجماع و فقہ و تابعین کے تابعدارون کو وہابی کہنے پر زور مارتے ہین تو اصل کافر ہین کہ بارہ سو بہتر برس کے سب محمدی مسلمانون کو گویا کہ اپنے نزدیک وہابی سمجہتے ہین کیونکہ وے بہی قرآن و حدیث و فقہ کے تابعدار تہے اور الوہی بناوٹی رسمون سے بیزار تہے اب یہ بے تمیزی انہین اندہون کو نصیب ہے کہ خدا و رسول و فقہا کو چہوڑ کر ہر کسی کو اپنا نبی و ولی و امام و مجتہد ٹہیرا کر اسکی پیروی کرنے لگتے ہین یہ سچے مسلمان اسی سے تو بدنام ہین کہ بجز قرآن و حدیث و ائمہ فقہا کے ہر کس و ناکس کے تابعدار نہین ہوتے غلام علی گنگار رام نہین کہ دین اور باپ دادون کی رسمون کو ملا دین یہ لوگ خاصے

تتمہ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احدث فی امرنا ہذا ما لیس فیہ فہو رد رواہ البخاری ومسلم روایت ہے عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص نئی بات نکالے ہمارے اس دین میں جو اس مین نہین ہے پس وہ مردود ہے روایت کیا اسکو بخاری و مسلم نے

حنیف ملت ابراہیمی پر مضبوط پکے سنی صحابہ و اہل بیت کے پیرو اور جان نثار ہین
اگر اسمین شک ہو تو امتحان کر دکہ دین کی حرارت اور سنت رسول کے رواج دینے کا
شوق اور پوری مسلمانی پر چلنے کا ذوق کنکو ہے اور عقائد کنکا درست ہے کام کے مسلمان وہابی
کہلانے والون کا یا نام کے مسلمان وہابی کہنے والون کا جنکو تم وہابی کہتے ہو اُنکا اعتقاد یہ ہے
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ یعنے معبود و مسجود و قادر و دانا و نفع و نقصان پہونچانے والا
مشکل کشا حاجت روا غیب دان روزی رسان مارنے جلانے والا سب پر غالب کوئی
نہین مگر فقط اللہ اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول صاحب معراج شفاعت کے لیے
مختار ہین اور ساری خلقت کے سردار سب کے پیشوا اور سب سے افضل و اعلے ہین اور جنکو یہ لوگ
بدعتی کہتے ہین اُنکے یہ اعتقاد ہین **ابیات** نظام الدین میرا ایمان و دین ہے ٭
وہ ایمان بلکہ رحمن بالیقین ہے ٭ پنجہ در پنجۂ خدا دارم ٭ ماچہ پروائی مصطفے دارم ٭ بمعہ
اور ست کے قائل ہین۔ الغرض یون قبرون کو سجدہ کرتے ہین شیخ سدو اور داول اور شاہ مدار
کو نفع نقصان پہونچانے والے غیب دان مشکل کشا حاجت روا جانتے ہین اور ان عقیدون
کو سنی بننے کی علامت و تصوف و اجماع اسلام سمجھتے ہین اور شرک فی التصرف و شرک فی العبادت
و شرک فی العلم کو مسلمانی سمجھتے ہین انمین سے ایک بات بھی ایمان کہونے کو بس ہے اور رسول
کی اطاعت کا یہ حال ہے کہ سنت کی نام سے تو چڑہ بلکہ اسکی ضد مین سیکڑون بدعتین کرتے ہین
کسی کا عقیدہ رافضی کا سا کسی کا خارجی کا کسی کا قدریہ کا کسی کا جبریہ کا کسی کا معتزلہ کا سا ہے
پہر خاصے سُنی کے سنی واہ رے ایمان اتنے باطل عقیدون سے اور صد ہا کفر کے کلمہ بکنے سے
ایمان کو ذرہ جنبش نہین ہوتی غرض قرآن اور حدیث اور شریعت اور خدا اور رسول اور قیامت
اور شفاعت اور اولیاؤن اور کرامت اور اماموں کے خود منکر ہو کر بیچارے غریب
مسلمانون پر ناحق تہمت لگاتے ہین عجب تماشا ہے کہ اوپر دیکھ کر چلین کتے کا سر کچلین اور کتے
ہی کو اندہا کہین **نقل** ہے کہ ایک عالم کسی گاؤن کی مسجد مین نماز کو گیا دیکھتا ہے کہ وہان
ہر نمازی کے سامنے ایک ایک چہری کہڑی کی ہوئی ہے اور اُنکے ساتھ ایک ایک چوہا
بندہا ہوا ہے چوہے چین چین کر رہے ہین نماز مین خلل انداز ہو رہے ہین اس

عالم نے حیران ہو کر اُنسے کہا کہ یہ کیا حرکت بیجا ہے سبھون نے جواب دیا کہ واہ صاحب رسول اللہ
کے حکم کو بیجا حرکت کہتے ہو اُس بیچارے نے دریای حیرت مین غوطہ کہا کر اُنسے کہا کہ کونسی
فقہ مین یہ بات ہے ذرا بیان تو کرو وے جاہل اپنے اجہل اُستاد کے سکہائی ہوئی باتین بکنے
لگے کہ فقہ تو ہم جانتے نہین مگر حدیث مین یہ مضمون ہے تب عالم نے کہا کہ تم عجب مسخرے ہو کہ دین
ہو کر فقہ کو حدیث کے خلاف جانتے ہو خیر حدیث ہی بتاؤ پھر وے جاہل سب اپنے معلم
الملکوت کے پاس دوڑے گئے اُس نیم ملا نے ایک کتاب حدیث کی لاکر یہ حدیث اس
عالم کو بتائی کہ عَلَیْکُمْ بِالسَّکِیْنَۃِ وَالْوَقَارِ یعنے تم پر لازم ہے کہ چین و آرام سے نماز
کیطرف جاؤ دوڑ کر مت جاؤ سو وہ خر بے سم و سگ بے دم اسکو یہ سمجھ بیٹھا تہا کہ عَلَیْکُمْ
بِالسِّکِّیْنِ وَالْفَارِ یعنے لازم کر لو چہری اور چوہے کو تب اس عالم نے کہا کہ ای کمبخت کیون
حدیث کی عبارت خراب کرتا ہے اور اسی علم کے بہروسے پر قاضی طل بوق بنکر فقہ کا منکر ہو کر
محدث بن بیٹھا ہے تو تو آپ بھی گمراہ ہوا اور تو نے ان نادانون کو بھی گمراہ کیا حق بات سننے سے
اور جاہلون مین آبرو جانے کے سبب سے وہ اجہل اور اسکے شاگرد جاہل سب کے سب ملکر اُس عالم
پر لوٹ پڑے اور اسکو حدیث کا منکر ٹہیرا کر وہانسے نکال دیا پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم فرما چکے ہین کہ
جب لوگ بے تمیز ہونگے عالم اور جاہل کو نہ پہچانینگے تو جاہلون کو اپنا سردار بناکر اُنسے مسئلے پوچھینگے
اور وے جاہل بغیر علم کے فتوے دینگے سو خود گمراہ ہونگے اور دوسرون کو بھی گمراہ کرینگے ای
یارو اسی مین خیر ہے کہ دین کے مسئلے دیندار بے طمع حقانی عالم سے پوچھکر عمل مین لاؤ
اور جو جماعت کہ حضرت و صحابہ و مجتہدین کے پیروی کرتے ہو اسی جماعت مین مل جانا
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی یہی نشانی ہے حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم
فرماتے ہین کہ علما امانت دار ہین رسولون کے جب تک کہ دنیا مین نگھسین اور بادشاہون سے
نملین پھر جب دنیا مین گھسین اور بادشاہون سے ملا کہین تو بچا کرو اُنسے کیونکہ وے دین کے
چور ہین سو اسوقت کے بعضے علما حضرت رسالت پناہ کی امانت داری چھوڑ کر اور اہل دولت
کی خاطر داری مین مشغول ہو کر عوام کے اسلئے تلاش کرتے ہین اور اُنکی خاطر اُن کے مطلب کے
موافق مسئلے بتاتے ہین تا کہ وے معتقد بنے رہین اور مردون زندون کے کہانے دانی

میوہ مٹھائی مالیدہ صدقے وغیرہ سے انکو یاد و شاد کیا کرین اسی واسطے جو کچھ کہ شرک و
بدعت و فسق و فجور عوام لوگون سے ہوتا ہے سبھی یہ حضرات روا رکھتے ہین اور اُنسے راضی
اور اُنکے شکر گذار رہتے ہین اور اُنکے افعال ناشایستہ کو الٹی سیدہی دلیلون سے جواز بتاتے
ہین ادنے بات یہ ہے کہ تمام ہند کے مولوی تارک الصلوۃ کو پکے مسلمان اور کہرے
با ایمان ٹہیراتے ہین اگر کوئی غریب مسلمان قرآن و حدیث و فقہ سے نمازیون کی فضیلت
اور بے نمازیون کی مذمت وعظ مین بیان کرے تو اُس واعظ کی فریاد بے نمازی اپنے
علما کے پاس لے جاتے ہین تب وہان سے ارشاد ہوتا ہے کہ اجی وہابی لوگ بے نماز
کو کافر کہتے ہین وہی تو قرآن و حدیث کے معنے غلط کرتے ہین نماز کا تارک کیسی کافر ہوگا
ہان گنہگار ہے اور تم بڑے بے حیا ہو کہ اُنکے وعظ بدل جا نکر کافر بکر آئے ہو سبحان اللہ عجب ہے
فرض نماز نہ پڑہنے والا مسلمان رہا اور نماز کی تاکید کرنے والا تو کیا بلکہ اُسکے وعظ سننے والا کافر
ہوا افسوس ہے کہ حقانی لوگ تو بیچارے ناواقفون کو نماز پر مستقل اور بپار رہنے کے واسطے آیت
اور حدیثین بیان کر کر اُنکو اپنی نماز پر مضبوط رہنے کے لیے سناتے ہین اور یہ شیاطین نام
کے علما کہ جنکے حق مین اللہ صاحب نے سورہ جمعہ مین فرمایا ہے مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ
ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا یعنے مثل انکی جنپر لادی توریت پہر نہ اُٹھائی اُنہون
نے جیسے مثال گدہے کی پیٹھ پر لے چلتا ہے کتابین اور سورہ مائدہ مین فرمایا وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ یعنے اور جو کوئی حکم نہ کرے اللہ کے اُتارے پر سو وہ
ہی لوگ ہین کافر جو لوگ کہ امرا و فقرا کے خوشامدی ہین حق کو باطل اور باطل کو حق بتلاتے
ہین خدا کے خوف سے ڈرتے نہین اتنا نہین سمجہتے کہ نماز پڑہنے اور شرک سے بچنے
کی تاکید مین قرآن شریف مین جابجا آیتین موجود ہین اور بے نماز کو خدا ہی تعالی
سورہ روم مین فرماتا ہے وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ
یعنے قائم رکہو نماز کو اور مشرکین سے مت بنجاؤ اور صحیح مسلم مین جابر سے رضی اللہ تعالی عنہ سے
روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ درمیان بندہ کے اور درمیان کفر کے
یعنے فرق چہوڑ دینا نماز کا ہے اور احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ مین بریدہ

رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو عہد درمیان ہمارے اور درمیان منافقون کے ہے نماز ہے پس جسنے چہوڑ دی پس وہ تحقیق کافر ہوا اور ترمذی مین عبد اللہ بن شقیق رضے اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ تہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نہین دیکہتے تہے کسی چیز کو اعمال مین سے چہوڑنا اسکا کفر سواے نماز کے اور احمد اور دارمی اور بیہقی نے شعب الایمان مین عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے روایت کی ہے کہ اُسنے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ انہون نے ذکر کیا نماز کا ایک دن پس فرمایا جو کوئی محافظت کرتا ہے نماز پر ہوگی واسطے اُسکے سبب نورانیت کا اور دلیل اور سبب مغفرت کا دن قیامت کے اور جو کوئی نہین محافظت کرتا اُسپر نہ ہوگا واسطے اُسکے نور اور نہ دلیل اور نہ بخشش اور عذاب کیا جائیگا وہ شخص دن قیامت کے ساتہ قارون اور فرعون اور ہامان اور ابی بن خلف کے یعنے جو کوئی کہ نماز کبہی ترک نہ کرے اور فرائض و واجبات اور سنتین اور مستحبات اُسکے ادا کرے ہوگا وہ شخص قیامت کو دن ساتہ نبیون اور صدیقون اور شہداؤن اور صالحین کے اور جو کوئی ترک کرے حشر اسکا ان بڑے بڑے کافرون مشہور کے ساتہ ہوگا کہ جنکا سخت کفر اللہ تعالے نے کلام مین بیان فرمایا ہے یعنے قارون اور فرعون اور ہامان جو کہ وزیر فرعون کا تہا اور ابی بن خلف مشرک تہا دشمن نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا کہ اسکو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جنگ اُحد مین اپنے دست مبارک سے قتل کیا تہا اور وہ اشقیا امت سے کہلاتا ہے اور اللہ کی ان سب پر پیشکار ہے پناہ دے اللہ اُن سب کافرون سے بے نماز بہی قیامت کے دن انہین سبکے ساتہ ہوگا اور ابن ماجہ مین ابی درداء سے روایت ہے کہا کہ وصیت کی مجہکو دوست میرے نے یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ نہ شریک کر تو ساتہ اللہ کے کسیکو اگرچہ ٹکڑے ٹکڑے کیا جاوے تو اور جلایا جاوے تو اور مت چہوڑ نماز فرض کو جان بوجہ کر پس جو کوئی ترک کرے اسکو جان بوجہکر پس تحقیق بری ہے اُس سے ذمہ اور نہ پی شراب پس تحقیق وہ کنجی ہے ہر برائی کی یعنے جو کوئی ترک کرے اسکو جان بوجہکر بری ہوا اُس سے ذمہ یعنے عہد اسلام کا اور خارج ہوا وہ شخص دائرہ اسلام سے اور معجم کبیر مین ہے کہ تارک نماز جولاف اسلام کی مارتے ہین

تتمہ

فاتبعوہ الآیۃ سورہ

رواہ احمد و النسائی والدارمی

[illegible]

سو کہاتے ہین ہمارا ذبیحہ اور نہین پڑہتے ہماری نماز سو کچہ اعتبار نہین اُنکا مُنہ پہیر نا ہمارے قبلہ کی طرف نماز کے نال سکے سوا اور حضرت عمر بن الخطاب اور ابن مسعود اور ابن عباس اور معاذ بن جبل اور جابر بن عبد اللہ اور ابو الدرداء رضوان اللہ تعالے علیہم اجمعین اور سوا ان صحابہ کے حضرت امام احمد بن حنبل اور ابو داؤد اور عبد اللہ بن المبارک اور امام نخعی اور حکم بن عیینہ اور ابو ایوب السختیانی اور سوا اسکے بہت سے تابعین رح اور تبع تابعین رح تارک الصلوۃ کو کافر کہتے ہین اور حضرت امام شافعی رح اور امام مالک رح اُسکو قتل کا حکم دیتے ہین اور امام اعظم رح اُسکو قید ہمیشہ کی لازم گنتے ہین یہانتک کہ توبہ کرے اب یہان اکثر بہیر زادے جیسکہ حقانی لوگون سے یہ حدیثین سنتے ہین تو فوراً کہہ بیٹہتے ہین کہ کیا امام اعظم رح کو اتنا علم نہ تہا جو کہ اُنہون نے بے نماز کو کافر نہ کہا جواب حضرت امام اعظم رح نے بالفرض اگر کافر نہین فرمایا تو نماز کا ترک کرنا بھی نہین فرمایا بلکہ اُنہون نے بے نماز کو ہمیشہ کی قید کا حکم دیا ہے یہانتک کہ توبہ کرے خیر تارک نماز اگر اتفاقی کافر نہین تو اختلافی کافر تو ہے اب دیکہو کہ باوجود اسقدر نماز کی تاکید کے قرآن و حدیث و فقہ سے ہوتے ہوئے اسکو سبک اور سہل جانکے چہوڑ دینا اور علماء جہول نے اُنکی خاطر سے اُنکو برا کہکر بے نماز کی مذمت کرنے والے کو وہابی و کافر کہنا سراسر حماقت و عداوت ہے

بدعتیون نے وہابی کی نشانیان ٹہرائی ہین

جو کرتے کا چاک سامنے رکہے ڈاڑہی نہ چڑہاوے پاجامہ ٹخنے کے اوپر رکہے بغیر ہلدی کہیکری شادی کرے تیجا دسوان چالیسوان چہ ماہی برسی کا دن مقرر نہ کرے ثواب پہنچانے کی نیت سے اللہ کہانا مسکینون کو کہلاوے تونگرون قاضیون مفتیون مصنفون امیرون مولویون سالہ دارون صبح بیدارون کو نہ کہلاوے یا کہانا کہلا کر نقد نہ دیوے یا کپڑے بانٹے یا کسی کا قرض ادا کر کر ثواب پہونچاوے عرس میلا گونڈا کندوری روٹ چونگ کہچڑا حلوا چپاتی سیویان نہ کرکر اُسکے عوض اور کچہ کہلاوے جہینی جلیبہ سون بسم اللہ مقرری دنون مین سالگرہ نہ کرے بچون کو چوٹی بدہی بڑی پیرون کے نام کی نہ ڈالے نفل نماز بیٹہ کر نہ پڑہے نماز کے بعد یعنی فاتحہ نہ پڑہے صلوۃ کو اول جمعہ کی سنتین یعنی کہانا پانی سامنے رکہہ کے فاتحہ نہ پڑہے جماعت سے وقت فرض کے فوت ہونیکے سبب اول کی سنت نہ پڑہ کر فرض ادا کرنیکے بعد پڑہے تراویح کی تسبیحین چلا کر نہ پڑہے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فقط گنہگارون کا شفیع سمجہکر کفار و مشرکون کا بھی

شفیع بنجانے بزرگون سے حاجات نہ طلب کرے بزرگون کی نذر نہ کرے اللہ صاحب کی نذر کرکے
ثواب بزرگون کو پہونچا دے اور انبیا اولیاء کو غیب دان مشکل کشا حاجت روا نفع وضرر پہونچانے
والے دور و نزدیک سے برابر سننے والے نہ جانے شیخ سدو شاہ دولہ وغیرہ کی نذر کا بکرا حرام کہے
اول وقت نماز پڑہے ساری سر کے بال کہے آداب بندگی کورنش تسلیم مجرا نہ کرے فقط السلام
علیکم کہے سالار بخش مدار بخش پیر بخش خواجہ بخش امام بخش ڈہونڈو گہرو نتہو کے نام بدلکر رکہے نکاح
کے بعد ولیمہ کرے تعزیہ علم شدے بغل ڈنال بیج ٹٹی بنانا فقیر ہونا تعزیون کے پاس قبرون کے
پاس کہچڑی شربت لیجانے اور پیر پرستی گور پرستی چلہ پرستی طاقچہ پرستی سے منع کرے شب برات
کا حلوا چپاتی رمضان کی سیویان محرم کے روٹ صفر کی گہنگیان گلگلے ربیع الاول کے کہیر
چپاتی رجب کے کونڈے پیر کی گیارہوین میت کی جنازے کے سرہانے دو روٹیان رکہنا قبر پر
پہولون کی چادر و غلاف ڈالنا قبرون پر چراغ جلانا طواف و سجدہ کرنا منتین ماننا سہاگن
کے جنازے پر لال کپڑا ڈالنا عرس کرنا منع کرے بیوہ کے نکاح ثانی کی تاکید کرے نشہ کی چیزین
نہ کہاوے بیوی گنجفہ چوسر شطرنج نہ کہیلے غرض جو شخص کہ سنت کے کام کرے اور بدعت سے دور
رہے وہ شخص ان خدا فراموشون کے نزدیک وہابی ٹہیرا اور جو ڈاڑہی منڈا دے یا چڑہا ہوے
پائجامہ ٹخنون کے نیچے لٹکاوے شادی مین حلوا جلوا سہرا دسوان بیسوان چہٹی چہٹی وغیرہ
واہیات کرتا رہے بلکہ سنت طریقہ اور اسلام کا رکن سمجہے تو ان نفسانیون کی عقیدے مین وہ
پکا اہل سنت و جماعت ہوا اور بڑی جماعت والا کیونکہ بہت سارے لوگ یہہ سب کام کرتے ہین
اگرچہ کفر و شرک و بدعت و گناہ ہین اچہا کام کرنے والے خدا و رسولؐ کے تابعدار تہوڑے ہین مگر
انکے مجتہدون کے فتوے سے یہہ لوگ چہوٹی جماعت والے ہین اور انکی جماعت سے خارج ماشاء
اللہ آفرین برین مسلمانی و ایمانداری مرحبا تو کیا بلکہ زوف برین حق پوشی و طرفداری خدا لعنت
کرے ایسے لوگون پر جنہون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کو اُلٹ پلٹ کر دیا افسوس ہے کہ ان نیا و فی اللہ
مذہب والون کو سنت پر عمل کرنے اور شرک و بدعت کی چہوڑنیکے واسطے اگر کوئی حقانی از روے
خیرخواہی کے انکو کہے تو بہت ہی برا مانتے ہین جیسے **نقل** ہے کہ ایک بیمار کے آس پاس کئی
حکیم جمع ہوکر اُس بیمار کے واسطے کڑوی کسیلی دوائین اسکے مفید مرض کہ جنسے اُس بیمار کو فائدہ پہونچے

تجویز کر رہے تھے وہ بیمار ان دواؤن کے نام سُن سنکر کڑوا ہوتا تہا اس اثنا مین کسی احمق نے کہا کہ اسکو
بادام کا حلوا کہلاؤ وہ بیمار اُس بات کے سنتے ہی کہنے لگا کہ ذرا اس حکیم کی بات تو سُنو دیکہو تو
اسنے اچھی دوا تجویز کی ہے سو اُس بیمار نے بادام کا حلوا اپنے واسطے پسند کیا اگرچہ اُسکے حق مین
مضر تہا سو ویسے ہی ان جاہل مشرک اور بدعتیون کو جہالت کی بیماری ہے نصیحت کی کڑوی دوا
سے کڑوے ہو جاتے ہین اور شرک و بدعت کی رسم کو جائز بتلانے والے کو میٹھا بادام کا حلوا سمجھکر انکو اپنا
خیر خواہ جانتے ہین **بیت** حق کو باطل مت کرو یارو خدا کے واسطے ✤ بغض و کینہ چھوڑ دو
یارو خدا کے واسطے ✤ بعضے احمق جو اپنے قیاس پر مسائل دینی مین اجتہاد کر رہے ہین سو کہتے ہین کہ
کسی مقدس کے روح کے نام سے کسی جانور کو مشہور کرنا جائز ہے جیسا کہ یہ گائی سید احمد کبیر کی
ہے یا مُرغا رجب سالار کا یا بکرا خواجہ احمد بسوی کا کیونکہ سعد رضہ صحابی نے کنوان کہدوا کے
اپنی والدہ مرحومہ کے نام سے مشہور فرمایا تہا **جواب** اس قیاس پر تم جو فلانے بزرگ کا
جانور کہا کرتے ہو سو اپنے موئی خویشون کے نام کے جانور کیون نہین کرتے کوئی تم مین کا یہ
نہین کہتا کہ امان کا بکرا باوا کی گائی دادی کا مرغا دادا کی مرغی دوسرا یہ کہ سعد بن عبادہ
خزرج کے قبیلے کے سردار تھے وہ دومۃ الجندل کی لڑائی کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمراہ گئے تھے
اُنکی والدہ عمرہ مسعود کی بیٹی قیس کے پوتے تھے جو مسلمان ہو کر حضرت کی بیعت سے مشرف ہوئی تہین سو
مدینہ منورہ مین یکایک گذرنے لگے حاضرون نے کہا کہ وصیت کیجو تب اُنہون نے کہا کہ کس چیز کی
وصیت کرون مال جو ہے سو سعد کا ہے بعد ایک مہینے کے سعد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتہ مدینہ
کو آئے حضرت نے اُس بی بی کی قبر پر جنازہ کی نماز پڑہی سعد نے اپنی ما کے انتقال کیوقت کا نہ
ہونے حضرت کی جناب مین عرض کی کہ یا رسول اللہ کیا میری خیرات اُسکو فائدہ دیتی ہے تو آپنے فرمایا
کہ ہان تب سعد نے کہا کہ فلانا باغ اُسکی جانب سے صدقہ ہے یعنے محتاج لوگ اُسکا میوہ کہایا
کرین کوئی اس باغ کو کبھی نہ بیچے نہ مالک بنے اور ایک روایت مین آیا ہے کہ سعد نے کہا کہ میری
مان موئی ہے اُسکے حق مین کون سی خیرات بہتر ہے آپنے فرمایا کہ پانی یہ حدیث مشکوۃ کے باب
فضل الصدقہ کے دوسرے فصل مین سعد بن عبادہ کی روایت سے ہے کہ تب سعد نے ایک کنوان کہدوایا اور کہا
کہ یہ کنوان سعد کی مان کے لیے ہے یعنے انکی نیابت سے کہدوایا انتہی ان روایتون سے غرض یہ ہے کہ اہل بدعت

جو مردون کے باب مین رسمین تراشا کرتے ہین اور قصہ کی سند غلطی سے لاتے ہین سو گنجایش رکھتے
اور اہل سنت کو تو اب پہونچانیکا ڈھب بھی معلوم ہوگیا اور یہ بھی دریافت ہوگیا کہ کسی روایت مین
حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سعد کو کنوان کہود کر اپنی والدہ کا کر کے شہرت دینے کو واسطے نہین فرمایا
نیم ملاؤن نے جو اس بہتان کو اختیار کیا ہے اسکا سبب شاید یہ ہے کہ ایک بڑے محدث کی فارسی
کتاب مین اس قصے مین کاتب کی غلطی سے گفت کی جگہ بگو لکھا گیا ہے سو نیم ملاّ ن دہوکہا کہا
ہنستے حضرت پر کر بیٹھے ہین سو اسحدیث سے تیجا دسوان بیسوان چالیسوان سہ ماہی ششماہی ماہی
برسی حاضری توشہ صحنک سال بسال کا عرس کہان سے نکلا اور یہ جو نیم ملا هٰذِهٖ لِاُمِّ سَعْدٍ سے
مردون کا کہانا کہانا جائز کہتے ہین اگر ام سعد کا کنوان کرکے فرض کرین تو بھی مردے کا کہانا کہملانے
اسپر قیاس نہین ہوسکتا ہان اگر کسی برتن مین پانی لیکے اسکو چہونا اور تبرک اور ام سعد کا روح
اسپر آتا مانکے اور اس پانی کو یہان بانٹنے سے وہان ام سعد کو چڑہتا ہے کرکے یا ام سعد کے کسی مراد
بر آنیکے واسطے پانی چڑہانے کی منت مانکے ام سعد کا پانی کہا جاتا تو مردے کا کہانا کہملانیکا قیاس
اسپر صحیح ہوتا تامل کیا چاہیے کہ هٰذِهٖ لِاُمِّ سَعْدٍ کی عبارت مین لام ملک کے معنے سے نہین ہوسکتا
بنانیکے معنی سے نہ ہبہ کو قبض و تصرف کے معنے نہ چہینی کی خصوصیت کے واسطے نہ منت چڑہانیکی خصوصیت کے واسطے
پہر جب منت نہین تو باقی رہی وہ خصوصیت کہ انکے ذمے جو نذر تہی اسکے ادا کے واسطے بہلا هٰذِهٖ
لام سعد کے قیاس پر کس صحابی نے عمل کرکے کسی کہانے یا کپڑے کو یا جہنڈی کو یا نقشے کو یا کسی پرندے
یا چوپائے کو اپنے سوے باپ دادا یا بہن یا بیٹا بیٹی کا کرکے ٹہیرایا اور شہرت دیا ہان مردے کی
جانب سے محض اللہ جل شانہ کی خوشی کے واسطے پیغمبر کے فرمودے کے موافق کچھ خیرات دینی مستحب ہے تا بہ اسکے
رسم و عادت ٹہیرلیکے ناموری اور لوگون کے بتانے اور سنانے کو واسطے عمل مین لانا بیشک شیطانی
کام ہے ام سعد کے قصہ کو اس سے کیا نسبت پہر نیم ملایان خطرہ ایمان جو اسحدیث سے دن تیو ہار مردون کا
کرنیکا اور منتون کے حرام کہانے کا فتوی لوگون کو دیتے ہین سو ان حدیثون کا مضمون انپر درست
آتا ہے اَجْرَأُكُمْ عَلَى الْفَتْوٰى اَجْرَأُكُمْ عَلَى النَّارِ یعنے تم مین کا جو بڑا ڈہیٹھ ہے فتوی پر سو بڑا
ڈہیٹھ ہے آگ پر اور اَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا یعنے فتوی دیو بے علم سو آپ گمراہ ہوئے
اور دوسرون کو گمراہ کیا پہر کسی صحابی اور تابعی اور کسی دوسرے عالم بلکہ جاہل نے بھی اس کنوئین کے

پانی کو تبرک نہین ٹھیرایا اور کسی طرح آداب اسکا بجا نہین لاے برخلاف بدعتیون کی جو پیر پیرون کے نام کے
کہانون کو تبرک سمجھتے ہین اُسکے آگے ہاتھ باندھ کر عود جلاکے پیچھے پیٹھ سر جھکاکے آداب بجا لاکر
کہاتے ہین پیران اور واحدون کو چڑھاتا تو بعینہ ہندون کے رسم سے اسی کو دیکھے اپنے بزرگون کے
ارواح کا پوجا کرتے ہین یہ شرک بدعتی شعار اُسکا نام ظاہر مین ایسا نام رکھے جا بے اوپر کو بہتلاتے
ہین سو کہتے ہین کہ یہ فاتحہ ہے تبرک ہے نیاز ہے نوشتہ ہو جھنگ ہے واللّٰہ اعلم بما یعملون
یعنے اللہ صاحب اچھا جانتا ہے جو بہرا ہے اُنکے دلون مین مسئلہ جو جانور کہ اللہ کے سوا اور کے
نام کا مشہور ہوا اُسکا کہانا حرام ہے جناب قدوة المفسرین زبدة المحدثین حضرت مولانا شاہ عبد العزیز
قدس سرہ العزیز نے لکھا ہے استفتا مین جو کہ زبدة النصائح فی مسائل الذبائح مین موجود
فرماتے ہین مدار حل وحرمت ذبیحہ بر قصد و نیت ذابح ست اگر بہ نیت تقرب الی اللہ یا بوی
اکل خود یا برای تجارت و دیگر امور مباحہ ذبح مے کند حلال است والا حرام گفت در تفسیر پوری
زیر قول تعالے وَمَآ اُھِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ گفتہ علما اگر بہ تحقیق مسلمانے ذبح کرد ذبیحہ را و
قصد کرد بذبح آن تقرب بسوے غیر خدا گردد آن مسلمان مرتد و ذبیحہ او ذبیحہ مرتد ست انتہی
ذبح کرد کسے براے آمدن امیر و مانند آن مثل یکے از بزرگان حرام مے شود آن ذبیحہ چراکہ
شہرت دادہ شد بآن غیر خدا اگرچہ ذکر کرد نام خدا را بر آن یعنے بسم اللہ گفت واگر ذبح
کرد براے مہمان حرام نشود زیرا کہ مہمانی سنت ابراہیم خلیل اللہ ست و بزرگی کردن مہمان
بزرگی کردن خدای تعالے ست و وجہ فرق درمیان ہر دو صورت آنست کہ اگر کسے پیش کرد
آن ذبیحہ را تا کہ بخورد از گوشت آن باشد ذبح براے خدا و نفعی براے مہمان یا براے ولیمہ یا
برای فائدہ تجارت واگر پیش نہ کرد آن ذبیحہ را تا بخورد بلکہ دفع کرد او را برای غیر خدا باشد یا براے
بزرگی غیر خدا پس حرام شود ویا کافر شود دو قول اند ہمچنین ست در بزازیہ و شرح وہبانیہ
گویم و در کتاب صیدیہ مذکور ست کہ بتحقیق آن ذبیحہ مکروہ میشود و کافر نمے شود فاعلش زیرا کہ بتحقیق
ما بد گمانی نمے کنیم بمسلمان کہ بتحقیق تقرب میکند آن مسلمان بسوی آدمی باین ذبح کردن باشد آن
در شرح وہبانیہ از ذخیرہ مذکور ست و نظم کرد او را پس گفت و فاعل آن ذبیح ہمہ فقہا گفتہ اند
کہ کافر ست و فضلی و اسماعیل کافر مے گویند و ہمچنین ست در مطلوب المومنین و اشباہ النظائر

و در حدیث ست نفرین کرد خدا کسے را که ذبح کرد برائے غیر خدا رواه احمد و نیز ملعون ست هر که ذبح
کرد برای غیر خدا رواه ابو داؤد و در غرائب ابی عبید و بستان فقیه و کنز العباد مذکورست که
به تحقیق جائز نیست ذبح کردن گاؤ و گوسفند نزد گورها برائے قول آنحضرت که لَا عَقْرَ فِي
الْاِسْلَامِ نیست عقر در اسلام یعنے ذبح نزد قبور و همچنین ست در کتاب سنن ابی داؤد و همچنین
جائز نیست ذبح کردن به عمارت نو و نزد یک خریدن سرای چه به تحقیق پیغمبر صلے الله علیه وسلم منع
فرموده اند از ذبیحه های جن برای اینکه به تحقیق او شان را بزرگی بکروند پس باطل کرد پیغمبر خدا او
منع فرمود از ان و همچنین ست در کتب شافعیه رحمهم چنانچه گفته است امام نووی در شرح صحیح مسلم
در تفسیر حدیثی که روایت کرده است آنرا از قول آنحضرت صلی الله علیه وسلم نفرین کرد خدا کسے را که نفرین
کرد پدر خود را و نفرین کرد خدا کسے را که ذبح کرد برای غیر خدا و اما ذبح کردن برای غیر خدا پس مراد بان
ذبح اینست که ذبح کرده شود بنام غیر خدا مانند کسے که ذبح کرد برای بت یا صلیب یا برای موسے
و عیسے و کعبه و مانند آن پس همه اینها حرام اند و حلال نشود این ذبیحه برابرست که باشند ذابح
مسلمان یا نصرانی یا یهود چنانچه تصریح کرده است بر و شافعی رحمه و اتفاق کرده اند بر آن اصحاب ما
پس اگر اراده کرد ذابح با وجود آن بزرگی مذبوح را برائے غیر خدا و عبادت را بغیر خدا باشد آن
کفر پس اگر باشد ذابح مسلمان پیش ازین ذبح کردن گردد بسبب ذبح مرتد و ذکر کرد شیخ ابراهیم
مروزی از اصحاب ما که چیزے که ذبح کرده شود نزد استقبال پادشاه برای تقرب بسوی او به تحقیق
فتوی دادند اهل بخارا به تحریم آن مذبوح چرا که او از جمله ما اهل لغیر الله ست و گفت رافعی جز این نیست که
ذبح میکنند این برای طلب خوشنودی وقت آمدن پادشاه پس آن ذبح کردن مانند ذبح عقیقه است
برای پیدائش مولود و مانند این کفایت نمیکند حرمت را والله اعلم پس اگر گفته شود که قوله تعالے وَمَا لَكُمْ اَنْ لَا
تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ یعنے
چیست مر شمارا که نمیخورید از گوشت چیزے که یاد کرده شد برے نام خدای تعالے و حالانکه تفصیل کرد خدای
تعالی برای شما آنچه حرام شده بر شما مگر آنچه لاچار شوید بسوی خوردن آن و همچنین قوله تعالے فَكُلُوْا مِمَّا
ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ یعنے پس بخورید از آنچه یاد کرده شد نام خدای تعالی بروے
اگر بقرآن ایمان آورده اید عام ست شامل چیزے را که قصد کرده شود با تقرب بسوی خدا و غیر او پس

